اِتنا کچھ تجربہ حاصِل کِیا۔ تمہیں مدرسے کی
پڑھائی اِس واسطے چھوڑ دینی نہیں چاہیئے۔
ساتھ ساتھ دونو حاصل کیئے جاؤ ✤

دونو لڑکے ۔ ہاں ۔ یہ بھی آپ نے سچ فرمایا۔
اگر ہم کو کِتابیں پڑھنی نہ آئینگی ۔ تو ہم
اعلٰے درجے کی ترقی کیونکر کر سکینگے ✤

خُلاصہ

اکثر دفعہ فصل اُٹھانے سے زمین کم زور
ہو جاتی ہے ۔ اور پودوں کی خُوراک خرچ ہو
جاتی ہے۔ اِس کا عِلاج یہی ہے ۔ کہ کھاد
ڈالا کریں ✤

بن کر نِکل جاتا ہے۔ پس یہ سب چیزیں
چُونکہ پیداوار سے ہی بنتی ہیں۔ اِسی سبب
سے فضل کے پیدا کرنے میں کارآمد اور
مددگار ہیں۔ عِلمِ زراعت ایک بہُت بڑا
عِلم ہے۔ مَیں نے تمہیں اِن تھوڑے سے
سبقوں میں اِس عِلم کے صِرف چند موٹے
موٹے اُصُول یا گُر بتائے ہیں۔ اب اگر مَیں
تمہارا شوق برابر بڑھتا ہُؤا دیکھوں گا۔
تو کِسی دِن باقی اُصُول بھی بتا دُوں گا۔ دونو
بیٹوں نے باپ کا دِل سے شُکریہ ادا کیا
اور کہا۔ کہ ہمارا جی تو یہ چاہتا ہے۔ کہ
سب کُچھ چھوڑ چھاڑ کر زراعت ہی کا کام
سیکھیں۔ اور اِسی کے عِلم کو حاصِل کریں۔
کہ اِس سے زیادہ فائدہ مند اور کونسا کام
ہوگا؟

باپ - یہ سب کُچھ سچ ہے۔ لیکن ہر کام کے
لئے عِلم کی بڑی ضرورت ہے۔ جب مُجھے
عِلم تھا۔ تو مَیں نے وِلایت تک سے اِس
مطلب کی کِتابیں منگا کر پڑھیں اور

کو ہم کھاد کہتے ہیں - اور یہی کھاد پودوں کی خوراک ہے - پودے اسے بڑی رغبت سے کھاتے ہیں - اگر ہم زمین میں برابر کھاد ڈالتے رہینگے - تو زمین اپنی اصلی حالت پر قائم رہیگی +

بڑا بیٹا - آپ کو کیونکر معلوم ہوا - کہ یہ پودوں کی خوراک ہے - اور پودے اسے بڑی رغبت سے کھاتے ہیں +

باپ - ہم بہت سی باتیں تجربے سے معلوم کرتے ہیں - یہ بات بھی تجربے ہی سے معلوم ہوئی ہے - تم خود بھی کبھی تجربہ کرکے دیکھ لینا - کہ جب زمین میں اچھی طرح کھاد ڈالتے ہیں - تو فصل عمدہ اُٹھتی ہے - اور جب اس میں کھاد نہیں ڈالتے - تو فصل بھی اچھی نہیں اُٹھتی - عقل سے بھی یہ بات ثابت ہے - کیونکہ پیداوار اکثر ہمارے اور جانوروں کے کھانے کے کام آتی ہے - اور اسی کے کھانے سے ہمارا گوشت - پوست - ہڈی بنتی ہے - اور اس کا فضلہ - گوبر یا پاخانہ

میں سے پودوں کی کچھ خوراک نکال لیتے ہیں - اگر زیادہ فصل اُٹھائینگے - تو زمین میں سے زیادہ خوراک نکل جائیگی - اگر کم فصل اُٹھائینگے - تو کم خوراک خرچ ہوگی - اس لئے ہمیں مناسب ہے - کہ کسی نہ کسی طرح زمین میں باہر سے پودوں کی خوراک برابر پہنچاتے رہیں - ورنہ زمین کچھ عرصے کے بعد خوراک سے خالی ہو جائیگی - اور فصل اچھی نہیں اُٹھیگی ؞

چھوٹا بیٹا - اِتنا تو مجھے بھی معلوم تھا - میرا سوال تو یہ ہے - کہ وہ کون سی خوراک ہے - جو ہم باہر سے پودوں کو پہنچا سکتے ہیں - تاکہ زمین میں خوراک کا ذخیرہ جمع رہے ؟

بڑا بیٹا - اِس سوال کا جواب میں نہیں دے سکتا - ابّا جان ہی دے سکتے ہیں ؞

باپ - میں پہلے ہی جانتا تھا - کہ تم اِس کا جواب نہیں دے سکوگے - تم نے مجھے اکثر دفعہ مٹّی میں میلا - گوبر - کوڑا کرکٹ اور ہڈیوں کا چورا ملاتے ہوئے دیکھا ہوگا - اِسی

فصل نہیں اُٹھا سکینگے - کیونکہ زمین کا وُہ جُزو جو تیار خواہ ناتیار خوراک کی شکل میں تھا - اور جسے ہم ہل چلا کر تیار کر سکتے تھے - وُہ بہت کچھ خرچ ہو چکا ہے - اور اب زمین میں فصل کے لئے کافی خوراک نہیں رہی +

چھوٹا بیٹا - یہ تو صاف ظاہر ہے - کہ زمین میں کتنی ہی خوراک موجود کیوں نہ ہو - آخر کو خرچ ہو جائیگی - تو پھر اب کیا کرنا چاہئے - کہ جس سے زمین کی حالت جوں کی توں بنی رہے - اور فصل ہمیشہ اچھی اُٹھے ؟

بڑا بیٹا - اِس کے جواب دینے کی مَیں کوشش کرتا ہُوں - اگر ہمارے پاس کچھ روپیہ ہو - اور ہم اُس میں سے ہمیشہ خرچ کرتے رہیں - تو ظاہر ہے - کہ وُہ کچھ عرصے کے بعد ضرور ختم ہو جائیگا - اِس کا صاف علاج تو یہ ہے - کہ اُس میں کچھ نہ کچھ روپیہ ڈالتے بھی رہیں - تاکہ ہمارا خزانہ بالکل خالی نہ ہونے پائے - ہم فصل کے ساتھ زمین

کو برابر برابر فاصلے پر قطاروں میں ڈالنا چاہئیے۔ کیونکہ اِس سے فصل کے ہر ایک پودے کو کافی غذا مل سکتی ہے ✦

تیرھواں سبق

باپ۔ اب میں تمہیں زراعت کے بڑے بڑے اُصول تو بتا چکا ہوں۔ صرف ایک بات بتانی رہ گئی ہے۔ جو یقین ہے۔ کہ تمہاری سمجھ میں جلدی سے آ جائیگی۔ میں تم سے کہہ چکا ہوں۔ کہ سب کی سب مٹی پودوں کی غذا نہیں بن سکتی۔ صرف اُس کا ایک ہی جُزو غذا بننے کے قابل ہے۔ اور دُوسرا جُزو کبھی پودوں کی غذا نہیں بن سکتا۔ پس اگر ہم ہمیشہ آئے سال اپنی زمین پر سے فصل اُٹھاتے رہینگے۔ تو ظاہر ہے۔ کہ کچھ عرصے کے بعد زمین کی کُل غذا خرچ ہو جائیگی۔ پھر ہم کتنا ہی کیوں نہ جوتیں اور کیسا ہی ہل کیوں نہ چلائیں۔ اچھی

کے جھنڈ اُگے ہوئے ہوتے ہیں - اور ہوا اُن پیڑوں میں سے اچھی طرح نہیں گذر سکتی۔ اس سبب سے ہوا میں سے بھی پوری غذا ملنی مشکل ہے -اس طرح بونے سے ایک تو بیج زیادہ خرچ ہوتا ہے - دوسرے پیداوار عمدہ نہیں ہوتی - اگرچہ قطار وار برابر فاصلے پر زمین میں بیج ڈالنے سے محنت تو زیادہ کرنی پڑتی ہے - مگر اس کے ساتھ ہی بیج بھی کم خرچ ہوتا ہے -اور ہر ایک پودے کو پوری پوری خوراک مل سکتی ہے۔ ہمارے اکثر زمیندار ابھی تک ان باتوں کو اچھی طرح نہیں سمجھتے -مَیں نے اوّل اوّل یہ طریقہ انگریزی کتابوں میں دیکھا تھا - لیکن جب سے اپنی زمین پر آزمایا۔ تو نہایت مفید پایا ٭

خلاصہ

بیج کے دانے موٹے موٹے ہونے چاہئیں۔ اور گھن کھائے یا کیڑا کھائے نہ ہوں۔ دانوں

ڈالتے ہیں - ہماری زمین میں ایک دانہ بھی خراب نہیں ڈالا جاتا - اس کے سوا ایک اور بات بھی ہے - جس کی وجہ سے ہماری فصلیں عمدہ اُٹھتی ہیں - اور وہ یہ ہے - کہ ہم دانوں کو برابر برابر فاصلے پر قطاروں میں بوتے ہیں - اور اور زمیندار مٹھی میں بیج لے کر بکھیر دیتے ہیں - جس کے سبب سے کہیں تو بیج دُور دُور ہو جاتے ہیں - اور کہیں پاس پاس ◆

چھوٹا بیٹا - پھر تو اس میں نقصان ہی کیا ہے ؟

باپ - نقصان یہ ہے - کہ جہاں بیج بہت پاس پاس پڑتا ہے - وہاں پودوں کے جھنڈ کے جھنڈ نکل آتے ہیں - ان سب کو اُسی تھوڑی سی جگہ سے غذا لینی پڑتی ہے - اس سبب سے کسی کو بھی زمین میں سے پیٹ بھر کر خوراک نہیں پہنچ سکتی - ہاں نری ہوا میں سے سب کو کچھ نہ کچھ خوراک مل سکتی ہے - مگر پودوں کے جھنڈ

گیہوں کو اب کی دفعہ بوؤنگا - اَور تم بھی دیکھوگے - کہ کیسی عُمدہ فصل ہوتی ہے +

بڑا بیٹا - یہ بات تو مَیں نے آپ ہی ہی دیکھی ہے - کیونکہ خُوشحال سِنگھ کو اکثر دفعہ مَیں نے دیکھا ہے - کہ وُہ جب بونے کا مَوسم سر پر آتا ہے - تو ٹھیک وقت پر بنئے سے گیہوں - خواہ مکئی - خواہ چنے جو کچھ بوتا ہے - خرید لاتا ہے - اَور جوں کا توں اپنے کھیت میں بکھیر دیتا ہے +

باپ - جب ہی تو اُس کی فصل عُمدہ نہیں اُٹھتی - جیسی کہ ہماری فصل اُٹھتی ہے +

بڑا بیٹا - اوہو! مَیں تو یہ سمجھے ہُوئے تھا - کہ ہماری زمین اچھّی ہے +

باپ - نہیں - ہماری زمین تو خُوشحال سِنگھ کی زمین سے اچھّی نہیں - مگر یہ بات ضرور ہے - کہ ہم زمین پر دو چار دفعہ بارش سے پہلے ہل چلاتے ہَیں - اَور دو ایک دفعہ بیج بونے سے پیشتر جوت لیتے ہَیں - اَور اِس کے سوا ہم بیج بھی عُمدہ سے عُمدہ

بھی اچھے پیدا نہ ہونگے +

بڑا بیٹا- ابّا جان! اچھے بیج سے کیا مُراد ہے؟

باپ- اچھّا بیج وُہ ہے- جس کے دانے بڑے بڑے ہوں- اور گھُن لگا یا کیڑ کھایا نہ ہو- اگر بیج پُرانا یا گلا ہُوا ہوگا- یا اُس میں کسی قسم کا کیڑا لگا ہُوا ہوگا- تو پَودے بھی عُمدہ پیدا نہ ہونگے +

یہ کہاوت کچھ جھُوٹی نہیں- کہ جیسا بوؤگے- ویسا کاٹوگے- یعنی اگر اچھّا بیج ڈالا جائیگا- تو اُس سے پَودے بھی اچھے اور بڑے بڑے پیدا ہونگے- اور اگر گلا سڑا یا پُرانا گھُن کھایا بیج بویا جائیگا- تو اُس میں سے پَودے بھی ویسے ہی خراب نکلینگے +

چھوٹا بیٹا- ہاں- شاید آپ نے چند روز ہُوئے- گیہوں اِسی سبب سے چھان پھٹک کر عُمدہ اور بڑے بڑے دانے علٰحدہ کر لئے تھے- سچ مچ وُہ بونے ہی کے واسطے رکھ چھوڑے ہیں +

باپ- شاباش خُوب سمجھے- بے شک میں اُن

پر ہل چلانے اور بار بار جوتنے سے غافل نہ رہینگے ✦

خُلاصہ

اُوپر کی کہانی سے اچھی طرح معلوم ہو گیا۔ کہ بار بار ہل چلانے سے کتنے فائدے ہیں۔ فصل کا بڑا مدار ہل پر ہی ہے ✦

بارھواں سبق

باپ۔ اس سے پہلے کے دونو سبقوں میں میں نے تمہیں زمین میں ہل جوتنے اور نلائی کرنے کے فائدے بتائے ہیں۔ مگر یہ یاد رکھو۔ کتنا ہی عمدہ جوتیں اور کیسا ہی بار بار نلائیں۔ کتنا ہی بلائیں[1] یا سینچیں۔ اگر اُس میں ایک[2] یہ کسر رہ جائے۔ کہ بیج اچھا نہ ڈالیں۔ تو ظاہر ہے۔ کہ پودے

[1] بلانا پانی دینے کو کہتے ہیں ✦

[2] یعنی سارے کام کریں اور ایک یہ کام نہ کریں ✦

بیٹے مالا مال ہو گئے - اور سمجھ لیا - کہ ہمارے
باپ نے جھوٹی اُمید دِلا کر بھٹکایا نہیں -
بلکہ ہمیشہ کے واسطے خزانہ ہاتھ لگنے کا
رستہ بتا دیا ہے - وُہ جانتا تھا - کہ ہم سب
کے سب کام چور اور سُست ہیں - کبھی
ہل جوتنے اور زمین کھودنے کی محنت گوارا
نہ کرینگے - اور اِس سُستی کے سبب بھُوکے
مرنے لگینگے - اِس لئے خزانے کے بہانے
ہمیں اِس کام پر لگایا - اور اچھّی فصل جو
خُود خزانے کے برابر ہے - اُٹھانے کا رستہ
بتا دِیا - اور ایسا ہی ہُوا - کہ ہم سب
مالا مال ہو گئے - فصل سے گھر بار سب کچھ
بھر گیا - پھر تو سب بیٹوں نے سُستی چھوڑ کر
اپنے کھیت کو خُوب ہل جوت کر پیداوار کا
خزانہ بنا دیا ؛

جواہر سنگھ اور لال سنگھ نے یہ کہانی
سُن کر اپنے بزرگ باپ کا نہایت ہی شکریہ
ادا کیا - اور اپنے دِل میں ٹھان لی - کہ جب
ہم زمیندار ہونگے - تو ہم کبھی مُناسب وقت

خزانہ دبا رکھا ہے۔ مگر میں تمہیں اُس کا
پتہ نہیں بتا سکتا۔ میرے بعد تُم خُود ہی
زمین کھود کر ڈھونڈ نکالنا۔ اُس کے لڑکوں
نے ہرچند کہا۔ کہ آپ ہمیں اُس کا پتہ اور
مقام بتا دیں۔ لیکن اُس دانا باپ نے ایک
نہ مانی۔ اور دُنیا سے رُخصت ہو گیا۔ اب
ناچار سب کے سب بیٹے خزانے کی تلاش
میں کھیت کی زمین کو کھودنے لگے۔ لالچ
بُری بلا ہے۔ تھوڑے ہی عرصے میں ساری
زمین کھود کھاد ڈالی۔ مگر خزانے کا کہیں بھی
پتہ نہ مِلا۔ اِتنے میں ایک آدھ بارش بھی
ہو گئی۔ اور فصل بونے کا وقت آ گیا۔
لڑکوں نے سمجھا۔ کہ شاید باپ نے ہمیں
جھوٹی اُمید دِلا کر بہکایا ہے۔ کیونکہ زمین
میں تو خزانہ کچھ بھی نہیں ہے۔ لاچار اپنی
زمین میں اِس موسم کی فصل بو دی۔ چونکہ
زمین خزانے کی تلاش میں بہت اچھی طرح
کھودی اور گوڈی گئی تھی۔ اِس لئے فصل
نہایت ہی عُمدہ اُٹھی۔ ایک دفعہ ہی سب

ہل چلانے سے زمین ایسی دُرست ہو جاتی ہے۔ کہ میں تمہیں دوبارہ پھر تاکید کرتا ہوں۔ کہ اگر تم عُمدہ زمیندار بننا چاہتے ہو۔ تو ہل چلانے کے فائدوں کو ہرگز نہ بھولنا۔ اپنی زمین میں جس قدر زیادہ ہل چلاؤ گے۔ اُسی قدر تمہاری زمین میں فصل کے لئے زیادہ خوراک تیار ہو کر فصل عُمدہ اور اچھی اُٹھیگی۔ آج میں تمہیں اور کچھ نہیں بتاتا۔ ہل چلانے کے فائدوں کی نسبت ایک کہانی سُنا دیتا ہوں۔ جس سے تمہیں معلوم ہو جائیگا۔ کہ ہل چلانا کھیت کے واسطے کیسا مُفید کام خیال کیا جاتا ہے ‌+

موضع داناپور میں ایک پُرانا تجربہ کار زمیندار رہا کرتا تھا۔ اُس کے تین چار بیٹے تھے۔ مگر سب کے سب سُست اور کام چور۔ جب باپ بُڈھا ہُوا۔ اور مرنے کا وقت قریب آیا۔ تو سب بیٹوں کو بُلا کر کہا۔ کہ مَیں نے کھیت میں بڑا بھاری

کہ تم نے کھیتی باڑی کے بڑے بڑے اصول یعنی ہل چلانے کے فائدے اچھی طرح سمجھ لئے۔ یاد رکھو۔کہ گھاس پات صرف ہل چلاتے وقت ہی نہیں اکھیڑتے۔ بلکہ فصل کے اُگ آنے کے بعد بھی جب موقع ملتا ہے۔ اور کھیت میں کسی قسم کی گھاس اُٹھ کھڑی ہوتی ہے۔ تو اُسے فوراً اکھاڑ ڈالتے ہیں۔ کیوں؟ اِس لئے کہ میں تمہیں پہلے بھی بتا چکا ہوں۔کہ یہ گھاس ہمارے اصلی پودوں کے ساتھ خوراک میں شریک ہو جائیگی۔ اور اِس سے ہمارے پودے بھوکے مرنے لگینگے۔ زمیندار اِس کے فائدے سے بخوبی واقف ہوتے ہیں۔ گو وُہ یہ نہیں جانتے۔کہ یہ گھاس پات اصل فصل کو کیونکر نقصان پہنچاتی ہے؟ اِسی کو نلائی کرنا اور پنجابی میں گوڈی کرنا کہتے ہیں۔ زمیندار کے لئے ہل چلانے کا عمل نہایت مُفید ہے۔ اور اِس سے کھیتی باڑی مُناسب وقت پر ہوتی ہے۔ اور بار بار

پانی میں جلدی گھل جاتی ہے +
دوسرا فائدہ۔ نیچے کی مٹی اُوپر آ جاتی ہے۔ اور مینہ کے پانی پڑنے اور ہوا لگنے سے بھربھری اور باریک ہو جاتی ہے +
تیسرا فائدہ۔ زمین پولی ہو جاتی ہے۔ اور اس سے مینہ کا پانی زمین کے اندر بیٹھ جاتا ہے۔ اور پودوں کی خوراک کے کام آتا ہے +
چوتھا فائدہ۔ زمین پولی ہونے کے سبب اُس میں جڑیں آسانی سے پھیل سکتی ہیں۔ اور پودوں کے واسطے خوراک آسانی سے تلاش کر سکتی ہیں +
پانچواں فائدہ۔ جب زمین میں ہل چلاتے ہیں۔ تو جو کچھ گھاس پات اُگا ہُؤا ہوتا ہے۔ وہ سب کا سب جڑ سے اُکھڑ آتا ہے۔ اور اس باعث سے وہ خوراک جو زمین میں موجود ہوتی ہے۔ اصل فصل کے پودوں ہی کے کام آتی ہے +
باپ۔ مجھے اس بات سے بڑی خوشی ہوئی۔

خُلاصہ

ہل چلانے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے - کہ گھاس پات جو کھیت میں اُگ آتی ہے - اُکھڑ جاتی ہے - کیونکہ اگر گھاس فصل کے ساتھ اُگتی رہیگی - تو اُس کی خوراک کا کچھ حصّہ چھین لیگی اور فصل اچھّی نہ اُٹھیگی +

گیارھواں سبق

باپ - مَیں نے جو تمھیں ہل چلانے کے پانچ بڑے بڑے فائدے بتائے ہیں - اُنھیں خوب یاد رکھّو +

چھوٹا بیٹا - مجھے تو اچھّی طرح یاد ہیں - آپ فرمائیں - تو بتا دوں +

باپ - اچھا بتا تو سہی +

چھوٹا بیٹا - لیجئے - گِنتے جائیے +

پہلا فائدہ - ہل چلانے سے زمین کی مٹّی اُوپر تلے ہو جاتی ہے - اور اِس سے غذا

ہاں چار آدمیوں کا کھانا پکا ہُوا تیار ہو۔ اور دو مہمان آ جائیں۔ تو ظاہر ہے۔ کہ اگرچہ وُہ اپنے ہاتھوں سے کھائینگے۔ مگر ہمیں تو پہلے سے کم کھانے کو ملیگا۔ زمین میں پودوں کے واسطے جو کچھ کھانا موجود ہے۔ اگر پودوں کے ساتھ ساتھ کچھ گھاس بھی اُگتی رہے۔ تو وُہ بھی اُسی خوراک میں سے حصّہ لیگی۔ اور اسی سبب سے فصل کے واسطے خوراک کا ذخیرہ کم رہ جائیگا +

چھوٹا بیٹا۔ اب میں سمجھ گیا +

بڑا بیٹا۔ ابّا جان! جب فصل بڑی ہو جاتی ہے۔ اور کچھ کچھ گھاس بھی اُگ آتی ہے۔ تو میں نے دیکھا ہے۔ کہ زمینڈار کھیت میں جا کر اُس گھاس کو جڑ سے اُکھاڑ ڈالتے ہیں۔ شاید اُس کی وجہ بھی یہی ہے۔ کہ خودرَو گھاس اصل فصل سے خوراک نہ چھین لے +

باپ۔ہاں۔ یہی سبب تو ہے +

باپ۔ پس تو پھر وُہ خُوراک کہاں سے لیتی ہے؟

چھوٹا بیٹا۔ کچھ تو زمین سے اور کچھ ہوا سے ۔

باپ۔ اچھا تو اگر گھاس زمین میں اُگتی رہتی۔ اور پھر اُسی زمین میں بیج بھی ڈال دیتے۔ تو ہماری فصل اور گھاس دونو کھیت میں اُگتے رہتے ۔ اور دونو کے اُگنے کے لئے خُوراک ضروری ہے ۔ اِس لئے زمین کی خُوراک کا ایک حصّہ گھاس کے بڑھانے میں خرچ ہو جاتا ۔ اور ہماری فصل کے اُگنے کے واسطے خُوراک کم رہ جاتی ۔ جس سے وُہ اچھی طرح نہ اُگ سکتی ۔

چھوٹا بیٹا۔ کیا ابّا جان! جس طرح ہماری فصل کے پَودے اپنی جڑوں کے وسیلے سے غذا کھینچ لیتے ہیں ۔ اُسی طرح گھاس بھی اپنی خُوراک زمین میں سے اپنی جڑوں کے ذریعے سے تلاش نہیں کر لیگی؟

بڑا بیٹا۔ یہ تو ایک آسان بات ہے۔ اگر ہمارے

تلاش کرکے لا سکتی ہیں - اور ہل جوت کر زمین پولی نہ کر لیا کرتے - تو مٹی میں جڑیں نہ پھیل سکتیں - اور پودوں کے واسطے کافی خوراک حاصل نہ کر سکتیں ؀

چھوٹا بیٹا - ابّا! یہ بے شک بڑا فائدہ ہے - اگر زمین پولی نہ کی جاتی - تو پودے خوراک کے نہ ملنے سے سوکھ کر مر جاتے ؀

باپ - ہاں - بے شک - ہل چلانے سے بہت فائدے نکل سکتے ہیں - اور اور فائدے تو شاید تم ابھی نہ سمجھوگے - مگر ایک خاص فائدہ جو ہل چلانے سے ہوتا ہے - وہ یہ ہے - کہ جو گھاس پات زمین میں اُگ آتا ہے - وہ اُکھڑ جاتا ہے ؀

چھوٹا بیٹا - اچھا تو اس سے کیا فائدہ ہُوا؟ میں تو نہیں سمجھا ؀

باپ - جب گھاس اُگتی ہے - تو اُس کے واسطے بھی تو خوراک کی ضرورت پڑتی ہے ؀

چھوٹا بیٹا - جی ہاں - خوراک کے بغیر وہ کیونکر اُگ سکیگی؟

بھی کرتا ۔

باپ۔ شاباش شاباش۔ اب باقی فائدے جواہر سنگھ تم بتاؤ ۔

بڑا بیٹا۔ جب ہل چلاتے ہیں۔ تو اُوپر کی مٹی نیچے دب جاتی ہے۔ اَور نیچے کی کسی قدر اُوپر آ جاتی ہے۔ جب اِس مٹی کو ہوا لگتی ہے۔ اَور اُس پر مینہ کا پانی پڑتا ہے۔ تو وُہ آہستہ آہستہ بھُربھُری اَور نرم ہو کر باریک ہو جاتی ہے۔ اِسی طرح ہر ایک پَودے کے واسطے مٹی کے اندر خوراک کا ذخیرہ جمع ہو جاتا ہے ۔

باپ۔ ہاں ٹھیک ہے۔ بلکہ پولی مٹی کے اندر بھی مینہ کا پانی اَور ہوا جا کر اُسے بھُربھُرا کر دیتے ہیں۔ اَور اِسی طرح پَودوں کی خوراک کا ایک حصہ تیار ہو جاتا ہے۔ اِس کے علاوہ ہل جوتنے سے ایک بڑا فائدہ یہ ہے۔ کہ نرم اَور پولی زمین میں پَودوں کی جڑیں آسانی سے اِدھر اُدھر پھَیل سکتی ہیں۔ اَور پَودوں کے لئے بہت سی خوراک

کی خوراک کا کام دے سکے ✦

دسواں سبق

باپ۔ تھوڑے ہی دن ہوئے ہیں۔کہ میں تمہیں ہل چلانے کی غرض اور اُس کے فائدے بتا چکا ہوں۔اب اگر تم وہ سب کے سب میرے سامنے دُہرا دو۔ تو میں تمہیں ہل چلانے کے کچھ اور بھی فائدے بتاؤں۔ لال سنگھ پہلے تم ایک دو فائدے بتاؤ ✦

چھوٹا بیٹا۔ ہل چلانے سے پہلے تو مٹی باریک سی ہو جاتی ہے۔ اور پھر جب اُس پر پانی پڑتا ہے۔ تو پودوں کے لائق خوراک جو مٹی میں موجود رہتی ہے۔ پانی میں جلدی سے گھل جاتی ہے۔ دوسرے یہ۔کہ مینہ کا پانی پولی مٹی میں جلدی چلا جاتا ہے۔ اور وہیں جمع رہتا ہے۔ اور آخر فصل کے کام آتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا۔ تو بہت پانی بہ جایا کرتا اور رَو بن کر شاید کچھ نقصان

مٹی تھی ہی نہیں۔صرف پتھر ہی پتھر تھے۔جوں جوں پتھروں کو ہوا لگی۔ اور اُن پر مینہ کا پانی پڑتا گیا۔ اُسی قدر بھربھرے ہو کر مٹی بنتے گئے۔اِسی طرح جب ہم ہل چلاتے ہیں۔تو بنجر کی مٹی کے بڑے بڑے ڈھیلے اور روڑے اُوپر آجاتے ہیں۔ اور جب اُن کو ہوا لگتی ہے۔ اور اُن پر مینہ کا پانی پڑتا رہتا ہے۔ تو وُہ بھی بھربھرے باریک ہو جاتے ہیں۔اور اِس طرح زمین میں پودوں کی تیار خوراک کا ذخیرہ جمع ہو جاتا ہے۔ہل چلانے کے اور بھی بہت سے فائدے ہیں۔ مگر اب دیر ہو گئی ہے۔پھر کسی وقت باقی فائدے بتا دینگے۔

خُلاصہ

زمیندار کو چاہئے۔کہ بیج بونے سے پہلے کھیت میں کئی بار ہل چلائے۔ تاکہ زمین نرم اور بھربھری ہو جائے۔اور باریک ہو کر پودوں

کے واسطے کوئیں کے پانی سے زیادہ مُفید ہوتا ہے۔ اِس کے سِوا ہل چلانے سے ایک اَور طرح بھی خوراک تیار ہو سکتی ہے۔ تُم جانتے ہو۔ کہ جب عمارت پُرانی ہو جاتی ہے۔ تو اُس کی اینٹیں کھار یا ہوا کے لگنے سے خستہ اور بُھربُھری ہو جاتی ہیں ٭

چھوٹا بیٹا۔ اوہو۔ آپ نے جو باغ کی دیوار کے واسطے اگلے برس اینٹیں منگوائی تھیں۔ اُن میں سے ایک ڈھیر بچا ہُؤا پڑا ہے۔ اب اُس کا یہ حال ہو گیا ہے۔ کہ آدھا تو سُرخی ہی بن گیا ہے۔ شاید اِس کا سبب بھی یہی ہے ٭

باپ۔ ہاں۔ اینٹوں کو جو ہوا لگتی رہی۔ اور اُن پر مینہ کا پانی پڑتا رہا ہے۔ اِس لئے بُھربُھری سی ہو گئی ہیں۔ اِسی طرح پتھروں کا ڈھیر بھی ہوتا۔ تو وُہ بھی کچھ عرصے میں خستہ ہو کر مٹی بن جاتا۔ مَیں نے کتابوں میں لِکھا ہُؤا دیکھا ہے۔ کہ یہ مٹی پتھروں ہی سے بنی ہے۔ یعنی ایک زمانہ ایسا تھا۔ کہ

پھر بار بار ہل چلا کر مٹی کو باریک کرنا اور بڑے بڑے ڈھیلوں کو توڑنا ضرور ہوا۔ ورنہ پودے جلدی خوراک حاصل نہیں کر سکینگے۔ بس تو ہل جوتنے کی ایک وجہ یہ بھی ہوئی۔ کہ زمین کی مٹی باریک اور بھربھری ہو جائے۔ جب ہی تو ہل چلانے کے بعد ہینگا (سہاگہ) پھیرتے ہیں۔ کہ بڑے بڑے ڈھیلے ٹوٹ کر باریک ہو جائیں +

بڑا بیٹا۔ بجا ہے۔ شاید ہل کا ایک یہ بھی فائدہ ہے۔ کہ زمین نرم ہو جاتی ہے۔ اور جب مینہ برستا ہے۔ یا کوئیں کا پانی کھیت کو دیا جاتا ہے۔ تو وہ پولی زمین میں آسانی سے چلا جاتا ہے۔ اور اس طرح ہر ایک پودے کی غذا کے کام آتا ہے +

باپ۔ سچ کہتے ہو۔ اسی لئے ہوشیار اور تجربہ کار زمیندار برسات سے پہلے زمین پر ایک دفعہ ہل چلا دیتے ہیں۔ کہ جب بارش ہو۔ تو وہ پانی بہ نہ جائے۔ زمین ہی میں بیٹھ جائے۔ اور فصل کے کام آئے۔ مینہ کا پانی فصل

اُس کا ایک حصّہ گھُل کر جڑوں کے رستے
سے پودوں کے اندر پہنچتا ہے ۔

باپ - بھلا یہ تو بتاؤ - کہ خوراک کے بڑے بڑے
ڈلے جلدی گھُلینگے یا چھوٹے چھوٹے ؟

چھوٹا بیٹا - یہ بھی کچھ سوال ہے - ہر ایک
شخص جانتا ہے - کہ اگر کسی چیز کے چھوٹے
چھوٹے ٹکڑے ہونگے - تو وہ پانی میں جلدی
سے گھُل جائینگے - اور جو بڑے بڑے ہونگے -
وہ اُسی قدر دیر میں - کیونکہ جب ہم پانی
میں کھانڈ ڈالتے ہیں - تو وہ جلدی سے
گھُل جاتی ہے - اور جب مصری کا بڑا ڈلا
ڈال دیتے ہیں - تو اُسے گھُلنے میں بہت
دیر لگتی ہے ۔

بڑا بیٹا - دُور کیوں جاؤ - یہ بات نہ ہوتی - تو
ہماری امّاں جان دال سالن میں نمک پیس کر
کیوں ڈالا کرتیں ؟

باپ - بس تو اب ثابت ہو گیا - کہ زمین میں
جس قدر خوراک باریک ہوگی - اُسی قدر پانی
اُسے جلدی سے گھُلا دیگا - اِسی واسطے زمین

خلاصہ

زمیندار کا یہ ایک فرض ہے۔کہ وُہ زمین پر ہل چلائے۔ تاکہ خوراک کے نا تیار حصّے کو جو مٹی میں جمع ہے۔ غذا کی صورت میں فصل کے واسطے تیار کر لے +

نواں سبق

باپ۔ میں اس سے پہلے اتوار کو تمہیں بتا چکا ہوں۔کہ زمیندار کی ہل چلانے سے ایک بڑی غرض یہ ہوتی ہے۔کہ زمین میں جو خوراک کا ایک بڑا ذخیرہ جمع ہے۔ اُس کے ایک حصّے کو فصل کے واسطے تیار کرے۔ آج میں تمہیں یہ سمجھاتا ہوں۔کہ یہ غرض کیونکر پوری ہو سکتی ہے۔ پہلے تم مجھے یہ بتاؤ۔کہ پودے زمین میں سے اپنی خوراک کس صورت میں حاصل کرتے ہیں؟

بڑا بیٹا۔ زمین میں جو خوراک موجود رہتی ہے۔

ذخیرہ موجود ہے۔ زمیندار اُسے کیونکر تیار کرتے ہیں ؟

باپ۔ تُم نہیں اور اور زمینداروں کو ہل جوتتے ہُوئے دیکھتے ہو۔ اُوپر سے کیسی ہی سخت گرمی پڑتی ہو۔ کیسا ہی کڑکڑاتا جاڑا ہو۔ مگر بیج بونے سے پہلے زمین پر ہل چلانا زمیندار کا فرض ہے ٭

چھوٹا بیٹا۔ اچھا۔ تو کیا زمین میں اس لئے ہل جوتتے ہیں۔ کہ اُس میں جو ناتیار خُوراک ہے۔ وُہ تیار ہو جائے ؟ مَیں نے تو سمجھ رکھا تھا۔ کہ ہل چلانے کی کوئی اور وجہ ہوگی ٭

باپ۔ تُم کہیں یہ تو نہیں سمجھے تھے۔ کہ جس طرح لڑکے فُرصت کے وقت کبڈی یا گلی ڈنڈے میں مشغُول ہو جاتے ہیں۔ اُسی طرح زمیندار بھی فراغت پاکر زمین پر ہل چلانے لگتے ہیں۔ یہ خیال بالکُل غلط ہے۔ اگلے سبق میں مَیں تمہیں سمجھا دُونگا۔ کہ زمیندار ہل چلاکر ناتیار خُوراک کو کیونکر تیار کرتا ہے ؟

سے خوب عمدہ فصل اُٹھاتا۔ مگر اُس کے بیٹے پوتے ضرور بھوکے مر جاتے۔ کیونکہ وہ اُس زمین میں جو فصل بوتے۔ اُن کے لئے اُس کے اندر کچھ بھی خوراک موجود نہ ہوتی۔ اور اِس سبب سے فصل عمدہ نہ اُٹھتی +

چھوٹا بیٹا۔ ہاں آپ نے ایک دفعہ ہمیں بھی فرمایا تھا۔ کہ میں جو کچھ تمہیں خرچ کرنے کے لئے دیتا ہوں۔ اُس میں سے کچھ نہ کچھ گلک میں ڈالتے جایا کرو۔ تاکہ میلے ٹھیلے کے دن یا کسی اور ضرورت کے وقت کام آئے۔ کیونکہ اگر یہ روپیہ ہاتھ میں رہیگا۔ تو جلد خرچ ہو جانے کا ڈر ہے۔ بلکہ جلد خرچ ہو ہی جاتا ہے۔ شاید زمین میں خوراک بھی اِسی واسطے بند رہتی ہے۔ تاکہ پہلی فصلیں اُسے جلدی سے چٹ نہ کر جائیں +

باپ۔ شاباش۔ خوب سمجھے +

بڑا بیٹا۔ گیہوں کو تو ہم پیس پکا کر خوراک کے قابل بنا لیتے ہیں۔ مگر یہ فرمائیے۔ کہ زمین میں جو ناتیار یعنی ادھوری خوراک کا ایک

پکا کھا لیتے ہیں۔ گویا یہ حصّہ تو ہماری خوراک کے قابل تیّار ہو گیا تھا۔ اور باقی جو گیہوں کی شکل میں ہمارے پاس موجود تھا۔ وہ خوراک کا کام تو بے شک دے سکتا تھا۔ لیکن ابھی تک تیّار نہیں ہُوا تھا۔

باپ۔ یہی بات ہے۔ یہ حصّہ تیّار نہیں ہُوا۔ گویا آئندہ کے واسطے ذخیرہ ہے۔ جو ضرورت کے وقت ہمارے کام آئیگا۔

چھوٹا بیٹا۔ اگر ساری غذا تیّار رہا کرتی۔ تو کیا اچھا ہوتا!

باپ۔ نہیں۔ اس میں کئی طرح کے نقص نکلتے۔ پہلے سب سے بڑا نقص تو یہ ہوتا۔ کہ ابتدا میں کچھ دن تو پودوں کو پیٹ بھر بھر کر کھانے کو ملتا۔ کیونکہ زمین میں اُن کے لئے بہت سی خوراک موجود ہوتی۔ لیکن آخر کو اس کا یہ نتیجہ ہوتا۔ کہ پودے جھٹ پٹ اپنی خوراک چٹ کر جایا کرتے۔ اور بعد کی فصلوں کے واسطے زمین میں کچھ بھی خوراک نہ رہتی۔ یعنی ایک زمیندار بے شک اپنی زمین

آٹھواں سبق

باپ۔ پچھلے اتوار کو میں نے تمہیں بتایا تھا۔ کہ زمین کی سب مٹی پودوں کی غذا کا کام نہیں دے سکتی۔ بلکہ اُس کا کچھ حصہ خوراک کا کام دے سکتا ہے۔ اِس خوراک میں سے کچھ حصہ ایسی حالت میں بنا بنایا تیار ہوتا ہے۔ کہ اُسے پودے جلد کام میں لے آتے ہیں۔ مگر سب کا سب ایسی صورت میں نہیں ہوتا۔ کہ جھٹ پٹ کر جائیں +

بڑا بیٹا۔ جی ہاں۔ آپ نے ہمیں ایک مثال دے کر سمجھایا تھا۔ کہ جو گیہوں کا کوٹھا ہمارے گھر میں بھرا ہُوا ہے۔ وہ سب ہماری خوراک ہو سکتا ہے۔ مگر ہم جب اُسے کوٹ پیس کر نہ پکائیں۔ یا چھڑا چھڑا کر نہ بھونیں۔ کھانے کے کام میں نہیں لا سکتے۔ جتنی ضرورت ہوتی ہے۔ اُسی قدر کوٹ پیس کر

شکل میں بدل لیتے ہیں۔کہ ہم اُسے کھا سکتے ہیں۔ اُن کا پتلے آٹا بناتے ہیں۔پھر روٹی پکا لیتے ہیں۔ اِسی طرح زمیندار بھی مٹی کے تھوڑے سے حصّے کو ایسی شکل میں سال بسال تبدیل کر لیتا ہے۔کہ پودے اُس پر گزارا کر سکیں +

چھوٹا بیٹا۔ہم تو آٹے کو گوندھ کر پیڑا بناتے ہیں۔ اور پھر روٹی پکا کر کھاتے ہیں۔ زمیندار مٹی میں سے پودوں کے لئے کیونکر خوراک تیار کرتا ہے؟

باپ۔ تم ہمیں ہر روز پودوں کی خوراک تیار کرتے ہوئے دیکھتے ہو۔خیر اِس کا جواب میں تمہیں اگلے اتوار کو دُونگا +

خُلاصہ

زمین کی سب کی سب مٹی پودوں کی خوراک کا کام نہیں دے سکتی ۔ بلکہ اُس کا کچھ حصّہ پانی میں گھل کر خوراک کا کام دے سکتا ہے +

جو اُن کی خوراک کے قابل نہیں +

باپ- ہاں +

بڑا بیٹا- اِس سے تو یہ بات نکلی- کہ جب ہم بار بار ایک ہی زمین میں فصل بوتے رہینگے- تو تھوڑے ہی عرصے میں اُس زمین اور ہوا میں سے وُہ چیزیں جو پودوں کی خوراک بننے کے قابل ہیں- ختم ہو جائینگی- اور آگے کو اُس میں بالکل خوراک نہیں رہیگی +

باپ- ایسا تو نہیں ہو سکتا- کیونکہ کسان مٹی کے باقی حصّوں کو کئی طرح سے ہر سال پودوں کی مُناسب غذا کی شکل میں بدلتا رہتا ہے- یعنی ہر برس وُہ مٹی میں سے تھوڑے سے پودوں کی غذا بنا سکتا ہے +

چھوٹا بیٹا- یہ کیونکر؟

باپ- مَیں تمہیں ایک مثال دے کر سمجھاتا ہوں- یہ تو تم جانتے ہو- کہ ہمارے گھر میں ایک گیہوں کا کوٹھا بھرا ہُوا ہے- مگر ہم گیہوں کو یونہی نہیں کھا سکتے- ہاں اُس میں سے ہر روز تھوڑے گیہوں لے کر ایسی

ہیں۔ بس پانی میں گھل جانے والی مٹّی کے اندر کی چیزیں جن کی اُنہیں ضرورت ہو۔ غذا کا کام دے سکتی ہیں۔ اور جو چیزیں پانی میں نہیں گھل سکتیں۔ وُہ اُن کی غذا بھی نہیں بن سکتیں +

چھوٹا بیٹا۔ ہاں ہاں۔ ہم سمجھ گئے۔ بس تو کھیت کو پانی اِسی لئے دیتے ہیں۔ کہ وُہ مٹّی کے اُس حصّے کو جو پودوں کی خوراک بننے کے لائق ہے۔ گھلا کر جڑوں کے رستے سے پودوں میں پہنچا دے +

باپ۔ بے شک۔ یہی بات ہے۔ لیکن ساتھ ہی پانی دینے کی ایک وجہ یہ بھی ہے۔ کہ خود پانی بھی پودوں کی خوراک ہے۔ جس طرح وُہ ہماری خوراک کا ایک ضروری حصّہ ہے۔ اُسی طرح پودوں کی غذا کا بھی ایک لازمی حصّہ ہے +

بڑا بیٹا۔ میں خیال کرتا ہوں۔ کہ عجب نہیں۔ جو ہوا میں بھی ایسی چیزیں ہوں۔ جو پودوں کی غذا بن سکتی ہیں۔ اور کچھ ایسی بھی ہوں۔

چھوٹا بیٹا۔ جب وُہ کھیت میں لگے ہوئے تھے۔ اَور ساری زمین اَور ہوا میں سے خُوراک حاصل کر سکتے تھے۔ تو پھر بھُوکے کیونکر رہ گئے؟

باپ۔ اچھا! شاید مَیں نے ابھی تک تُم کو یہ نہیں بتایا۔ کہ مٹّی پَودوں کی بنی بنائی غذا نہیں ہوتی۔ البتّہ مٹّی میں پَودوں کی غذا مَوجُود رہتی ہَے۔ کسی قِسم کی مٹّی میں کم۔ کسی میں زیادہ۔ سُنو بیٹا! مٹّی پَودوں کی غذا نہیں ہو سکتی۔ اَور نہ ساری کی ساری ہوا ہی اُن کی خُوراک کا کام دے سکتی ہَے۔ اگر یہ بات ہوتی۔ تو اُن کے واسطے غذا کا ایک بہت بڑا ذخیرہ زمین اَور ہوا میں مَوجُود ہوتا۔ لیکن یہ بات نہیں۔ ہوا اَور مٹّی کا ایک چھوٹا سا جُزو اُن کی خُوراک کے قابل ہوتا ہَے +

بڑا بیٹا۔ بھلا تو مٹّی کا کَونسا حِصّہ پَودوں کی غذا کا کام دے سکتا ہَے +

باپ۔ مَیں تمھیں بتا چُکا ہُوں۔ کہ پَودے اپنی غذا ہماری تمھاری طرح نہیں کھا سکتے۔ وُہ پانی میں گھُلی ہُوئی غذا اپنے کام میں لاتے

خلاصہ

پودے جڑوں سے اپنی خوراک تلاش کرتے ہیں۔جس قدر بڑے ہوتے ہیں۔اُسی قدر خوراک بھی زیادہ چاہتے ہیں۔اسی واسطے جڑیں بڑھتی اور پھیلتی جاتی ہیں۔ ہوا میں اُن کی غذا جمع ہے۔ اگرچہ وُہ دِکھائی نہیں دیتی +

ساتواں سبق

بڑا بیٹا۔آج جو ہم اپنے کھیت کی طرف آتے ہُوئے غافل سِنگھ کے کھیت میں سے نکلے۔ تو دیکھا۔اُس کے کھیت کے پودے بہُت چھوٹے چھوٹے مُرجھائے ہُوئے سے ہیں۔کیا سبب ہے۔کہ ہمارے پودے سب کے کھیتوں سے زیادہ ہرے بھرے ہیں؟

باپ۔غافل سِنگھ کے پودوں کو کافی غذا نہ مِلی ہوگی۔ اگر پُوری غذا مِلتی۔ تو وُہ اِس قدر جلدی نہ کُملا جاتے +

چھوٹا بیٹا۔ یہ بات تو ہم سمجھ گئے۔ کہ پودے جڑوں کے وسیلے سے اپنی خوراک نکالتے ہیں۔ جس قدر بڑے ہوتے جاتے ہیں۔ اُسی قدر خوراک بھی زیادہ چاہتے ہیں۔ اور اِسی سبب سے اُن کی جڑیں بڑھتی اور پھیلتی جاتی ہیں۔ مگر یہ بات ہماری سمجھ میں نہیں آئی۔ کہ ہوا میں بھی اُن کی خوراک جمع رہتی ہے۔ کیونکہ ہوا میں تو کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا +

باپ۔ تمہیں یہی تو خبر نہیں۔ ہوا میں اُن کے واسطے کئی قسم کی خوراک موجود رہتی ہے۔ تم نے دیکھا ہوگا۔ کہ جب ہم کوئی گیلا کپڑا ہوا میں رکھتے ہیں۔ یا اُسے ہلاتے جُلاتے رہتے ہیں۔ تو تھوڑی سی دیر میں سُوکھ جاتا ہے۔ پس جس طرح کپڑے کا پانی ہوا میں رل جاتا ہے۔ اور ہمیں نظر نہیں آتا۔ اُسی طرح اور بہت سی چیزیں ہوا میں رلی مِلی رہتی ہیں۔ اور ہمیں دکھائی نہیں دیتیں۔ جب تم بڑے ہوگے۔ اور اِس علم کو پڑھوگے۔ تو بخوبی جان لوگے۔ کہ ہوا میں کیا خزانہ بھرا پڑا ہے +

ہی ہے +

بڑا بیٹا - ہم جو مُولی گاجر اَور شکر قندی اپنے کھیت میں سے اُکھاڑ اُکھاڑ کر کھاتے ہیں - اَور آلو - شلغم گھر میں لے جا کر پکاتے ہیں - کیا یہ بھی سب جڑیں ہی ہیں ؟ کیونکہ یہ بھی تو زمین کے اندر ہی رہتی ہیں +

باپ - بے شک بلکہ اُن کے علاوہ اَور بہت سی جڑیں ہیں - جنھیں ہم نہایت رغبت سے کھاتے ہیں - آلو - کچالو - زمین قند یہ سب اسی طرح کی جڑیں ہیں +

بڑا بیٹا - میں تو یہ سمجھتا تھا - کہ جڑیں ہمیشہ شہتوت سی پتلی پتلی ہوتی ہیں - اَور گاجر - مُولی کے ساتھ جو تاگے سے لپٹے ہُوئے ہوتے ہیں - وہ اُن کی جڑیں ہیں +

باپ - یہ چھوٹی چھوٹی جڑیں بڑی جڑ کی شاخیں ہیں - کیا جڑوں سے جڑیں نکلتی تم نے نہیں دیکھیں ؟

بڑا بیٹا - ہاں دیکھی ہیں - یہ بات ایک نئی معلوم ہوتی ہے - کہ ہم جڑیں بھی کھایا کرتے ہیں +

اُکھیڑ سکوگے - مگر اب تو مشکل ہے - گنوں کے موسم میں دیکھ لینگے +

باپ - اگر جڑیں نہ بڑھتیں - تو پودا زمین سے زیادہ خوراک نہ بہم پہنچا سکتا - اور اِسی طرح اگر پتے گھنے اور بڑے بڑے نہ ہوتے - تو ہوا میں سے زیادہ خوراک ہاتھ نہ لگتی +

بڑا بیٹا - مجھے تو آپ کی یہ باتیں سُن سُن کر نہایت خوشی ہوتی ہے - اور بڑا تعجب بھی ہوتا ہے - مَیں حیران ہوں - کہ ایک ایک ادنےٰ اور ناچیز پودے میں بھی خدا کی قدرت نے کیا عجیب و غریب باتیں رکھ دی ہیں - اور اُس کے واسطے کیسے سامان بہم پہنچائے ہیں - کہ آدمی دنگ رہ جاتا ہے +

باپ - بیٹا! یہ تو خدا کے عجائبات میں سے ایک ذرا سا کرشمہ ہے +

چھوٹا بیٹا - بس تو جناب! پودے کا جو حصّہ زمین کے اندر رہتا ہے - وہ سب کا سب جڑیں ہیں +

باپ - ہاں جو حصّہ زمین کے اندر ہے - وہ جڑ

جواہر سنگھ مجھ سے زیادہ کھاتے ہیں۔
کیونکہ وُہ مجھ سے بڑے ہیں۔ اَور مَیں تھوڑا
کھا کر رہ جاتا ہُوں۔ کیونکہ اُن سے بُہت
چھوٹا ہُوں ⁜

باپ۔ جب پَودا بڑا ہو جاتا ہَے۔ تو اُس کی
جڑیں بھی زمین کے اندر ہی اندر دُور تک
پھیل جاتی ہیں ⁜

بڑا بیٹا۔ یہ تو ہم نے بارہا اپنی آنکھوں سے دیکھا
ہَے۔ جب کپاس کے پَودے چھوٹے چھوٹے
ہوتے ہیں۔ تو ہم اُنھیں اچھی طرح زمین سے
اُکھیڑ لیتے ہیں۔ اَور جب وُہ پک کر بڑے بڑے
ہو جاتے ہیں۔ تو اُن کا اُکھیڑنا ذرا مُشکِل
ہو جاتا ہَے۔ کیونکہ اُن کی جڑیں بُہت دُور
دُور تک پھیل جاتی ہیں۔ اَور لال سنگھ تو
اُنھیں اُکھیڑ بھی نہیں سکتا ⁜

لال سنگھ۔ واہ! کیا مَیں بڑا ہو کر بھی
نہ اُکھاڑ سکُونگا؟ اب بھی خُوب زور کرُوں۔
تو اُکھاڑ لُوں ⁜

جواہر سنگھ۔ ہاں بڑے ہو کر کیوں نہیں

چھٹا سبق

باپ۔ بھلا بتاؤ تو سہی - کہ پودے کہاں کہاں سے خوراک بہم پہنچاتے ہیں ؟

بڑا بیٹا - یہ تو ہم نے اچھی طرح سمجھ لیا ہے - کہ پودوں کی ابتدائی غذا تو خود بیج میں جمع ہوتی ہے - جب یہ ذخیرہ ختم ہو جاتا ہے - تو پودے زمین میں سے جڑوں کے وسیلے سے اور ہوا میں سے پتوں کے ذریعے سے اپنی خوراک حاصل کرتے ہیں - گویا اُن کی خوراک کا گودام تین جگہ موجود رہتا ہے - اوّل بیج میں - دوم زمین میں - سوم ہوا میں +

باپ - درست ہے - تمہیں یہ بھی خیال رکھنا چاہیئے - کہ جوں جوں پودا بڑا ہوتا ہے - اسی قدر اُس کی خوراک بھی بڑھتی چلی جاتی ہے - بڑے بڑے پودوں کو چھوٹے چھوٹے پودوں سے زیادہ خوراک چاہیئے +

چھوٹا بیٹا - یہ تو سب جانتے ہیں - دیکھئے بھائی

زمین جگہ سے اپنی خوراک بہم پہنچا سکتے ہیں۔ یعنی جب ننھے ننھے سے ہوتے ہیں۔ تو اُن کا گزارا صرف بیج کی رگری پر ہی ہوتا ہے۔ جب کسی قدر بڑے ہو جاتے ہیں۔ تو جڑوں کے وسیلے سے زمین کے اندر سے اور پتّوں کے ذریعے سے ہوا میں سے اپنی خوراک نکالتے ہیں۔ اگلے سبق میں ہم تمہیں غذا کے اِن دونو جُزوں کا کچھ اور حال بھی بتائینگے +

خُلاصہ

پودوں کی ابتدائی خوراک بیج کی رگری میں موجود رہتی ہے۔ جب یہ ہو چکتی ہے۔ اور پودوں کی جڑیں نکل آتی ہیں۔ تو اُن کے وسیلے اور پتّوں کے ذریعے زمین کے اندر سے اپنی خوراک بہم پہنچاتے ہیں۔ جڑیں زمین میں سے پودوں کے واسطے کئی قسم کی خوراک ڈھونڈھ کر لاتی ہیں۔ پودا زمین پر اُن کے سہارے کھڑا بھی رہتا ہے +

ہو گئیے۔ تو جڑیں چاروں طرف پھیل کر
اُن کے واسطے ہر قسم کی خوراک خود جمع
کرنے لگیں +
بڑا بیٹا۔ بے شک یہی بات معلوم ہوتی ہے۔
ہم بھی جب ننھے سے تھے۔ تو ہمارے لئے
ماں کا دودھ اُس کی چھاتیوں میں جمع رہتا
تھا۔ اور جب کچھ ہوش سنبھالا۔ اور ہر قسم
کی چیز کھانے کے لائق ہو گئے۔ تو ہمارے
ماں باپ بھی کبھی کھچڑی۔ کبھی روٹی۔ کبھی
گوشت۔ کبھی ساگ کھلانے لگے تھے۔ اور اُس
میں ہر قسم کا مصالح نمک۔ پیاز۔ لہسن
وغیرہ ملا ہوتا تھا۔ یہ سب چیزیں جگہ
جگہ سے آتی ہیں۔ اور ہمارا گزارا چلتا
ہے +
چھوٹا بیٹا۔ اِس مثال سے میں نے اچھی طرح
جان لیا۔ کہ جڑیں کس کس طرح مختلف
قسم کی خوراک جمع کر کے پودوں کو کھلاتی
ہیں +
باپ۔ بس تمہیں خوب یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ پودے

کیونکہ ہم روز سیاہی چٹ کاغذ سے اپنی کاپی کے بگڑتے ہوئے کو سکھایا کرتے ہیں۔ اور زائد سیاہی اٹھا لیتے ہیں۔ پس جس طرح سیاہی چٹ کاغذ زائد سیاہی چوس لیتا ہے۔ اسی طرح جڑیں اور پتے اپنی غذا چوس لیتے ہیں +

باپ۔ ہاں ہاں۔ یہی بات ہے۔ مگر تمہیں یہ بھی جان لینا چاہیئے۔ کہ پودوں کی جڑیں منہ کا کام ہی نہیں دیتیں۔ بلکہ ہاتھوں کا کام بھی دیتی ہیں۔ میں تمہیں ابھی بتا چکا ہوں۔ کہ پودے جڑوں ہی کے سہارے کھڑے رہتے ہیں۔ اور یہی جڑیں زمین میں اِدھر اُدھر پھیل کر پودوں کے لئے ہر قسم کی خوراک جمع کرتی ہیں۔ کیونکہ اب پودوں کو کئی قسم کی خوراک کی ضرورت پڑتی ہے۔ بیج کی گری میں یہ سب قسم کی غذا جس کی پودوں کو شروع شروع میں ضرورت ہوتی ہے۔ ایک ہی جگہ اکٹھی تھی۔ مگر اب جو خدا نے اُن کو ہاتھ پاؤں دے دیئے۔ اور وہ اپنی خوراک آپ تلاش کرنے کے قابل

طرف پھیل کر مٹی میں سے نئے پودے کے
واسطے اِدھر اُدھر ڈھونڈ ڈھانڈ کر اُن کی غذا
کھینچ لاتی ہیں - اور اِسی طرح پودے کی ننھی
ننھی پتیاں بھی جو زمین سے نکلی ہوئی نظر آتی
ہیں - ہوا میں سے طرح طرح کی خوراک
لے لے کر پودے کو پالتی ہیں +
چھوٹا بیٹا - ہاں ہاں - ہمیں بھی یاد آگیا - آپ
نے پچھلے فرمایا تھا - کہ پودوں کی جڑیں اور
پتے ہی اُنہیں مُنہ کا کام دیتے ہیں - اِن
کے مُنہ ہمارے تمہارے جیسے نہ ہوں - مگر
چُوس چُوس کر اِنہیں دونو سے اپنے مُنہ کا
کام لیتے ہیں +
باپ - ہاں اِنہی کو پودوں کا مُنہ سمجھو - یہ تم
جانتے ہو - کہ اگر کسی برتن میں تھوڑا سا پانی
رکھا ہو - اور اُس میں کوئی کپڑا گر پڑے -
تو وہ جھٹ پانی کو چُوس لیگا - پس اِسی طرح
پودوں کی جڑیں اور پتے بھی اپنی غذا ہوا
اور زمین میں سے چُوس لیا کرتے ہیں +
بڑا بیٹا - اب تو ہم اِس بات کو خُوب سمجھ گئے

دُودھ کا کام دیتی ہے۔ جب یہ تھوڑے سے
دِنوں میں ختم ہو جاتی ہے۔ تو یہی ننّھا سا
پَودا اِس قابل ہو جاتا ہے۔ کہ اپنی غذا اَور
اَور جگہ سے ڈھُونڈ کر نکال لے۔ اَور اگر اِسے
کسی اَور جگہ سے پیٹ بھر کر کھانے کو نہ ملے۔
تو وُہ تھوڑے ہی دِنوں میں مُرجھا جائیگا۔
اِس لئے شرُوع ہی سے بیج کو زمین میں بوتے
ہَیں۔ اَور اُوپر سے پانی سینچتے ہَیں۔ پہلے تو
بیج نرم ہوکر پھُولتا ہے۔ اَور پھُول کر
پھٹ جاتا ہے۔ پھر اِس میں سے ایک
ننّھا سا پَودا نکل آتا ہے۔ بلکہ اِس پھُوٹنے
کے ساتھ ہی چھوٹی چھوٹی پتلی پتلی سُوت سی
جڑیں بھی پَیدا ہو جاتی ہَیں۔ یہ جڑیں زمین
کے اندر ہی رہتی ہَیں۔ اَور اُن سے دو بڑے
کام نکلتے ہَیں۔ ایک تو یہ کہ پَودا زمین میں
جما رہتا ہے۔ کیونکہ اگر جڑیں زمین کے اندر
نہ رہتیں۔ تو پَودا بھی بِن سہارے کھڑا
نہ رہ سکتا۔ دُوسرا بڑا کام جو جڑوں سے
نکلتا ہے۔ وُہ یہ ہے۔ کہ جڑیں چاروں

کو اُن کے مُوافِق غِذا نہ مِلی - دُوسرے اُن کا ذخیرہ ختم ہو گیا - اب وُہ مرتے نہ - تو کیا کرتے - اگلے سبق میں ہم تمہیں یہ بھی سمجھا وینگے - کہ پَودے ہوا اور مٹی میں سے کِس طرح اپنی خُوراک حاصل کرتے ہَیں ؟

خُلاصہ

پَودوں کے اُگنے بڑھنے کے واسطے پانی کا ہونا نہایت ضروری ہے - کیونکہ اُس کے بغیر پَودے زمین یا مٹی میں سے خُوراک نہیں چُوس سکتے ؛

پانچواں سبق

اگلے چُھٹی کے دِن باپ نے جو پھر دونو بیٹوں کو اُسی طرح کھیت پر سب سے پہلے بیٹھا دیکھا - تو اُنہیں اِس طرح سمجھانا شروع کِیا ؛

باپ - مَیں تمہیں پہلے بتا چُکا ہُوں - کہ پَودوں کی شروع شروع کی غِذا اُن کے بیج ہی میں ہُوا کرتی ہے - اور یہ خُوراک گویا ماں کے

سے اُن کے ہاتھ خُوراک کا بہت سا خزانہ لگ گیا ہے۔ آپ دیکھئے تو سہی۔ کہ ایک ہفتے میں اُن کی صُورت کیسی بدل گئی ہے۔ اِن کے ساتھ کے پودے جنہیں اِسی رکابی میں چھوڑ دیا تھا۔ کُملا کر ایسے مُرجھا گئے ہیں۔ کہ گویا جان ہی نہیں +

چھوٹا بیٹا۔ اِن کے بیج کی گری تو سب ختم ہو چکی تھی۔ بن کھائے کیونکر جیتے۔ آٹھ دِن کو دیکھو۔ اور بھوکا رہنا دیکھو۔ بڑا آدمی تو برداشت کر سکتا ہی نہیں۔ یہ ننھی ننھی جانیں کیونکر اتنی مُصیبت سہارتیں +

باپ۔ لال سنگھ تُم اب خُوب سمجھنے لگے۔ بے شک تمہارا کہنا دُرست ہے۔ کیاری والے پودوں میں تو اب اِتنی جان آگئی ہے۔ کہ وُہ زمین اور ہوا میں سے اپنی خُوراک نکال سکتے ہیں۔ اِن بیچارے رکابی والوں میں اِتنی طاقت کہاں تھی؟ اِس واسطے بھُوک کے مارے سُوکھ کر مر گئے۔ اور وُہ خاصے موٹے تازے ہو کر جھُومنے لگے۔ ایک تو رکابی والے پودوں

بھی اپنی تسلّی کر لو۔ جو کچھ تم نے کہا ہے۔ وُہ
بالکل ٹھیک ہے یا نہیں۔ لال سنگھ نے دونو
قسم کے بیجوں کا اپنے ہاتھ سے امتحان کر لیا۔
اَور اچھی طرح دیکھ لیا۔ کہ چھپّر والے پودوں
میں کسی قدر گری موجود ہے۔ اَور رکابی والوں
میں صرف اُوپر کا چھلکا یا خول ہی خول
رہ گیا ہے۔ اِس تجربے کی کامیابی سے مارے
خوشی کے لال سنگھ کا چہرہ دمکنے لگا اَور پھولا
نہ سمایا۔ بلکہ اُسے ایک اَیسا شوق ہو گیا۔ کہ
ہر وقت اِسی دُھن میں رہنے لگا۔ بڑا بیٹا
بھی موقع دیکھ رہا تھا۔ کہ کب لال سنگھ کی
باتیں ختم ہوں۔ اَور مَیں اپنے تجربے کے متعلق
باپ سے سوال کروں۔ جب چھوٹے بھائی کو
خاموش دیکھا۔ تو کہا۔ ابّا جان! اب میرے تجربے
کی طرف توجّہ فرمائیے۔ یہ پودے جن کے بیجوں
میں گری بالکل ختم ہو گئی ہے۔ اَور مَیں نے
اُنہیں پچھلے اِتوار کو چلتے وقت کیاری
میں لگایا تھا۔ اب جو دیکھا۔ تو خوب لہرا
رہے ہَیں۔ اَیسا معلُوم ہوتا ہے۔ کہ کہیں

چھوٹا بیٹا - واہ! یہ تو مَیں بھی سمجھے ہُوئے تھا - مگر ہاں ذرا کھول کر جو بیان کر دیا - تو اِس سے رہا سہا شک بھی جاتا رہا +

باپ - اچھا اگر تم اِس بات کو خُوب سمجھ گئے ہو - تو بتاؤ - کہ پَودوں کے بیج میں اب بھی گری مَوجُود ہے یا نہیں +

چھوٹا بیٹا - مَیں تو یہ جانتا ہُوں - کہ اِن سُوکھے ہُوئے پَودوں میں - جو چھپّر کے اندر رکھے تھے - اِس وقت گری مَوجُود ہے - اَور اُن کی غذا کا سارا ذخیرہ خرچ نہیں ہُوا تھا - بلکہ اب تک مَوجُود ہے - لیکن رکابی والے پَودوں کی گری خرچ ہو گئی ہو - تو عجب نہیں - کیونکہ ہفتے بھر تک برابر بڑھتے رہے ہیں - اَور اُسی کو کھاتے رہے ہیں +

باپ - شاباش! تمہارا جواب بالکل ٹھیک ہے - مجھے اِس بات سے نہایت خُوشی ہُوئی - کہ یہ مُشکل بات بھی تمہاری سمجھ میں آ گئی - اَور تم نے ایک بڑی مُہم طے کر لی - اب ذرا اِن دونو قسم کے بیجوں کو ہاتھ سے دیکھ کر

بیٹیا - اب یہ سمجھائیے - کہ وہ پودے جنہیں پانی نہیں دیا تھا - مر کیوں گئے ؟

باپ - اِس کا جواب تو مَیں اُسی روز دے چکا تھا - شاید تمہیں یاد نہیں رہا +

بڑا بیٹا - مجھے یاد ہے - کہ آپ نے فرمایا تھا - کہ پودے اپنی غذا پانی میں گھلی ہوئی کھاتے ہیں - اِس لئے پانی کا ہونا ضروری تھا - کیونکہ بیج کی گری میں جو اُن کی خوراک جمع رہتی ہے - وہ پانی سے گھل گھل کر ننھے پودوں کی خوراک کا کام دیتی ہے - یہی اُن کا دُودھ اور یہی اُن کی اِبتدائی شروع کی غذا ہے - اور اِسی کو وہ نہایت رغبت سے کھاتے ہیں - پس جن پودوں کو پانی نہیں دیا گیا - گو اُن کے واسطے غذا تو موجود تھی - مگر وہ اُن کے کھانے کے قابل نہیں ہوئی تھی - اِس لئے پانی کو ترس ترس کر مر گئے - رکابی والے پودوں کو بیج کی گری سے کچھ پانی میں گھل کر برابر خوراک پہنچتی رہی - کیونکہ اِن پودوں کو پانی ملتا رہا ہے +

خُلاصہ

پودے کی شروع شروع کی غذا بیج میں موجود ہے۔ یہ غذا ماں کے دُودھ کا کام دیتی ہے۔ اِس کے گھلانے کے واسطے پانی کا ہونا ضروری ہے۔

چوتھا سبق

جب پھر اِتوار کا دِن آیا۔ تو دونو لڑکے خوشی خوشی باپ سے پہلے ہی کھیت میں آبیٹھے۔ سب سے اوّل چھوٹے لڑکے نے اپنے تجربے کے پودوں کو آسنبھالا۔ دیکھتا کیا ہے۔ کہ جو ننھے سے پودے پانی میں نہیں رکھے گئے تھے۔ وہ سب مُرجھا کر سُوکھ گئے ہیں۔ اِس کے بعد رکابی کے پودوں پر جنہیں چلتے وقت کچھ پانی دیا گیا تھا۔ نظر ڈالی۔ وہ پہلے کی نسبت کسی قدر بڑھے بڑے نکل آئے تھے۔ باپ بھی آگیا۔ یہ دوڑا دوڑا باپ کے پاس گیا۔ اور کہنے لگا جناب! سچ مچ چھپر کے پودے تو پانی نہ ملنے سے سُوکھ گئے۔ اور جنہیں ہم پانی دے گئے تھے۔ وہ کچھ بڑھ گئے

تم خود ہی جان لوگے۔کہ کوئی پودا موٹا تازہ ہوکر لہرانے اور کوئی دُبلا پتلا ہوکر مرجھانے لگیگا +

چھوٹا بیٹا۔کیوں ابا! جن پودوں کے دانوں میں ابھی تک ذرا ذرا گری باقی ہے۔وہ بڑھتے رہینگے ؟

باپ۔ہاں جب تک ان میں گری موجود ہے۔ ان کا توشہ ان کے ساتھ ہے۔مگر شرط یہ ہے۔کہ اس دود کے گھلانے کے واسطے پانی بھی پہنچتا رہے۔چلو۔تم خود ہی اس کا بھی تجربہ کر لو۔بس اب تم ایسے پودے اکھیڑ لو۔جن میں گری موجود ہو۔کچھ اسی طباق میں رکھ دو۔جہاں پانی نہ مل سکے۔ اور کچھ رکابی میں پانی دے کر رکھ دو۔ اگلے اتوار کو اس کا فرق بھی تمھیں معلوم ہو جائیگا۔اور تمھارا تجربہ خود تمھارے سوال کا جواب دیگا +

رہ جائیگا - اگر ہم اِس پودے کو اِسی رکابی
میں رہنے دیں - تو ظاہر ہے - کہ اِسے پوری
پوری غذا نہیں ملیگی - اور اِسی سبب سے یہ
تھوڑے ہی دِنوں میں مُرجھا کر مر جائیگا -
ہاں اگر اِسے نرم - پولی اور نم وار مٹی
میں لگا دیں - تو یہ اُس میں سے اپنی کافی غذا
نکال لیگا - کیونکہ اب اِس میں اِتنی طاقت
آگئی ہے - اِس کی یہ شوت سی جڑیں بھی
دیکھتے ہو ؟ یہ ہاتھ پاؤں کا کام دینگی - یہ
اِس ننھی سی جان کے واسطے اِسی پولی مٹی
میں سے ڈھونڈ ڈھونڈ کر اِس کی غذا نکال
لائینگی - آؤ - اِس کا اِمتحان بھی کرکے دیکھیں -
دو چار ایسے پودے اُٹھا لو - جن کی گِری
ختم ہو گئی ہے - اے لو - یہ چار پودے تو
ایک اور ایسی ہی رکابی میں تھوڑا سا پانی
ڈال کر رکھ دو - اور یہ پانچ اِس کیاری میں
زمین کُرید کر احتیاط سے لگا دو - دیکھنا - کہیں
جڑوں اور پتّوں کو کچھ ضرر نہ پہنچے - کبھی
چھٹی کے دِن اِن کا بھی تماشا دیکھ لینا -

رگری بالکل نہیں رہی۔ صرف اُوپر کا چھلکا ہی چھلکا رہ گیا ہے۔ اور ساری رگری گھل گھل کر پَودے کی پرورش میں خرچ ہوگئی ہے۔ (ایک دُوسرا پَودا اُکھاڑ کر)۔ اے لو۔ ایک چھوٹا سا پیڑ ہے۔ اِس میں ابھی تک تھوڑی سی رگری موجود ہے۔ جب تک یہ رہیگی۔ پَودا بڑھتا چلا جائیگا۔ پس اب تو تمہیں یقین ہو گیا۔ کہ رگری غذا کا کام دیتی ہے۔ اور پَودے کو ماں کا دُودھ ہو کر لگتی ہے +

بڑا بیٹا۔ یہ بات تو مجھ اِتنے بڑے کو بھی معلوم نہ تھی۔ واہ خُدا کی قُدرت کے کیا کیا کھیل اور کیسے کیسے تماشے ہیں!

باپ۔ ہاں۔ قُدرت کا ایک کھیل دُوسرے سے نرالا ہے +

بڑا بیٹا۔ آپ نے یہ تو فرمایا ہی نہیں۔ کہ اب یہ پَودا جس میں رگری تو نام کو بھی نہیں رہی۔ کہاں سے اپنی غذا کھائیگا؟

باپ۔ بے شک۔ اِسے کہیں نہ کہیں سے تو خوراک پہنچنی ضرور چاہیئے۔ ورنہ سُوکھ کر

غذا صِرف تُمہاری ماں کا دُودھ تھا۔ جو تُمہارے
لئے پہلے ہی ماں کی چھاتیوں میں بھرا ہوا
رکھّا تھا۔ یاد رکھو۔ کہ خُدا نے ہر ایک شئے کے
واسطے سب سامان بہم پُہنچا دیا ہے۔ چھوٹے
چھوٹے پَودے جنہیں دُودھ پیتے بچّے کہنا چاہئے۔
اِتنی طاقت نہیں رکھتے۔ کہ زمین کے پانی میں
مِلی ہُوئی غذا ہضم کریں۔ اِس لئے خُدا تعالےٰ
نے اُن کی شرُوع شرُوع کی غذا خُود بیج ہی
میں رکھ دی ہے۔ اَور اُن کے واسطے وُہی دُودھ
ٹھیرا دیا ہے۔ بلکہ تُم نے دیکھا ہوگا۔ پانی میں
گھِسنے یا گھُلنے سے گری کی صُورت بھی دُودھ ہی
کی سی ہو جاتی ہے۔ جب اِن جَوؤں کو پانی دیا۔
تو وُہ بھیگ کر مُلائم ہوگئے۔ اَور ہر ایک میں سے
ایک ایک ننّھا سا پَودا اُوپر کے چھِلکے کو توڑ کر
جِس طرح مُرغی کا بچّہ انڈا ٹھونک کر باہر نکل آتا
ہے۔ پھُوٹ آیا۔ اِس ننّھے سے پَودے کی غذا اِس
بیج کی گری ہی ہے۔ وُہی اِس کے کھانے پینے
کے کام آتی ہے۔ اگر تُمہیں یقین نہیں۔ تو
دیکھو (ایک پَودا اُکھیڑ کر) اِس کے جَڑ کے اندر

سے دکھاؤں - سو اب اُس کا جواب رکابی میں موجود ہے - اچھی طرح دیکھ لو - کہ مٹی کے بغیر بھی پودے اُگ سکتے ہیں - بھلا عقل تو لڑاؤ - انھوں نے اپنی غذا اتنے دنوں تک کہاں سے کھائی ؟

چھوٹا بیٹا - یہ تو ہمیں معلوم نہیں - اگر مٹی ہوتی - تو میں صاف کہ دیتا - کہ مٹی سے غذا لی ہوگی +

باپ - اچھا ہم تم کو بتاتے ہیں - کہ ننھے پودوں میں دودھ پیتے بچّوں کی طرح بہت تھوڑی سی طاقت ہوتی ہے - مٹی میں سے اپنی غذا نہیں نکال سکتے - اگر نکالیں - تو ہضم کرنے کو کس کا پیٹ لائیں - اُن کی شروع شروع کی نرم غذا ماں کی چھاتیوں کی طرح خود بیج کے اندر جمی جمائی موجود رہتی ہے - جیسے تم مغز بادامی کہتے ہو - یہ تم بھی جانتے ہوگے - کہ جب تم ننھے سے تھے - تو نہ روٹی چبا سکتے تھے - اور نہ کوئی چیز کھا سکتے تھے - اب خدا کے فضل سے ہر ایک چیز کھا لیتے ہو - اُس زمانے میں تمہاری

تیسرا سبق

لڑکوں نے جوں توں کر کے وہ ہفتہ کاٹا۔ دُوسرے اِتوار کو پھر جھٹ کھیت میں آن مَوجود ہوئے۔ اَور اپنے سوال کا جواب پُوچھنے لگے۔ باپ نے وُہی رکابی جس میں جو بھگو رکھے تھے۔ منگوائی اَور دیکھ کر کہا۔ کہ بھئی پھوٹ تو آئے ہیں۔ مگر کوئی چھوٹا ہے۔ کوئی بڑا۔ اِس رکابی کو دیکھ کر چھوٹے لڑکے کو بڑا اچنبھا ہُوا۔ کہ ہیں یہ کیونکر اُگ آئے۔ اِس میں مِٹّی تو ذرا بھی نہیں تھی۔ مَیں نے تو آج تک کوئی پیڑ بھی مِٹّی بغیر اُگتے نہیں دیکھا۔ ہاں باغوں میں گملے تو دیکھے ہیں۔ مگر اُن میں بھی مِٹّی ضرور بھری ہوتی ہے+

باپ۔ بے شک مَیں بھی تُمہارے دِل کی اِس بات کو جانتا تھا۔ اَور اِسی واسطے مَیں نے اُس اِتوار کو تُمہاری بات کا جواب نہیں دِیا تھا۔ صِرف رکابی میں جو بھگو کر رکھ دِئے تھے۔ کہ پہلے اِس بات کو مَیں آنکھوں

دونو بیٹے - ہاں - اب تو اچھی طرح ہماری سمجھ میں
یہ بات آ گئی - اور ہم نے جان لیا - کہ جس
طرح ہمیں بڑھنے کے واسطے کھانے پینے کی
ضرورت ہے - اُسی طرح پودے بھی خوراک
بغیر نہیں بڑھ سکتے - مگر یہ تو فرمائیے - کہ
یہ غذا انہیں کہاں کہاں سے ملتی ہے ؟ اور
کس کس جگہ سے پہنچتی ہے ؟
باپ - بس آج کا اتنا ہی سبق سمجھو - باقی
اگلے اتوار کو بتائینگے - اور اُس دن کے واسطے
تھوڑے سے جَو لے کر کسی چینی کی رکابی میں
بھگو رکھیں - اور اوپر ایک گیلا کپڑا بھی
ڈال دیں - اس تجربے سے تمہاری سمجھ میں
پودوں کی غذا اچھی طرح آ جائیگی +

خُلاصہ

پودوں کے واسطے خوراک ایسی ہی ضروری
ہے - جیسی ہمارے لئے - اُن کی غذا ہوا اور پانی
میں موجود ہے - گو وہ دکھائی نہیں دیتی - اور پانی
جوں کا توں صاف نظر آتا ہے +

اُن کا پیٹ کیسے بھرتا ہوگا۔ ہم رکتنی ہی ہوا کیوں نہ کھائیں۔ اَور کتنا ہی پانی کیوں نہ پئیں؟ پھر بھُوکے کے بھُوکے رہ جائینگے +

باپ۔ تمہارا یہ کہنا ٹھیک نہیں۔ کہ وُہ نری ہوا یا پانی کے سہارے جیتے ہیں۔ جس پانی کو پَودے مٹی میں سے چُوستے ہیں۔ اُس میں بہُت سی چیزیں گھُلی ہوتی ہیں۔ جو اُن کو غذا کا پُورا پُورا کام دیتی ہیں۔ جب تم ننھے سے تھے۔ اَور تمہارے دانت نہیں نکلے تھے۔ تو تم بھی صِرف دُودھ ہی پیا کرتے تھے۔ اَور ہوا کھایا کرتے تھے۔ اِسی طرح سمجھ لو۔ کہ پَودوں کی غذا ہوا اَور پانی ہے۔ اگر پانی میں کھانڈ ڈال دیں۔ تو وُہ گھُل مِل کر بے معلُوم ہو جائیگی۔ مگر چاہو کہ وُہ پانی میں نظر آئے۔ یہ ممکن نہیں۔ جب پانی چکھ کر دیکھوگے۔ جب ہی میٹھا میٹھا شربت کا مزا معلُوم ہوگا۔ پس اب تم نے جان لیا ہوگا۔ کہ پانی میں اَور بھی ایسی چیزیں گھُلی ہوئی موجُود رہتی ہیں۔ جو ہمیں تمہیں نظر نہیں آتیں۔ اَور پانی جوں کا توں صاف سُتھرا نظر آتا ہے +

تو تم دو ہی دن میں پتلے دُبلے سُوکھ کر کانٹا سے ہو جاؤ۔ اَور جو بہت دنوں تک بھوکا رکھیں۔ تو بھوک بھوک کرتے مر جاؤ +

بڑا بیٹا۔ ابّا جان! ہمارے تمہارے کھانے کی چیزیں تو ہم سب دیکھتے بھالتے ہیں۔ مگر ہم نے پودوں کو کبھی کھاتے پیتے نہیں دیکھا۔ کیا سچ مچ یہ بھی ہماری طرح کھاتے پیتے ہیں؟

باپ۔ بیٹا! سب کا مُنہ ایک سا نہیں ہُوا کرتا۔ کِسی کا چھوٹا۔ کِسی کا بڑا اَور کِسی کا بہت ہی ننّھا سا ہُوا کرتا ہے۔ پودے بے شک ہماری طرح مُنہ کھول کھول کر کھاتے چباتے نہیں۔ مگر اُسے چُوستے ہیں۔ دیکھو تم ہمیشہ ہوا کھاتے ہو۔ پر تم اسے دیکھ نہیں سکتے۔ تمہارے بدن سے کبھی کبھی پانی پسینا بن کر نکلتا ہے۔ لیکن اُس کے باریک باریک سُوراخوں کو نہیں پہچان سکتے۔ ہاں ہم خُردبین سے دِکھا سکتے ہیں +

چھوٹا بیٹا۔ بس تو پودے نرا پانی پیتے اَور نری ہوا کھاتے ہونگے۔ بھلا اِن دونو چیزوں سے

بتاؤ - تم تو ضرور جانتے ہوگے - اچھے کیونکر اُگا کرتے ہیں؟

بڑا بیٹا - بھلا یہ بھی کوئی پوچھنے کی بات ہے - مٹی کھا کر پلتے ہیں - اور بڑے بڑے ہوکر پھلتے ہیں +

باپ - ہاں سچ ہے +

چھوٹا بیٹا - اچھا تو اِن کا مُنہ کہاں ہے - کِس رستے سے کھاتے ہیں؟

بڑا بیٹا - بھئی یہ تو بڑی ٹیڑھی بات پُوچھی - یہ تو ہم بھی نہیں جانتے +

باپ - (چھوٹے بیٹے سے) شاباش! اچھی سُوجھی اور دُور کی پُوچھی - سُنو بیٹا! پودوں کے ہمارے تمہارے جیسے مُنہ نہیں ہُوا کرتے - مگر وہ بِن مُنہ کے بھی نہیں ہیں - یہ اپنی غذا جڑوں اور پتّوں کے مُنہ سے کھاتے ہیں - جڑیں اور پتّے اُن کا مُنہ ہیں - اِس کا دِھیان رکھنا - کہ جس طرح تم کھانا کھائے بغیر نہیں رہ سکتے - اُسی طرح یہ بھی بِن کھائے نہیں جی سکتے - دیکھو اگر تمہیں پیٹ بھر کر کھانے کو نہ ملے -

خُلاصہ

کھیتی باڑی نہایت عزّت اور فائدے کا کام ہے۔ لیکن زمیندار کو چاہیئے۔ کہ اُسے اَوروں پر نہ چھوڑے +

دُوسرا سبق

ایک اِتوار کو باپ اپنے پالے پوسے بُوٹوں کے کھیت کا پھلنا پھُولنا دیکھ کر باغ باغ ہو رہا تھا۔ کہ راستے میں اُس کے دونو بیٹے بھی کھیلتے کھیلتے آ نکلے۔ جھٹ کھیت میں کُود پڑے۔ اَور ایک ایک مُٹھی بُوٹ اُکھیڑ کر کھانے لگے۔ باپ نے اُن کے ہاتھوں میں جڑ سمیت پَودے دیکھ کر کہا۔ بیٹا! تُم نے بُوٹ تو کھائے۔ مگر قُدرت کا تماشا بھی دیکھا۔ اِسی مٹّی میں سے کیا کیا مزیدار میوے پیدا ہوتے ہیں۔ اَور کیسے کیسے انوکھے پھُول کھِلتے ہیں۔ بھلا بتاؤ تو۔ یہ کس طرح اُگتے ہیں؟

چھوٹا بیٹا۔ اچھّے ابّا! مَیں تو نہیں جانتا۔ تُم

رات زمین کی دُرستی اَور اُس کی پیداوار کے بڑھانے
کی دُھن لگی ہوئی ہَے۔ تو اُن کو بھی اِس طرف
خیال ہو گیا۔ کبھی کوئی بات سمجھ میں نہ آتی۔ تو
پُوچھ بیٹھتے۔ باپ بھی اُن کے سوالوں کے جواب
اُن کی سمجھ کے مُوافق دے کر اُنہیں خُوش کر دیتا۔
باپ دِل سے چاہتا تھا۔ کہ اُنہیں کاشتکاری کا مزا
پڑے۔ اَور بڑے ہو کر نوکری کی بجائے اپنا ہی
کام سنبھالیں۔ کیونکہ اُتّم کھیتی۔ مدھم بیوپار
نکھد چاکری بھیک دوار۔ کچھ جھُوٹ بات نہیں
ہَے۔ کھیتی ہماری بادشاہی ہَے۔ اَور کھیت ہمارا
مُلک۔ اُس کے پَودے ہماری رعیّت۔ بس اِس
حساب سے کھیتی باڑی گھر کی حکُومت ہَے۔ غرض
اِن باپ بیٹوں میں کھیتی باڑی پر مزے مزے
کے سوال و جواب ہُوا کرتے تھے۔ اَور اُن سے
اُن کی واقفیت بڑھتی جاتی تھی۔ وُہ باتیں بڑے
مزے کی ہَیں۔ اَور تمہارے لئے بڑے فائدے
کی بھی ہَیں۔ اِس لئے تُمہیں سُناتے ہَیں۔
اُنہیں سُن کر تم یہی کہو گے۔ کہ بس ہم ہوں۔
اَور ہمارے مُلک کی کھیتی ✦

ولایت سے منگائیں - اور اُن کی ایک ایک بات آزمائی - بنجر - کلر - اوسر زمینیں جنہیں کوئی نہیں پوچھتا تھا - مٹی کے مول خریدیں - اور زرخیز بنا کر اشرفیوں کے مول بیچیں - ایک دفعہ کا ذکر ہے - کہ اُس نے ایک زمین چھ ہزار روپئے کو خریدی اور اُسے کماتے کماتے تیس ہزار کا بنا دیا - اُس کے بہتیرے خریدار کھڑے ہو گئے مگر میرے شیر نے اُسے ہرگز نہ بیچا - یہی کہتا رہا - کہ بیچ کر تو ایک ہی دفعہ روپیہ لے سکتا ہوں - اور نہ بیچنے سے ہر برس لونگا - اُس کے دو بیٹے تھے - ایک نو برس کا تھا - اُس کا نام لال سنگھ تھا - دوسرا پندرہ برس کا تھا - اُسے جواہر سنگھ کہتے تھے - یہ دونو لڑکے اپنے باپ کے ہی مدرسے میں پڑھتے تھے - جب کبھی مدرسے میں چھٹی ہوتی - اور ان بچوں کے دل میں لہر آتی - تو باہر باپ کی کھیتی کا تماشا دیکھنے چلے جاتے - بھٹوں - بونٹوں - گاجر - مولیوں کے دنوں میں تو اُن کا جی خواہ مخواہ ہی کھیت پر جانے کو للچاتا - اور چھٹی کا دن لینا مشکل ہو جاتا - باپ کو جو دیکھا - کہ دن

پہلا سبق

کھیتی خصم سیتی

شہر لاہور کے کسی مدرسے کا ایک مدرّس تھا۔ اُس کو سب منشی ہیرا سنگھ کہا کرتے تھے۔ وہ ایک زمیندار کا بیٹا تھا۔ کچھ تو اِس سبب سے اُسے بوٹے بوٹنے کا شوق تھا۔ اور کچھ کھیتی باڑی کے کام کی کتابیں پڑھ کر اِس کام میں ہوشیار ہو گیا تھا۔ جس دِن چھٹی ہوتی۔ اپنے کھیت میں چلا جاتا۔ کبھی زمین اپنے ہاتھوں سے دُرست کرتا۔ کبھی ہل چلاتا۔ کبھی بیج ڈالتا۔ کبھی نلائی کرتا۔ کبھی پانی دیتا۔ اور روز بروز اپنا تجربہ بڑھاتا جاتا۔ جہاں کہیں اِس مطلب کی کوئی کتاب دیکھتا یا سُنتا۔ بڑے شوق سے اُس کا خریدار ہو جاتا۔ یہاں تک کہ بیسیوں کتابیں

فہرستِ مضامین

AGRICULTURAL READER, II.

کھیتی کی دوسری کتاب

खेती कि दूसरी किताब

لاہور

رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز
ایجوکیشنل پبلشرز

سنہ ۱۹۱۸ء

ساتھ اچھا برتاؤ کرو۔ جہاں تک ہو سکے۔ مقدمے کرنے سے پرہیز کرو۔ مقدمے میں اکثر زمینداراُجڑ جاتے ہیں۔ اور اپنی زمین سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ اگر تم ہماری اِن دو چار نصیحتوں پر چلو گے۔ تو تم جلدی مالا مال ہو جاؤ گے۔ اور اپنی برادری میں عزّت پاؤ گے۔ ہماری نصیحتوں کو مانو اور اِن پر عمل کرو۔ اب بھی وقت ہے۔ اُٹھو۔ آنکھیں کھولو۔ یہ وقت کھو بیٹھو گے۔ تو ہاتھ ملتے رہ جاؤ گے۔ سرکار نے تمہارے فائدے کے لئے زمینداری مدرسے کھول رکھے ہیں۔ اپنے بچّوں کو تعلیم دو۔ وہ بڑے ہونگے۔ تو اپنی کھیتی کو خوب سنبھال لینگے۔ اے ہمارے غریب کسانوں! خُدا تمہیں مالدار کرے۔ اچھی راہ پر لائے۔ اور ہمیشہ خوشحال رکھے!

سو بیگھہ زمین ہوگی۔ اِس پر بھی تم اُتنے غریب
ہو۔ مہاجن کی خوشامد کرتے رہتے ہو۔ سرکار کا
عاملہ دینا ہو۔ تو اُس سے قرض لیتے ہو۔
ئے سال کھیتی کے لئے بیج تک تمہارے پاس
نہیں ہوتا۔ اچھا بُرا بیج جیسا مل سکتا ہے۔ بو
دیتے ہو۔ روپئے کے چودہ آنے ملیں۔ تو بھی
تم ذرا اُف نہیں کرتے۔ سُود پر سُود چڑھتا جاتا
ہے۔ ایک سو روپئے کے دو ڈھائی سو بن جاتے
ہیں۔ تم حساب تک نہیں دیکھ سکتے۔ پھر جب
فصل تیار ہوتی ہے۔ تو تم بڑے چودھری بن
بیٹھتے ہو۔ ڈوم۔ میراثی۔ بھانڈ سب آن پہنچتے
ہیں۔ دو چار بار داتا داتا کہتے ہیں۔ تم پھولے
نہیں سماتے۔ سمجھتے ہو۔ کہ آج تک کے راجا
ہم ہی ہیں۔ ہم اِن بیچاروں کو کھانے کو نہ
دیں۔ تو اور کون دیگا؟ کوئی ہمارے بھنڈار
سے خالی نہ جائے۔ سب کو کچھ نہ کچھ دے دیتے
ہو۔ یہ کوئی اچھی بات نہیں۔ تم اپنا نقصان
کرتے ہو۔ اور اِن سب کو بیکار بناتے ہو۔
لین دین میں صاف رہو۔ اپنے مالک کے

جب پھول کھلیں - تو لوگ اِس کی کاریگری دیکھیں - بعضے مالی تو غضب کرتے ہیں - پھولوں کے پودے اِس ترکیب سے بوتے ہیں - کہ اُن کے پھولوں سے شعر پڑھے جاتے ہیں - آؤ - اُن پھولوں کے تختوں کی سیر کریں - جو سامنے نظر آرہے ہیں - بھائی دیکھتے ہو - ایک رنگ کے پھولوں کے برابر جو دُوسرے رنگ کے پھول ہیں - وُہ کیسے کھِلتے ہوئے ہیں - اَور دیکھو - پھولوں کے گملے بھی کِس ترکیب سے لگا رکھے ہیں - واہ وا طرح طرح کے رنگوں کا میل کیا بہار دے رہا ہے - کہ دیکھ کر دِل باغ باغ ہوتا ہے +

زمیندار کو نصیحت

وَاہی اُس دی جِس دے گھر دے دانے[1]

بھائی زمیندار! تمہارے پاس کوئی دو تین

---

[1] یعنی کھیتی وُہی آدمی کر سکتا ہے - جس کا بیج اپنا ہو - ساہوکار سے قرض نہ لینا پڑے +

سیر کی جگہ ہی نہ سمجھنا۔ اِس سے اَور بُہت سے
فائدے حاصِل ہوتے ہیں۔ قِسم قِسم کے پھل اَور
ترکاریاں اِس میں پیدا ہوتی ہیں۔ طرح طرح کے
میوہ دار درخت لگے ہُوئے ہیں۔ باغ لگانے میں
تکلیف تو بُہت ہوتی ہے۔ مگر تکلیف کے بغیر
کوئی اچھّا کام نہیں ہوتا۔ رَوِشیں کیا سیدھی نِکالی
ہیں! اِن کے دونو طرف میوہ دار درخت پھلوں
سے لدے کھڑے ہیں۔ دیکھو تو پیڑ کیا برابر
فاصِلے پر لگائے ہیں۔ جب اِن کی شاخیں بڑھ
جاتی ہیں۔ اَور آپس میں اُلجھنے لگتی ہیں۔ تو باغبان
اِن کو چھانٹ ڈالتا ہے۔ کہ پیڑوں کو ہوا اَور روشنی
برابر پہنچتی رہے۔ جاڑے کے موسم میں پالے سے
بچانے کے لئے بعض چھوٹے چھوٹے نازک پودوں
کو سرکنڈوں سے ڈھانک دیتا ہے۔ بچارا باغبان
سارے دِن اِسی کام میں لگا رہتا ہے۔ کبھی ایک
کُملائے ہُوئے پودے کو اُکھیڑتا ہے۔ اَور اُس
کی جگہ دُوسرا پیڑ لگاتا ہے۔ کبھی ایک پیڑ
کا پیوند دُوسرے پیڑ میں چڑھاتا ہے۔ کبھی
پھلواڑی کی طرح طرح کی کیاریاں بناتا ہے۔ کہ

سب کام بیل اور بھینسوں سے لیا جاتا ہے۔ بھینسا دھوپ میں جلدی ہانپ جاتا ہے۔ جب موقع ملے۔ پانی میں جا بیٹھتا ہے۔ مگر بیل بڑا کام کا جانور ہے۔ یہ ستھرا اور ہلکا پھلکا ہوتا ہے۔ بھینسے کی طرح بھدا نہیں ہوتا۔ ہر موسم میں برابر کام دیتا ہے۔ بیل نہ ہوتا۔ تو کھیتی کا کام بہت مشکل ہو جاتا۔ شاید اسی لئے ہندو لوگ گائے اور بیل کو پوتر مانتے ہیں +

باغ لگانا

صبح کا سہانا وقت ہے۔ چلو باغ کی سیر کریں۔ آہا! کیا ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے۔ جان میں جان آتی ہے۔ ہری ہری گھاس کیا بھلی معلوم ہوتی ہے۔ گویا سبز مخمل کا بچھونا بچھا ہے۔ سبز سبز پتوں پر سفید سفید اوس کے قطرے کیا بہار دے رہے ہیں۔ سبز مخمل کے فرش پر گویا موتی بکھرے ہوئے ہیں۔ باغ کیا ہے۔ ایک بہشت کا نمونہ ہے۔ اس کو صرف

جُوار - گیہوں - شلجم اِن کے لِئے بہت اچھی غذا ہے - مویشی کے باندھنے کا مکان بھی صاف اور ہوا دار ہونا چاہیئے - خراب مکان میں جانور کم زور اور بیمار ہو جاتے ہیں - اگر اِن کے نیچے درختوں کے پتّے بچھائے جائیں - تو بہت اچّھا ہے - اِن کو اِس نرم بچھونے سے بہت آرام مِلتا ہے - اور پھر یہ پتّے بہت عُمدہ کھاد کا کام دیتے ہیں - کبھی کبھی اُن کو کھُلا چھوڑ دینا بھی اچّھا ہوتا ہے - اگر کِسی جانور کو مُنہ کھُر کی بیماری ہو جائے - تو فوراً اُس کو اور جانوروں سے الگ کر دینا چاہیئے - نہیں تو اَیسی بیماریوں کی چھُوت سے اور جانور بھی بیمار ہو جائینگے - بیماری میں اِن سے کام لینا اچّھا نہیں بلکہ اِن کا عِلاج کرنا مُناسِب ہے - وُہ بے زبان مُنہ سے تو کچھُ نہیں کہہ سکتے - اِس لِئے اِن کی تکلیفوں کا تُم کو آپ ہی خیال رکھنا چاہیئے - جاڑے کے موسم میں باہر سردی میں بندھے رہنے سے بہت جانور بیمار ہو جاتے ہیں - مویشی کو اندر گرم جگہ باندھنے سے چارہ بھی کم خرچ ہوتا ہے - اور جانور بھی تندرُست رہتے ہیں - پنجاب میں کھیتی باڑی کا

اِس سے دہی - چھاچھ اَور مکھّن بناتے ہیں -
مِیاں زمیندار ! تُم اپنے مویشی سے بہُت سخت
کام نہ لِیا کرو - سخت کام سے مویشی کم زور
ہو جاتے ہیں - اَور جلدی مر جاتے ہیں - تُم کو
اپنے جانوروں سے محبّت رکھنی چاہیئے - پیار سے
وُہ زِیادہ کام کرتے ہیں - اُن کو بہُت مت مارو -
اُن کو بھی تمُہارا سوٹا سخت لگتا ہے - تمُہارے
مویشی تندرُست اَور مضبُوط ہونگے - تو تُم اُن سے
بہُت کام لے سکوگے - جو بَیل یا بھینسے دُبلے اَور
مریل سے ہو جاتے ہیں - وُہ نہ ہل کا کام اچھّا
دے سکتے ہیں - نہ کوئیں کا - اچھّے کِسان اپنے
مویشی کا بہُت خیال رکھتے ہیں - جانتے ہیں - کہ
جِس طرح ہم اچھّا کھانا کھا کر خُوش ہوتے ہیں -
اُسی طرح ہمارے چارپائے بھی اچھّا چارہ کھا کر
خُوش ہونگے - اِس لِئے وُہ اُن کے واسطے سُتھرا
چارہ تلاش کرتے ہیں - اَور اُن کو کھلاتے ہیں -
اُن کو کبھی بھُوکا نہیں رہنے دیتے - اَور گندا پانی
نہیں پینے دیتے - تمُہارے جانور جِتنا زِیادہ چارہ
کھائینگے - اُتنا ہی زِیادہ کام دینگے - سبز گھاس -

بیچاروں کو کیا معلوم کہ یہ ہماری جان کی دشمن ہیں - ہماری فصلوں کو برباد کر دیتی ہیں - اور ہمارے دل کی اُمنگوں کو خاک میں ملا دیتی ہیں - کبھی غریب لوگ ان کو بھون کر بڑی رغبت سے کھاتے ہیں *

مویشی کا پالنا

دھن گاے کا جایا[1] - جس
نے سارا مُلک بسایا

مویشی زمیندار کی دولت ہیں - وہ اُس کے بہت کام آتے ہیں - کہیں وہ ان سے چرسا کھینچتا ہے - کہیں کنواں چلاتا ہے - کبھی ہل جوتتا ہے - کبھی کھیت سے فصل لاد کر لاتا ہے - کبھی کولھو چلاتا ہے - مویشی کا گوبر اور پیشاب کھاد کے کام آتا ہے - گاے بھینسیں دودھ دیتی ہیں -

[1] گاے کا جایا - اس سے مراد بیل ہے - جو زمیندار کے واسطے سب سے زیادہ کام کا جانور ہے *

دِنوں میں چٹ کر جائیگی - اِس چھوٹے سے پیٹ میں اِتنا کیونکر سماتا ہوگا - اے لو - کِسان اپنے اپنے کھیتوں کی طرف دَوڑے جاتے ہَیں - ڈھول بجاتے ہَیں - چادریں ہِلاتے ہَیں - اَور شور وغُل مچاتے ہَیں - کہ ٹِڈّی دل اُتر نہ پڑے - اَور ڈر کے مارے اُوپر سے گُزر جائے - بَیٹھ جائے - تو پھر اُس کا نِکالنا بہُت مُشکِل ہو جاتا ہَے - یہ پھلوں اَور ترکاریوں کی بڑی دُشمن ہَے - اَور کچھ نہ مِلے - تو درختوں کی سبز ٹہنیوں تک نہیں چھوڑتی - جاتے وقت ایک ایک ٹِڈّی ساٹھ کے قریب انڈے دے جاتی ہَے - ہوشیار کِسان شُروع ہی سے بچّوں کی تلاش کرتے ہَیں - اَور ڈھیر کے ڈھیر جمع کرکے جلا دیتے ہَیں - یا زمین میں دبا دیتے ہَیں - اِس مُوذی پر ترس کھانا اچھا نہیں +

ہماری سرکار بھی اِس نیک کام میں مدد دیتی ہَے - جو لوگ انڈے اِکٹھے کرکے لاتے ہَیں - وُہ سرکار سے اِنعام پاتے ہَیں - چھوٹے چھوٹے لڑکے ٹِڈّیوں کو بڑی خُوشی سے پکڑتے پھرتے ہَیں - گویا اُن کے دِل بہلانے کے لِئے ایک کِھلونا مِل گیا ہَے - اِن

بالیں[1] بیلوں کے پاؤں سے کُچلی جائینگی - دانے نِکل پڑینگے - پھر اُسے چھاجوں میں بھر بھر کر برسائینگے - دانے الگ ہو جائینگے - بھُس الگ ہوجائیگا۔ دیکھو! کِسان اب کیسے خُوش ہیں - پھُولے نہیں سماتے - کمیروں کو بھی دے کر خُوش کر دیا ہے - اب کچھ اناج بیج ڈالینگے - کچھ گھر لے جائینگے - سال بھر کی محنت کا پھل کھائینگے - جو آدمی محنت سے کام کرتا ہے - اُسے اچھّے کِسان کی طرح پھل مِلتا ہے - بچّو! تُم بھی کام کرنا سیکھو - اَور محنت کا مزہ چکھو ۔

ٹِڈّی

ذرا اِدھر دیکھنا - یہ ننّھے ننّھے پرِندوں کے جھُنڈ کے جھُنڈ کہاں سے آ رہے ہیں؟ ایک بادل سا چھا گیا ہے - یہ ٹِڈّی دل ہے - خُدا خیر کرے - اُوپر ہی اُوپر گُزر جائے - تو اچھّا ہے - اگر اُتر پڑی - تو گیہوں کا بہُت نُقصان ہوگا - تھوڑے ہی

[1] پنجابی سِٹّے ۔

آواز سے مست ہو کر مزدور کام زیادہ کرتے ہیں۔ کام کرنے والو! کام اچھی طرح کرنا۔ زمیندار کا نقصان نہ ہو۔ وہ تمہیں خوش کریگا۔ دیکھو۔ تمہارے پینے کے لئے لسی اور گڑ کا شربت تیار ہے۔ شام کو جاتے وقت تمہیں دو دو تین تین پولے دے دیگا۔ اُن میں سے بارہ چودہ سیر اناج نکل آئیگا۔ کھیت کو جڑ کے پاس سے کاٹنا۔ کہ بھوسا زیادہ نکلے۔ یہ بھی خیال رکھو۔ کہ دانے جھڑ نہ جائیں۔ اسی لئے تو کھیت کو کچھ دن پہلے کاٹنے لگے ہیں۔ فصل بہت پک جاتی ہے۔ تو دانے جھڑ جانے کا ڈر ہوتا ہے۔ میاں زمیندار! دو ایک بیگھ کھیت چھوڑ دو۔ اس کو پندرہ بیس دن کے بعد کاٹنا۔ اُس میں سے اچھے پکے دانے نکلینگے۔ اُن کو اگلے سال کے بیج کے لئے رکھ چھوڑنا۔ تمہارا بیج اچھا پکا ہُوا ہوگا۔ تو فصل بھی اچھی پیدا ہوگی۔ لو کھیت کٹ چکا۔ اب کھلیان بنا رہے ہیں + دیکھنا! کوئی دشمن داؤں پا کر آگ نہ لگا جائے۔ دس پندرہ دن کی دھوپ کھلیان کو سکھا دیگی۔ پھر دائیں[1] چلائینگے۔

---

[1] پنجابی گاہ +

فصل کاٹنا

آئی میکھ - ہری نہ دیکھ

اے لو - چیت کا مہینہ آ پہنچا - کھیتوں کا رنگ
پلٹنے لگا - کسانوں کی اُمنگیں اُبھرنے لگیں - سب
اپنی اپنی لہلہاتی ہوئی کھیتی کو دیکھ دیکھ کر خوش
ہو رہے ہیں - ہر ایک اپنی فصل کاٹنے کی دُھن
میں ہے - تھوڑے دنوں بعد کٹائی ہونے لگیگی -
سب کو بارش کا خوف ہے - چاہتے ہیں - کہ فصل
جلدی کٹ جائے - اب اناج کے دام بھی اچھے
ملینگے - آندھی مینہ کا فکر بھی مٹ جائیگا - موچی -
لُہار - کمہار - بڑھئی سب آنے لگے - چودھری جی
چودھری جی کی آوازیں سُنائی دینے لگیں - اب تو
کٹائی کی تیاری ہو ہی گئی - کوئی درانتیاں تیز
کر رہا ہے - کوئی رسّا بٹ رہا ہے - کوئی بھوسے کے
لئے تنگڑ بُن رہا ہے - لو اب اچھا دن دیکھ کر کٹائی
شروع کر دی - ڈھول بج رہے ہیں - ڈھول کی

ہیں - جب کسان کوئی کتری ہوئی بال دیکھتا ہے۔
اُس کا دِل دُکھ جاتا ہے - سچ ہے - ایک ایک
پودے پر اِس کا پسینہ بہا ہے - اِسی لئے
کسان چڑیوں - طوطوں کو کھیت میں سے اُڑاتا
ہے - اگر نہ اُڑائے - تو سارے کھیت کو اُجاڑ دیں۔
دیکھو کھیت کے اندر ایک لکڑی گاڑ رکھی ہے -
اِس کے اُوپر ایک کالا کپڑا باندھ رکھا ہے -
اِس کو دیکھ کر پرندے ڈرتے ہیں - اور اُس
کے کھیت میں نہیں اُترتے - کھیت کے بیچ میں
چار موٹی موٹی لکڑیاں گاڑ کر اِس پر مچان
باندھ رکھا ہے - مچان پر کسان کا لڑکا بیٹھا
ہے - اُونچے سے دیکھ رہا ہے - ہاتھ میں گوپھیا
اور غلیل ہے - جھولی میں غلّے بھرے ہیں۔
جہاں کہیں جانور کھیت میں اُترا - اور اُس
نے جھٹ غلّہ مارا - اور ساتھ ہی للکارا - پھر
کیا مجال جو جانور بیٹھا رہے - صُبح سے شام تک
اِس کا یہی کام ہے - سارے دِن کی دُھوپ جھیلتا
ہے - اِتنی تکلیف نہ اُٹھائے - تو اناج کیونکر بچے -
اور پیٹ بھر کے کھانے کو کہاں سے ملے ؟

پیدا ہوتے ہیں۔ پھاگن۔ چیت میں بیج ڈالتے ہیں۔ اور برسات سے پہلے ہی پک کر تیار ہو جاتے ہیں۔ آلو دونو موسموں میں پیدا ہو سکتا ہے۔ پر اکثر ہاڑی کے ساتھ بویا جاتا ہے۔ دیکھو۔ اگر موسم نہ بدلتا رہتا۔ تو ہمیں اتنی اچھی اچھی چیزیں کہاں سے نصیب ہوتیں۔ پس یاد رکھو۔ خدا کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں +

کسان کا لڑکا کھیت کے مچان پر بیٹھا ہے

دیکھو! کسان کیسا خوش ہے۔ ہاں کیوں نہ ہو۔ اس کی فصل پک گئی ہے۔ کھیت کو دیکھ دیکھ کر پھولا نہیں سماتا۔ اے لو! چڑیوں کے جھنڈ کے جھنڈ کھیت پر آن اترے۔ بالوں کا بہت نقصان کر دیتے ہیں۔ بٹیریں بھی آ پہنچیں۔ طوطے تو ڈال ڈال پات پات پھرتے ہیں۔ جہاں بیٹھتے ہیں۔ وہیں بالیں کتر کتر کر ڈھیر لگا دیتے

تو فصل کیونکر پکتے - پالا نہ پڑے - تو زمین کیونکر
نرم ہو - ایک ہی موسم رہتا - تو جی اُکتا جاتا - اِتنی
کھانے پینے کی چیزیں کیونکر پیدا ہوتیں - ہمارے
عیش و آرام کے اسباب کہاں سے آتے ؟ گرمی کا
موسم آتا ہے - مکئی - جوار - باجرا - دھان - ماش -
مونگ - موٹھ کے بونے کی تیاری ہوتی ہے -
کسی کو ایک آدھ مہینہ پہلے بو دیتے ہیں -
اور کسی کو پیچھے - برسات میں یہ ساری فصلیں
پک کر تیار ہو جاتی ہیں - اور پت جھڑ کے
موسم میں پک کر کاٹی جاتی ہیں - اِن فصلوں
کو ساونی کہتے ہیں - سردی آتی ہے - تو گیہوں -
چنے - جو - السی - تارا[1] میرا - مٹر - مسور بوئے جاتے
ہیں - اور چیت بیساکھ میں کاٹ لیتے ہیں - اِن
فصلوں کو ہاڑی[2] کہتے ہیں - ترکاریوں میں سے
گوبھی - گاجر - مولی - شلجم - ساگ ہاڑی میں ہوتے
ہیں - اور کدو - توری - بینگن ساونی میں - تمباکو -
خربوزہ اور تربوز یہ دونو فصلوں کے بیچ میں

[1] ہندوستان میں اِس کو ترا کہتے ہیں +
[2] ہندوستان میں ساڑھی کہتے ہیں +

وھائیں گرتے ہیں ۔ موریاں چلنے لگتی ہیں ۔ دریا
چڑھ جاتے ہیں ۔ بادل ہر وقت چھائے رہتے ہیں ۔
دِنوں سُورج کا مُنہ نہیں دِکھائی دیتا ۔ کبھی
چاروں طرف سبزہ ہی سبزہ دِکھائی دیتا ہے ۔ کبھی
درختوں کے پتّے تک بھی جھڑ جاتے ہیں ۔ سب
ٹنڈ مُنڈ ہو کر رہ جاتے ہیں ۔ بچّو! یہ سب باتیں
ہمارے تمہارے آرام کے لِئے بنائی گئی ہیں ۔
اِن سے ہمیں بڑا فائدہ ہوتا ہے ۔ دِن بھر کام
کرتے کرتے تھک جاتے ہیں ۔ رات کو سو رہتے
ہیں ۔ دُوسرے روز پھر کام کے لِئے تازہ دم
ہو جاتے ہیں ۔ کِسی فصل کے واسطے زیادہ گرمی
کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اور کِسی کے لِئے کم ۔
کوئی چیز گرمی کے موسم میں پیدا ہوتی ہے ۔
اور کوئی سردی کے ۔ برسات کا موسم آتا ہے ۔
تو ہمارے کھیتوں کو خُوب پانی مِل جاتا ہے ۔
ہر طرف ہریاول دِکھائی دیتی ہے ۔ پت جھڑ کے
موسم میں فصلیں پک کر کاٹی جاتی ہیں ۔ ساری
بناس پتی کا چولا بدل جاتا ہے ۔ اگلے پتّے جھڑ
جاتے ہیں ۔ نئے پتّے نِکل آتے ہیں ۔ گرمی نہ ہو

موسموں کا بدلنا

سُورج[1] تپے۔ کھیتی پکے
سیال[2] دا کورا رُوڑی دا بورا

یہ کیا تماشا ہے۔کبھی رات ہے۔ کبھی دن ۔ کبھی گرمی سے دق ہو جاتے ہیں۔ زمین آسمان تپنے لگتے ہیں۔ دن بھر لوئیں چلتی ہیں۔ کبھی سردی سے ٹھٹھرتے رہتے ہیں۔ پالا پڑتا ہے۔ یخ جمتی ہے۔ کبھی ایک بوند پانی کو جی ترستا رہتا ہے۔ مہینوں بادل نظر نہیں آتا۔ کبھی ایسا موسلا دھار مینہ برستا ہے۔ پرنالے دھائیں

---

[1] جتنی سورج کی گرمی زیادہ ہوتی ہے۔ اُتنی ہی فصل اچھی پکتی ہے۔

[2] سردی میں اگر ایک دفعہ بھی پالا پڑے۔ تو زمین کو اُتنا ہی فائدہ پہنچتا ہے۔ جتنا اُس میں ایک بورا کھاد ڈالنے سے ہوگا۔

تو سب پانی بہ کر نکل جائے۔ کھیتی مینھ کے پانی کو ترس رہی تھی۔ اب اس میں جان پڑ جائیگی۔ بیچارے زمینڈار کس کس کھیت کو کوئیں کا پانی دیں۔ اگر دیں بھی۔ تو اس قدر فائدہ کہاں۔ جس قدر مینھ کے پانی سے ہوتا ہے۔ دیکھو کسان کیسی محنت کر رہا ہے۔ سارا پانی سر پر لے رہا ہے۔ میاں کسان! مینڈ خوب چوڑی اور اونچی باندھنا۔ ایسا نہ ہو۔ کہ اب ذرا سی محنت سے جی چراؤ۔ اور پیچھے پچتاؤ۔ مینھ زور کا پڑا۔ تو تمھاری مینڈ ٹوٹ جائیگی۔ اور سارا پانی نکل جائیگا۔ اور تمھارا بڑا نقصان ہوگا۔ اگر پہلے ہی سے اپنے کھیت کے گرد ڈول بنا دیتے۔ تو کیا ہی اچھا ہوتا۔ اب ہوا اور مینھ میں تکلیف نہ اٹھانی پڑتی۔ وقت پر کام کرنا بہت اچھا ہوتا ہے۔ جو کسان وقت پر کام نہیں کرتے۔ وہ بڑی تکلیف اٹھاتے ہیں۔ کبھی فصل سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ اور بھوکے مرتے ہیں۔

ہوتی ہے۔ جیسے کسی کو پہلا بیٹا پیدا ہونے کی۔ جاڑے میں بھی دو تین اچھے مینہ ہو جائیں۔ تو کسان سچ مچ اپنے تئیں بادشاہ سمجھنے لگتا ہے۔ اب اس کو کسی کی پروا نہیں۔ مہاوٹ کے مینہ سے زمین کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ مٹی نرم اور باریک ہو جاتی ہے۔ فصل بہت اچھی ہوتی ہے۔ کسان کہتے ہیں۔ مینہ پیا سیال۔ کدے نہ ہووے کال +

ڈولیں لگانا

گرمی گئی۔ برسات آئی۔ دیکھنا! کیا کالی گھٹا اٹھی ہے۔ یہ برس کر ہی رہیگی۔ زمیندار کیوں بھاگے چلے جاتے ہیں؟ بھاگیں نہیں۔ تو کیا کریں۔ مینہ برسنے والا ہے۔ جا کر کھیت کے چاروں طرف ڈولیں بنائینگے۔ مینہ کا سارا پانی کھیت میں جمع رہیگا۔ اور آہستہ آہستہ زمین میں پڑ جائیگا۔ یہ اب کام آئیگا۔ کچھ جاڑے کی فصل میں کام آئیگا۔ اب بند نہ باندھیں۔

ہیں تو ایک ایک بوند سونے کی سمجھی جاتی ہے۔
ہاں جب فصل پک جاتی ہے۔ تو مینہ برسنے سے
نقصان ہو جاتا ہے۔ فصل بھی خراب ہو جاتی ہے۔
اور اُس میں طرح طرح کی بیماریاں بھی پیدا ہو جاتی
ہیں۔ کبھی پھپھوندی لگ جاتی ہے۔ تو بالوں
میں دانے خراب ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح بارش
کے نہ ہونے سے بالوں میں دانے سوکھ کر
زیرے کی طرح ہو جاتے ہیں۔ اب جم کر بارش
ہو جائیگی۔ تھوڑے دن کوئیں چلنے بند
رہینگے۔ بیچارے کسان جو رات دن کھیت
میں پانی دیتے دیتے تھک گئے تھے۔ چار دن
سُستا لینگے۔ بیلوں کو بھی آرام ملیگا۔ تازہ دم
ہو جائینگے۔ جنگل میں چارہ بھی بہت ہو جائیگا۔
سب پیٹ بھر کر کھائینگے۔ دُود دہی سمیٹا نہ جائیگا۔
کسانوں کے ہاں دن عید رات شب برات ہو جائیگی۔
پنجابی کہاوت ہے۔ **وسّے ہاڑ ساون۔**
سائے رج رج کھاون۔ ایک آدھ مہینہ
اور بھی پچھلے بارش ہو جاتی ہے۔ تو کسان
مالا مال ہو جاتے ہیں۔ اور اُنکو ایسی خوشی

مینہ

وقت دا ایک - نہ کُوقت دا سَو[1]

دیکھو - پُورب سے کیسی کالی گھٹا اُٹھی ہے - یہ بِن برسے نہ رہیگی - کیسی آن کی آن میں ہمارے سر پر آ پہُنچی - لو وُہ بُوندا باندی ہونے لگی - کِسانوں کے دِل باغ باغ ہو گئے - جانتے ہیں - کہ اگر جم کر برس گیا - تو فصل بہُت اچھی ہو جائیگی - کھیتی کو مینہ کا ہی بڑا سہارا ہوتا ہے - سارا اساڑھ گزر گیا تھا - ایک ایک بُوند پانی کو ترس رہے تھے - اب بارِش وقت پر ہو گئی ہے - اگر ساون میں بھی مینہ نہ ہوتا تو فصلوں کا بڑا نُقصان ہو جاتا - دو چار دِن زور سے برس جائے - تو بیڑا پار ہے - اِس وقت کی بارِش فصل کے لِئے اِکسیر ہے - ایسے وقت

---

[1] وقت کی ایک بارش بے وقت کی سَو بارشوں سے بہتر ہے -

جلدی بڑھ جائیں - اور خوب پھیلیں - بہت سے پودوں کی جگہ ایک دو بڑے پودے ہوں - تو وہ جلدی اُگتے ہیں - اور اُن میں پھل بھی عمدہ اور موٹا ہوتا ہے - تم جانتے ہو - روٹی تھوڑی ہو - اور کھانے والے بہت سے - تو سب کے سب بھوکے رہینگے - اسی طرح بہت سے پودے ذرا سی جگہ میں اکٹھے لگے ہوئے ہوں - تو اُن میں سے کوئی بھی اچھی طرح نہیں پھلیگا - کھیت میں جتنی زیادہ نلائی اور تال کریں - اُتنی ہی فصل اچھی ہوتی ہے - کپاس کے کھیت میں اکثر تین چار بار نلائی کرتے ہیں - مکئی اور گنوں کے لئے سات آٹھ بار - دو تین دفعہ کی تال سے کام نہیں نکلتا - ان باتوں کا ہمیشہ خیال رکھنا - ان چھوٹی چھوٹی باتوں سے کسانوں کو بڑے بڑے فائدے ہوتے ہیں - فصل اچھی ہوتی ہے - کسان کو اپنی محنت کا پھل ملتا ہے - چھوٹی عمر میں ان باتوں کو سیکھ لوگے - تو بڑے ہو کر آرام پاؤگے +

پودے نکل آتے ہیں۔ تو اُن کے ساتھ ساتھ نکما
گھاس پات بھی اُگ آتا ہے۔ عقل مند کسان
اِسے کھُرپوں سے کھود کر نکال ڈالتے ہیں۔
نہ نکالیں۔ تو فصل اچھّی نہیں ہوتی۔ پودوں کو
پُوری پُوری خوراک نہیں مِلتی۔ کھیت میں کھاد
ڈالیں۔ تو آدھی گھاس چٹ کر جاتی ہے۔ کھیت
کو پانی دیں تو کچھ گھاس پی جاتی ہے۔ اور تھوڑا سا
پودوں کے کام آتا ہے۔ نہ پودوں کو اچھّی طرح
دُھوپ لگتی ہے۔ نہ ہوا۔ ایسا نہ کریں۔ تو زمین
جلدی خُشک اور سخت ہو جاتی ہے۔ دیکھنا! کیسی
ہوشیاری سے تال کر رہے ہیں۔ کہ کوئی پودا گھاس
کے ساتھ نہ اُکھڑ جائے۔ پودوں کے آس پاس کی
زمین بھی نرم کرتے جاتے ہیں۔ اِس سے پودوں کی
جڑیں اچھّی طرح پھیل سکینگی۔ زمین میں پانی رچ
جائیگا۔ پودے جلدی بڑھینگے۔ پھل بھی اچھّا ہوگا۔
چھوٹے چھوٹے پودوں کے آس پاس کچھ کھاد بھی ڈالتے
جاتے ہیں۔ کہ یہ بھی جلدی بڑھیں۔ جہاں کہیں
پودوں کا گچھّا دیکھتے ہیں۔ ان میں سے چھوٹے
چھوٹے پودے اُکھیڑ ڈالتے ہیں۔ کہ باقی پودے

کبھی بیج کو کھیت میں ڈالنے سے پہلے پانی یا گائے کے پیشاب میں بھگو رکھتے ہیں۔ اِس سے بیج کا چھلکا نرم ہو جاتا ہے۔ بیج جلدی پھوٹ آتا ہے۔ اور اُس کو کیڑا بھی نہیں لگتا۔ بچّو! جب تم بڑے ہو جاؤ۔ تو ایک بات کا ضرور خیال رکھنا۔ ہمیشہ موٹا اور سُتھرا بیج ڈالنا اور اچھّی طرح بونا۔ مثل مشہور ہے۔ جیسا بوؤ گے۔ ویسا ہی کاٹو گے +

نلائی اور تال

جتنی گوڈی[1] اُتنی ڈوڈی[2]

یہ آدمی کپاس کے کھیت میں کیوں بیٹھے ہیں؟ اپنے اپنے کھُرپوں سے زمین کیوں کھودتے ہیں؟ یہ نلائی کر رہے ہیں۔ جب کھیت میں

[1] کھیت میں جس قدر گوڈی کی جائے۔ اُسی قدر پھل زیادہ ہوگا +

[2] پنجابی گوڈی +

اِس طریقے کو زمیندار لوگ پورا کہتے ہیں۔ جب سارے کھیت میں بیج ڈال چکتے ہیں۔ تو اِس پر پٹیلا[1] پھیر دیتے ہیں۔ کہ دانے مٹّی میں چھُپ جائیں۔ کتنے ہی کسان نالی سے بیج نہیں ڈالتے۔ مُٹھی سے ہی چھڑک دیتے ہیں۔ اِس سے بیج آسانی سے ڈالا جاتا ہے۔ مگر فصل بہت اچھی نہیں ہوتی۔ کہیں چھدری ہوتی ہے۔ اور کہیں گھنی۔ اِس طریق کو پنجابی میں چھٹّا کہتے ہیں۔ چھٹّے سے اکثر ایسی فصلیں بوئی جاتی ہیں۔ جو جانوروں کے چارے کے کام آئیں۔ کبھی کبھی ایک آدمی کھیت میں ہل چلاتا جاتا ہے۔ اور دوسرا آدمی ہاتھ سے اُس کے پیچھے پیچھے تھوڑے تھوڑے فاصلے پر بیج ڈالتا جاتا ہے۔ اور بعد میں سُہاگہ پھیر دیتے ہیں۔ اِس طریقے کو کیرا کہتے ہیں۔ اِن میں سے اچھّا طریقہ پورا ہے۔ کیرا اُس سے دُوسرے درجے پر ہے۔ اور سب سے خراب چھٹّا ہے۔ سب اناج ایک ہی طرح نہیں بوئے جاتے۔ کسی جنس کو کسی طریق سے بوتے ہیں۔ اور کسی کو کسی طریق سے۔ کبھی

---

[1] پنجابی سُہاگہ۔

کھا جائینگے۔ پھر کس کام آئینگے؟ نہ ڈالیں۔ تو کیا کریں؟ کھیت میں ہل چلایا۔ کھاد ڈالی۔ محنت اُٹھائی۔ یہ سب جتن گیہوں کے پیدا کرنے کے واسطے کیا ہے۔ یہ دانے کچھ دنوں میں پھوٹ آئینگے۔ پہلے باریک باریک سوئیاں سی دکھائی دینگی۔ پھر سارا کھیت ہرا بھرا ہو جائیگا۔ بوٹے بڑے ہو کر پکینگے۔ جہاں ایک من گیہوں ڈالے تھے۔ کوئی بیس من پیدا ہو جائینگے۔ کتنا بڑا فائدہ ہے۔ بیج ہمیشہ اچھا ہونا چاہیئے۔ دانے موٹے اور ڈولدار ہوں۔ تو گیہوں اچھے پیدا ہونگے۔ آؤ! ذرا دیکھیں۔ کسان کس طرح بیج بوتا ہے۔ دیکھنا۔ کسان آہستہ ہل چلا رہا ہے۔ ہل کے ساتھ بانس کی نالی بندھی ہے۔ اس نالی میں گیہوں کے دو دو تین تین دانے ڈالتا جاتا ہے۔ یہ سب دانے کھیت میں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر گرتے جاتے ہیں۔ اکٹھے نہیں گرتے۔ کہ سارے کھیت میں برابر کھیتی ہو۔ اس سے فصل بھی بہت اچھی ہوتی ہے۔ اور کاٹنے میں بھی آسانی ہوتی ہے +

اُن میں کُنواں کھودنا بہُت مُشکل ہوتا ہے - اِن زمینوں کا گزارا مینہ پر ہوتا ہے - برسات اچھّی ہو جائے - تو فصل بھی اچھّی ہو جاتی ہے - یہ بارانی زمینیں کہلاتی ہیں - بس اب تم نے دیکھ لیا - کہ کھیتی کے لئے پانی کی بہُت ضرورت ہوتی ہے - کسی زمین میں کُوئیں کھُدواتے ہیں - کسی کو نہر کا پانی دیتے ہیں - کوئی دریا کے پانی سے سیراب ہوتی ہے - اور کسی کو مینہ کا آسرا ہے + میاں زمیندار! اپنی کھیتی کو ٹھیک وقت پر پانی دیا کرو - اپنے کھیت میں پہلے ہی سے چھوٹی چھوٹی کیاریاں بنا لو - کہ ساری زمین خُوب سینچی جائے - جو لوگ پانی دینے میں سُستی کرتے ہیں - وہ فصل کے وقت ہاتھ ملتے رہ جاتے ہیں +

کِسان کھیت میں بیج ڈال رہا ہے

پورا بادشاہ - سیرا وزیر - تے چھٹّا فقیر

گیہوں کھیتوں میں کیوں ڈال رہے ہیں؟ جانور

چاہئیں۔ ایک دو آدمی بھی ضرور ہوں۔ اِس لئے ہماری سرکار نے بہت سا روپیہ خرچ کرکے بڑے بڑے دریاؤں میں سے نہریں نکلوائی ہیں۔ اِن نہروں اور نالوں سے بہت فائدہ ہُوا ہے۔ کھیتوں کو تھوڑے خرچ پر پانی مل جاتا ہے۔ اِن زمینوں کو نہری زمینیں کہتے ہیں۔ میاں زمیندار! کبھی کبھی تم لالچ میں آکر کھیت میں بہت پانی دے دیتے ہو۔ اِس سے تمہیں اُلٹا نقصان ہوتا ہے۔ بہت پانی سے فصل گل جاتی ہے۔ کئی طرح کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ جب پانی سُوکھ جاتا ہے۔ تو زمین بہت سخت ہو جاتی ہے۔ کبھی کبھی کلّر بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ بہت پانی دینے سے کچھ فائدہ نہیں۔ جو کھیت دریا کے کنارے پر ہوتے ہیں۔ اُن کو پانی کی بہت ضرورت نہیں۔ اُن کو دریا کے پانی کی سیلابی خود پہنچتی رہتی ہے۔ اِس لئے اِن زمینوں کو سیلابہ کہتے ہیں۔ دریا کا کنارہ بہت اُونچا ہو۔ تو کبھی کبھی جھلار لگاکر زمین کو پانی دیتے ہیں۔ جو زمینیں دریاؤں اور نہروں سے دُور ہوتی ہیں۔

پڑھنے لگے ہیں۔ وُہ بڑے ہونگے۔ تو اِن باتوں کو سمجھ جائینگے۔ اَور آپ ہی چھوڑ دینگے ۔

کھیت کو پانی دینا

زمین اوہ رانی۔ جس دے سر تے پانی

کھیتی کو پانی کا بڑا سہارا ہے۔ پانی کے بغیر کوئی فصل پیدا نہیں ہو سکتی۔ کسی کھیت میں کوُاں کھُدا ہُوا ہے۔ کہیں ڈھینگلی سے پانی نکالتے ہیں کہیں رہٹ چلاتے ہیں۔ کہیں چرس سے پانی کھینچتے ہیں۔ مینہ نہ پڑے۔ تو آٹھ پہر کوُاں چلاتے رہتے ہیں۔ بیلوں کی اچھی جوڑی کوئی تین پہر کوُاں چلا سکتی ہے۔ کوئی ایک بیگھہ زمین سینچی جاتی ہے۔ بعض جگہ کوُئیں کا پانی بہُت نیچے ہوتا ہے۔ وہاں چرس ہی سے پانی نکالتے ہیں۔ جن زمینوں کو کوُئیں کا پانی ملے۔ وُہ چاہی زمینیں کہلاتی ہیں۔ کوُاں کھُدوانے میں خرچ بہُت ہوتا ہے۔ پھر اس میں سے پانی نکالنے کے لئے بیل ہونے

زمین میں رچ جائے ؛

بھائی زمینڈار! ہمیں تمہاری ایک بات پسند نہیں آئی۔ اگر بُرا نہ مانو۔ تو ہم صاف صاف کہ دیں ؛

صاحب! ضرور کہئے۔ میں ہرگز بُرا نہیں ماننے کا ؛

بھائی۔ تم سب قسم کی کھاد کا کھیت کے ایک کونے پر ڈھیر لگا دیتے ہو۔ اِس سے تو بہت نقصان ہوتا ہوگا ؛ دھوپ میں کھاد سڑتی رہتی ہے۔ اِس کا اثر اُڑ جاتا ہے۔ اگر مینہ پڑ جاتا ہے۔ تو اِس کا اچھا حصّہ پانی میں گھل مل کر بہ جاتا ہے۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔ کہ اِس میں کیا خوبی ہے۔ ولایت میں تو ہمیشہ کھاد کسی چھپّر کے نیچے جمع کرتے ہیں۔ اور اکثر نیچے پکّا فرش بنوا دیتے ہیں۔ کہ کھاد کا کوئی جُزو زمین میں بھی نہ چلا جائے۔ خشک موسم میں اِس پر تھوڑا پانی بھی چھڑک دیتے ہیں۔ اِس سے کھاد گھل جاتی ہے۔ اور پھر کھیت میں ڈالنے کو اچھی ہوتی ہے ؛

صاحب! بات تو درست ہے۔ پر کیا کریں۔ ہمارے باپ دادا سے یہی ہوتی آئی ہے۔ پرانے رواج کو چھوڑنا کوئی آسان کام نہیں۔ ہمارے لڑکے اب زمینداری مدرسوں میں

کو بہت مفید جانتے ہیں ۔اِس سے فصل خوب ہوتی ہے ۔اور پک بھی جلدی جاتی ہے ۔درختوں کے گرے ہوئے پتے مکئی ۔شلغم ۔آلو اور کتنی ہی اور چیزوں کے لئے اچھے ہوتے ہیں ۔بھیڑ بکریوں کی مینگنیاں موٹھ ۔مٹر ۔گیہوں اور چنوں کے واسطے نہایت مفید ہیں ۔ اور گوبر کے سوا ہر قسم کا کوڑا کرکٹ ۔بچا کھچا چارہ اور اور کتنی ہی نکمّی چیزیں کھاد کے کام آ سکتی ہیں ۔کھیت میں کھاد نہ ڈالی جائے ۔تو پانچ چھ سال میں زمین کمزور ہو جاتی ہے ۔پوری پیداوار نہیں ہوتی ۔ہر سال کھیت میں کھاد پڑے ۔ تو اُس کی طاقت بنی رہتی ہے ۔اِس میں فصل اچھّی ہوتی ہے ۔کھاد کچّی نہیں ڈالنی چاہئے ۔کھیت میں سڑیگی ۔ تو کیڑے پیدا ہونگے ۔اور ننھے ننھے پودوں کو کھا جائینگے ۔کھیت میں کام کرنا مُشکل ہو جائیگا ۔کھاد ڈال کر ایک دو دفعہ ہل چلا دیتے ہیں ۔اِس سے کھاد مہین ہو کر مٹّی میں رل مل جاتی ہے ۔اور پودوں کی خوراک بنتی ہے ۔جب کھاد مٹّی میں خوب رل جاتی ہے ۔تو کھیت کو پانی دیا جاتا ہے ۔کہ کھاد گھل مل کر

کھاد

کھادؔ پڑی تو کھیت۔ نہیں تو پُورا ریت

زمیندار کو کھاد بہُت پیاری ہے۔ اَور کیوں نہ ہو۔ یہی تو اُس کی دَولت ہے۔ کھاد کے بغیر فصل اچھّی نہیں ہوتی۔ اِس لِئے وُہ بَیلوں کا گوبر جمع کرتا رہتا ہَے۔ اَور وقت پر اپنے کھیت میں ڈال دیتا ہے۔ اِس سے بَیلوں اَور بھینسوں کے بیٹھنے سونے کی جگہ بھی صاف سُتھری رہتی ہَے۔ اَور کھاد بھی کام آتی ہَے۔ آبادی کے آس پاس کھاد کی جگہ آدمیوں کا مَیلا بھی بہُت ڈالا جاتا ہَے۔ اِس کو گیہُوں۔ گنّے اَور سب قِسم کے پھَل اَور ترکاریوں کے لِئے بہُت اچھّا سمجھتے ہَیں۔ اِس سے فصل جلدی تیّار ہو جاتی ہے۔ پنجاب میں گھوڑوں کی لِید کھاد کے لِئے اِستِعمال نہیں کی جاتی۔ وِلایت میں اِس

ؔ یعنی زمین میں کھاد پڑتی ہَے۔ تو کھیت بنتا ہَے۔ نہیں تو بالکُل ریتا ہَے +

کی لمبائی میں۔ کہ سارے کھیت کی مٹی نرم اور بھربھری ہو جائے۔ کھیتی کے لئے ہل چلانا بہت ہی ضرور ہے۔ زمیندار لوگ کہا کرتے ہیں۔ سب[1] گلاں ہیٹھ ہلاں + ہر ایک قسم کی فصل کے واسطے برابر ہل نہیں چلاتے۔ کسی فصل کے لئے ایک دو بار ہل چلاتے ہیں۔ اور کسی کے لئے زیادہ۔ کسی فصل کے لئے بہت گہرا ہل چلانا اچھا ہوتا ہے۔ اور کسی کے لئے کم گہرا + ہمارے کسان یہ باتیں خوب جانتے ہیں۔ برسوں کے تجربے نے انہیں ساری باتوں سے خوب واقف کر دیا ہے۔ لمبی جڑ والے پودوں کے لئے زیادہ ہل چلاتے ہیں۔ کہ اُن کی جڑیں اچھی طرح اِدھر اُدھر پھیل سکیں۔ اور اپنی خوراک تلاش کر سکیں + پنجاب میں بیل اور بھینسے سے ہل جوتا جاتا ہے۔ بیکانیر اور راجپوتانے میں اونٹوں سے ہل چلاتے ہیں۔ اور انگریزوں کی ولایت میں گھوڑوں سے کھیتی باڑی کا سب کام لیا جاتا ہے +

[1] یعنی زمین کے لئے ساری باتیں ہل چلانے سے مِلتی ہیں +

زمین میں ہل چلا چکا ہے۔ دیکھنا! کیسی ہوشیاری سے ہل چلاتا ہے۔ ایک ہاتھ سے ہل کی ہتی خوب دبا رکھی ہے۔ دوسرے ہاتھ میں سانٹا یا ایک پتلی سی سنٹی ہے۔ اُس سے بیلوں کو ہانکتا جاتا ہے + کیوں میاں زمیندار! اب تو تم تھک گئے ہوگے؟ ذرا دم لے لو + ہاں بھائی! تھک تو گیا ہوں۔ پر کیا کروں۔ تھوڑے دن ہوئے۔ بارش ہو گئی تھی۔ اُس سے زمین پولی اور نرم ہو گئی ہے۔ ہل اچھی طرح چل سکتا ہے۔ دو چار دن برابر دُھوپ لگ جائیگی۔ تو زمین سخت ہو جائیگی ہل چلانا مشکل ہوگا۔ پھر دُگنی محنت کرنی پڑیگی۔ اب زمین جوت کر بیج ڈال دُونگا۔ ایک آدھ بارش اور ہو گئی۔ تو ساری کھیتی کو پانی مُفت میں مل جائیگا + بھلا ہل چلانے سے کیا فائدہ؟ بڑا فائدہ ہے۔ زمین نرم اور بھُربھُری ہو جاتی ہے۔ پانی زمین میں پیٹھ جاتا ہے۔ پودوں کی جڑیں بھی آسانی سے اِدھر اُدھر پھیل سکتی ہیں۔ نکمّی اور ردّی گھاس اُکھڑ جاتی ہے۔ سُورج کی گرمی اور ہوا اپنا اثر زمین پر ڈال کر پودوں کی خُوراک بناتی ہے۔ اِس لِئے بار بار ہل چلاتے ہیں۔ کبھی کھیت کی چوڑائی میں اور کبھی اُس

تو باڑ نہیں لگاتے - اور نہ ہر ایک کھیت میں ضرورت ہوتی ہے۔ اکثر تو لگاتے ہیں - اگر نہ لگائیں - تو کام کیونکر چلے - ہاں سُست کسان نہیں لگاتے ہونگے - اُن کی کچھ نہ کہو - بھوکے مر جائینگے - مگر کام نہیں کرینگے - اسی لئے اُن کی کھیتی اُجڑ جاتی ہے۔ آندھی سے باڑ اُکھڑ تو نہیں جائیگی؟ نہیں - باڑ کی جڑیں مٹی ڈال کر دبانے سے مضبوط ہو جاتی ہیں - باڑ کھیت کا رکھوالا ہے - اس کی طرف سے غفلت نہیں کرنی چاہیئے - جو کسان اس میں سُستی کرتے ہیں - اُن کو آخر پچھتانا پڑتا ہے۔

زمیندار ہل جوت رہا ہے

دبٹ[1] کے واہ - رج کے کھا

دیکھو زمیندار ہل جوت رہا ہے - کیسی محنت کر رہا ہے! دو گھڑی رات سے کھیت میں آیا تھا - اب بارہ بج گئے ہیں - برابر کام میں لگا ہوا ہے - سر کا پسینہ پاؤں پر گر رہا ہے - کوئی ایک بیگھ

[1] یعنی اگر خوب زور سے ہل چلاؤ گے - تو پیٹ بھر کے کھانے کو ملیگا۔

باڑ لگانا

بڑے میاں! کیا کر رہے ہو؟ بیٹا باڑ لگاتا ہوں ✦ بھلا اس سے کیا فائدہ؟ گائیں بھینسیں کھیت کے اندر نہیں آنے پائینگی۔ کھیتی بچی رہیگی۔ آنے جانے والے کھیت کے بیچ میں سے نہیں نکلینگے۔ کنارے کنارے جائینگے ✦ پھر تو باڑ سے بڑے فائدے ہیں۔ خاصہ دیوار کا کام دیتی ہے ✦ باڑ کے لئے سوراخ نزدیک نزدیک ہونے چاہئیں۔ دور دور ہونگے۔ تو باڑ چھدری ہوگی۔ بھیڑ بکریاں اندر گھس آئینگی ✦ زمین میں سوراخ کیونکر کر لیتے ہو۔ اس کدالی سے ✦ جب سوراخ اچھے گہرے ہو جاتے ہیں۔ تو کانٹوں والے درختوں کی ٹہنیاں ان میں گاڑ دیتا ہوں ✦ یہ ٹہنیاں کہاں سے لائے ہو۔ میرے باغ کے گرد کیکر اور بیری کے بہت سے درخت ہیں ان میں سے کاٹ کر لایا ہوں۔ سارے زمیندار

فہرستِ مضامین

نمبرِ شمار	قاعدے	مثالیں
۷	حرفِ مکسور کے نیچے دو جگہ کے سوا سب جگہ زیر رکھا گیا۔ اوّل یائے مجہول کے ماقبل۔ دوسرے یائے معروف کے ماقبل جو لفظ کے آخر ہے +	دیر۔ دے۔ دی +
۸	حرفِ مضموم کے بعد اگر واوِ مجہول نہیں ہے۔ تو اُس پر پیش رکھا گیا +	شُکر
۹	واوِ معروف کے ماقبل پیش رکھا گیا +	دُور
۱۰	واوِ مجہول کے ماقبل پیش نہیں رکھا گیا +	زور
۱۱	الف۔ واؤ اور یے کے سوا لفظ کے درمیان جو حرف ساکن ہے۔ اُس پر جزم رکھا گیا +	صبْر
۱	اِستفہام کی علامت	؟
۲	ندا۔ تعجب۔ حسرت۔ دُعا۔ قسم۔ خُوشی کی علامت	!
۳	تھوڑے وقفے کی علامت	–
۴	پُورے وقفے کی علامت	+

ہدایت۔ جہاں پُورا وقفہ ہے۔ وہاں پڑھنے میں بہت زیادہ ٹھہرنا چاہیئے۔ باقی جگہ کم +

مفید عام پریس لاہور میں باہتمام لالہ مدن لال مینیجر چھپی

اِعرابوں کے قاعِدے

مِثالیں	قاعِدے	نمبر شُمار
گھر	مخلُوط ہے دو چشمی لِکھّی گئی +	١
ہنسا۔ ہیں+	نُونِ غُنّہ جو لفظ کے درمیان ہے۔ اُس پر اُلٹا جزم دِیا ہے۔ اَور جو آخر میں ہے۔ اُس میں نُقطہ نہیں دِیا +	٢
بھلی	یاے معرُوف جو لفظ کے آخر ہے۔ وُہ دائرے کی لکھّی گئی ہے+	٣
کے۔ ہے۔ گاے۔ اُڑنا+	یاے معرُوف کے سِوا باقی سب یے لمبی لِکھی گئیں +	۴
خُود۔ خویش+	جو واؤ بولی نہیں جاتی ۔ اُس کے نیچے آڑی لکیر ہے +	۵
ہمارلیۂ۔ روپیۂ۔ زیور۔ غور۔ سیر+	حرفِ مفتُوح پر وہیں زبر لکھّا ہے۔ جہاں واؤ یا یے کے معرُوف اور مجہُول ہونے کا شُبہ پڑتا ہے+	٦

باقی قاعدے اخیر کے صفحے پر دیکھو

EDUCATION DEPARTMENT PUNJAB.

AGRICULTURAL READER, I

LAHORE:

RAI SAHIB M. GULAB SINGH & SONS,

EDUCATIONAL PUBLISHERS.

12th Edition. 1919 Price 0-1-1

اُور لِکھنے دونو سے ساقط کیا - از او سے ازو پڑھا گیا +

فائدہ - بعض کلمات - کہ جن کے آخر الف ہَے - بعد الف کے یاے تحتانی کا لکھنا پڑھنا بھی دُرُست ہَے - جیسے خُدا - خُداے - پارسا - پارساے - بگشا - بگشاے - ربیفزا - ربیفزاے +

اور غیر اِنسان کے واسطے لفظِ چیز اور چہ۔ جیسے
بیتِ سعدیؒ مرحوم ؎

نباید بستن اندر چیز و کس دِل
کہ دِل برداشتن کارے است مُشکل

فائدہ۔ جس کلمے کے آخر الف یا ہا یا یاے تحتانی
ہو۔ اور یاے تحتانی نسبت کی اُس کے آخر لگائیں۔
تو اُس الف اور ہا اور یاے تحتانی کو واو سے بدل
لیں۔ جیسے مُصطفےٰ۔ مُصطفوی۔ آنولہ۔ آنولوی۔ دِہلی۔
دِہلوی +

فائدہ۔ بعض کلمات میں تخفیف کے واسطے اِختصار
کرتے ہیں۔ جیسے نوز مختصر ہے ہنوز کا۔ اور گوز مختصر
ہے گوزن کا۔ اور بغداد مختصر ہے باغِ داد کا۔ کہ
نوشیرواں نے محکمۂ داد کے واسطے ایک باغ بنایا تھا۔
آٹھویں روز وہاں بیٹھ کر داد دِیا کرتا تھا +

فائدہ۔ جس کلمے کے سِرے پر ہمزہ یعنی الفِ
مُتحرِک ہو۔ وُہ الف درج کلام میں ساقط بھی ہوتا
ہے۔ یعنی پڑھنے میں نہیں آتا۔ اور اِس کی حرکت
ماقبل کو دیتے ہیں۔ مگر وُہ اکثر لکھنے میں آتا ہے۔
اور بعض الفاظ میں لکھنے میں بھی نہیں آتا ہے۔
جیسے ع اوست اقرب۔ من ازو دُورم حیف +
از کے الف کی حرکت ماقبل کو دے کر پڑھنے سے
ساقط کیا اور لکھنے میں رکھا۔ اور او کے الف
کا ضمّہ از کی ز کو دِیا اور اُس الف کو پڑھنے

پڑھنا چاہیئے - فارسی میں اِس نُون کا ظاہر پڑھنا دُرُست نہیں - مگر جب کہ اِس پر کسرۂ اِضافی یا تَوصیفی آئے +

حرفِ مدّہ الف ہے - اَور وُہ واؤ کہ جس کا ماقبل مضمُوم ہو - اَور وُہ یاے تحتانی کہ جس کا ماقبل مکسُور ہو - جیسے جاں اَور جنُوں اَور دِیں میں - مثال اِضافت کی - جانِ من - جنُونِ تو - دِینِ حق +

فائدہ - دو حرف قریبُ المخرج جو جمع ہوں - پہلے حرف کو دُوسرے کی جنس سے بدل کے دونو کو آپس میں اِدغام کرتے ہیں - جیسے بد تر - بتّر بہ تشدیدِ تاے فوقانی - کبھی پہلے حرف کو حذف کرتے ہیں - جیسے بتر بغیر تشدید تاے فوقانی - اَور زُود تر - کہ اصل میں زُود تر تھا - اَور آوند - کہ اصل میں آب وند تھا - اَور فِرو تر - کہ اصل میں فِرود تر تھا - اَور یگاں - کہ اصل میں یک گاں تھا - مانند دوگاں - سہ گاں کے - یک کے آخر سے کافِ تازی حذف کیا گیا +

فائدہ - عربی میں جو بعض کلمات کے آخر الفِ ممدُودہ - یعنی وُہ الف کہ جس کے بعد ہمزہ ہو - ہوتا ہے - - جیسے عُلماء و فُضلاء - فارسی میں ہمزہ نہ لکھنا چاہیئے - لیکن اِضافت میں ہمزے کی جگہ یاے تحتانی لکھیں - جیسے عُلماے عصر و فُضلاے دہر +

فائدہ - لفظِ کس اِنسان کے واسطے مُقرّر ہے -

سپید دیو کو سپیدیو اور گرد دہن کو گردہن کہتے ہیں۔ یا کبھی پہلے حرف کو دوسرے حرف میں اِدغام کرتے ہیں۔ جیسے شپتر۔ کہ اصل میں شب پر تھا +

فائدہ۔ حرفِ مُشدّد فارسی میں اصلا نہیں آیا۔ فرّخ اور خرّم شاذ و نادر ہیں +

فائدہ۔ وُہ تاے فوقانی کہ عربی میں ہ کی صُورت لکھتے ہیں۔ رسمِ خط فارسی کے بموجب دراز لکھنی چاہئے جیسے نعمت۔ رحمت۔ سخاوت۔ شجاعت اور جہاں کہیں اِلتباس جمع کا ہو۔ گول لکھتے ہیں۔ جیسے صلوٰۃ اور زکوٰۃ میں +

فائدہ۔ عربی میں لفظ اِنشاء اللہ تعالےٰ کا اِن جُدا اور شاء جُدا لکھتے ہیں۔ فارسی میں مِلا کے لکھنا چاہئے۔ فارسی والے اِنشاء اللہ کو ایک کلمہ جانتے ہیں +

فائدہ۔ لفظِ او اور لفظِ وے اِنسان کے واسطے مُقرر ہیں۔ جب اِن لفظوں پر لفظِ بر یا در آئے۔ تو غیرِ اِنسان کی طرف بھی اِن کا راجع کرنا دُرُشت ہے۔ اور یہ نظم میں بیشتر ہے +

فائدہ۔ نُون اور باے مُوحّدہ جو کِسی کلمے میں باہم مُتصل ہوں۔ اِن دونو کو میم مُشدّد یا میمِ مُخفّف سے بدلنا دُرُشت ہے۔ جیسے خُنب اور خُم۔ دُنبل۔ دُمّل۔ اور سُنب اور سُم +

فائدہ۔ نُون جو حرفِ مدّہ کے بعد واقع ہو۔ غنّہ

	بسا بسے	بسا متکبراں و بسے مغروراں دیدم - کہ آخر خاک شدند	یعنی	بہت تکبّر والے اور بہت غرور والے میں نے دیکھے - کہ آخر خاک ہوئے +
حروفِ ایجاب	آرے	آرے ہمچناں است	//	ہاں ایسا ہی ہے +
	بلے	بلے ہمچنیں شنیدم	//	ہاں میں نے ایسا ہی سنا ہے +
	لبیک	لبیک چہ میفرمایید؟	//	میں حاضر ہوں کیا فرماتے ہو؟

آخر میں چند فائدے لکھے جاتے ہیں جن کا جاننا طلبہ کو ضرور ہے

فائدہ - اِمالہ کیا ہے؟ الف کی جگہ یائے مجہول پڑھنا - جیسا حساب - حسیب - رکاب - رکیب - اعتماد - اعتمید - اور جیسے با - تا - ثا - بے - تے - ثے - علٰی ہٰذا القیاس +

فائدہ - دو کلمے جو آپس میں ترکیب پائیں - اگر پہلے کلمے کے آخر کا حرف اور دوسرے کلمے کا پہلا حرف ایک جنس سے ہو - تو پہلے کلمے کے آخر کے حرف کو حذف کر دیتے ہیں - مثلاً ہمہ من کو ہمن اور

علاماتِ مصدری	یاۓ معروف	بخشندگی۔ شرمندگی۔ کام بخشی +	یعنی	بخشیدن و شرمندہ شدن و کام بخشیدن ہاۓ آخرِ بخشندہ و شرمندہ بہ کافِ فارسی بدل شُد +
	ار	گُفتار۔ رفتار	″	گُفتن۔ رفتن +
	ش	آمُرزش۔ بخشش	″	آمُرزیدن بخشیدن +
علاماتِ ظرفیت	داں	قلمداں۔ نمکداں	″	جاۓ قلم داشتن۔ جاۓ نمک داشتن +
	وند	آوند در اصل آب وند	″	جاۓ آب داشتن +
علاماتِ تاکید۔ تکرار۔ تکثیر۔ تصغیر۔ تعظیم۔ تاکید جیسے جہاں جہاں و عالم عالم۔ نغیغہ۔ بسیار بسیار +	خُوب	خُوب دویدم	″	مَیں بہت دَوڑا +
	نیک	نیک نگریستم	″	مَیں نے غور کرکے دیکھا +
	بسیار	بسیار جستم	″	مَیں نے بہت ڈھونڈا +
	ہمہ	ہمہ یاراں رفتند	″	سب یار گئے +
	جُملہ	جُملہ سپاہ فراہم آمد	″	سب سپاہ جمع آئی +

کلمات بمعنیٔ نسبت	انہ	سالانہ - ماہانہ - روزانہ	یعنی	منسوب بہ سال - منسوب بہ ماہ - منسوب بہ روز +
	ن	ریمن - جوشن	"	منسوب بہ ریم بمعنیٔ چرک جراحت و منسوب بہ جوش بمعنیٔ حلقہ +
	ویہ	راہویہ - سیبویہ	"	منسوب بہ راہ - و منسوب بہ سیب رکہ رخسارہ اش چوں سیب بود +
کلمات بمعنیٔ رنگ	وام	سبز وام - زرد وام	"	سبز رنگ - زرد رنگ +
	فام	سرخ فام - سفید فام	"	سرخ رنگ - سفید رنگ +
	بام	سبز بام - سرخ بام	"	سبز رنگ - سرخ رنگ +
	گونہ	زرد گونہ - گلگونہ	"	زرد رنگ - سرخ رنگ +
	گوں	گلگوں - سیم گوں	"	گل رنگ - سیم رنگ +
	جردہ	سیاہ جردہ مختص بہ لفظِ سیاہ	"	سیاہ رنگ +
	جرتہ	سیاہ جرتہ مختص بہ لفظِ سیاہ	"	سیاہ رنگ +

کلماتِ پیوستگی	ناک	غمناک ـ دردناک	یعنی	پیوستہ بہ غم ـ پیوستہ بہ درد +
	گیں	اندوہگیں ـ خشمگیں	〃	پیوستہ باندوہ ـ پیوستہ بخشم +
کلماتِ تصغیر	ک عربی	مردک ـ اسپک	〃	مردِ خرد ـ اسپ خرد +
	چہ	باغچہ ـ طاقچہ	〃	باغِ خرد ـ طاقِ خرد +
	واو	پسرو	〃	پسرِ خرد +
کلماتِ [illegible] نسبت	یاے معروف	کابلی ـ قریشی ہندی	〃	منسوب بہ کابل ـ منسوب بہ قریش ـ منسوب بہ ہند +
	یں	زریں ـ سیمیں ـ زنگاریں	〃	منسوب بہ زر ـ منسوب بہ سیم ـ منسوب بہ زنگار +
	ہ	یک سالہ ـ یک ماہہ ـ یک روزہ	〃	منسوب بہ یک سال ـ منسوب بہ یک ماہ ـ منسوب بہ یک روز +
	ک	فنغاک ـ سمغاک ـ تناک	〃	منسوب بہ فنغ یعنی محبت + منسوب بہ سمغ یعنی عمق ـ منسوب بہ تب +
	ان	ایران ـ توران	〃	منسوب بہ ایر و منسوب بہ تور پسرانِ فریدون +

کلماتِ مفیدہ معنی ظرفیت و بسیاری	سار	شاخسار نمک سار	یعنی	بسیار شاخ و جاے شاخ و بسیار نمک و جاے نمک +
	بار	دریا بار - رود بار	″	بسیار دریا و جاے دریا و بسیار رود و جاے رود +
	زار	گلزار - لالہ زار	″	بسیار گل و جاے گل و بسیار لالہ و جاے لالہ +
	ستان	گلستان و دبستان مخففِ ادبستان	″	بسیار گل و جاے گل و جاے ادب یعنی مکتب +
کلماتِ مفیدہ معنی لیاقت	وار	شاہوار - گوشوار	″	لائقِ شاہ - لائقِ گوش +
	انہ	شاہانہ - مردانہ	″	لائقِ شاہ و لائقِ مرد +
	گان	شایگان - رایگان - در اصل شاہگان و راہگان	″	لائقِ شاہ و لائقِ انداختن بر راہ +
کلماتِ مفیدہ معنی نگہبانی	بان	دربان - فیلبان	″	نگہبانِ در و نگہبانِ فیل +
	دار	پردہ دار - رازدار	″	نگہبانِ پردہ و نگہبانِ راز +
	وال شاید در اصل بان باشد	بہلوان - بندیوال	″	نگہبانِ بہل و نگہبانِ بندی +

کلماتِ معنیِ مانند - کہ آخرِ اسما آیند - و لفظِ وار و لفظِ سال در اوّلِ اسم ہم آید بشرطیکہ باے موحدہ بر آنہا باشد - چوں بوار بزرگاں و بسانِ کریماں +

دس	حُور دس بدالِ مُہملہ و سینِ مُہملہ	یعنی	مانندِ حُور +
دیس	حُور دیس بدالِ مُہملہ و یاے مجہُول	//	مانندِ حُور +
واں	پُتلواں	//	مانندِ پُتل یعنی مینڈ کھیت کی +
وں	پیلون - اشتروں	//	مانندِ پیل - مانندِ اُشتر +
وَند	پولاد وند - خُداوند	//	مانندِ پولاد - مانندِ خُدا +
آوند	خویشاوند	//	مانندِ خویش +
بس	شیر بس	//	مانندِ شیر +
فش	شاہ فش	//	مانندِ شاہ +
وش	ماہ وش	//	مانندِ ماہ +
آسا	شیر آسا - مرد آسا - رستم آسا	//	مانندِ شیر - مانندِ مرد - مانندِ رستم +
وار	بزرگوار - بندہ وار	//	مانندِ بزرگ - مانندِ بندہ +
سال	شیر سال - فرشتہ سال -	//	مانندِ شیر - مانندِ فرشتہ +
سار	خاکسار - سنگسار	//	مانندِ خاک و مانندِ چیزِ سنگ +

فائدہ ۔ بعض وقت ان کلمات کے آنے سے معنی میں بھی کچھ فرق پڑ جاتا ہے ۔ جیسے آمدن ۔ بر آمدن ۔ منت خدائے را ۔ منت مر خدائے را +

خداوندِ مستت و خداوندِ آرزو +	یعنی	مستمند و آرزومند	مند	علامات صیغۂ معنیٔ خداوند
خداوندِ ستم و خداوندِ گناہ +	″	ستمگار و گنہگار	گار	
خداوندِ تاج ۔ خداوندِ ہنر ۔ خداوندِ رنج ۔ خداوندِ مزد +	″	تاجور ۔ ہنرور ۔ رنجور و مزدور	ور	
سازندۂ شیشہ ۔ سازندۂ کاسہ +	″	شیشہ گر ۔ کاسہ گر	گر	علامات صیغۂ معنیٔ فاعلیت
خندہ کنندہ و گریہ کنندہ +	″	خنداں و گریاں	اں	
خرید کنندہ و فروخت کنندہ +	″	خریدار ۔ فروختار	ار	
بسیار سنگ ۔ بسیار دیو ۔ و بسیار رود +	″	سنگلاخ ۔ دیولاخ ۔ رود لاخ	لاخ	علامات کثرت بمعنی بسیار آید

نمبر شمار	حرف	معنی	مثال
١	لیکن ولیکن لیک ولیک	برائے اِستدراک یعنی اُس وہم کے دُور کرنے کے واسطے جو سُننے والے کو پہلی بات سے پیدا ہُوا ہو	جیسے زید نشستہ بشت۔لیکن عمرو رفت۔ زید اور عمرو کا نشست میں اِتّفاق ہوتا تھا۔زید نشستہ اشت کے کہنے سے سُننے والے کو وہم ہُوا۔کہ عمرو بھی بیٹھا ہوگا۔اِس وہم کے دُور کرنے کو کہا۔لیکن عمرو رفت

بعض کلمات جو خاص معنی کے لئے مقرر ہیں

	حرف	مثال		معنی
ماضی کے سر پر برائے زینتِ کلام آتے ہیں	ب	بگفت و بگوید و بگو	یعنی	گفت و گوید و گو
	مر	منت مر خدائے را	″	منت خدائے را
	در	در ساخت	″	ساخت
	بر	بر رنجید	″	رنجید
	فرا	فرا رفت	″	رفت
	فرو	فرو خوانند	″	خوانند
	وا	وا گزارند	″	گزارند
	خود	من خود چه کسم	″	من چه کسم
	همے	همے رفتی	″	رفتی
	یں	نخستین و کمترین	″	نخست و کمتر

نمبرِ شمار	حرف	معنی	مثال
۱	مگر	برائے اِستثنا	ہمہ یاراں آمدند - مگر زید ✦
۲	"	بمعنے شاید	بیہودہ مے گوئی مگر دیوانۂ ✦
۱	اَے	برائے ندا	اَے دوست اگر جاں طلبی جاں بہ تو بخشم ✦
۱	مے و ہمے	بر ماضی برائے اِستمرار - بر مضارِع برائے حال	میکرد - ہمیکرد - میکند - ہمیکند ✦
۱	ہم و نیز	برائے عطف	زید آمد - ہم بکر - خالد نیز ✦
۱	کاش کاشکے کاج	برائے تمنّا	کاش بیائی - کاشکے عدو بمیرد ✦
۱	آیا	برائے اِستفہام	آیا کسے ہست - کہ جواں مردی کند ؟
۱	یا	برائے تردید درمیانِ دو امر کہ یکے ازآں متحقق بود	زید آمد یا عمرو - زید نشستہ است یا رفت ✦

مثال	معنی	حرف	نمبر شمار
زِ صاحب غرض تا سخن نشنوی۔ یعنی زنہار نشنوی +	بمعنئے زنہار و ہرگز	تا	۵
چوں پیر شدی حافظ از میکدہ بیروں شو +	برائے شرط	چوں	۱
نداند شب پاشباں چوں گزشت +	برائے استفہام	"	۲
رویت چوں ماہ +	برائے تشبیہ	"	۳
چو باز آمدی ماجرا در نوشت +	برائے شرط	چو	۱
چو گلبن بخند و چو بلبل بگو +	برائے تشبیہ	"	۲
بے عقل و بے خرد۔ یعنی لفظِ عقل و خرد صفتِ کدام موصوف نمے تواند شد +	برائے نفئ اسمیکہ صفت نباشد	بے	۱
نا عاقل و نا خردمند +	نفیِ صفت کند	نا	۱
نہ مرا یار و نے مددگار ہست +	برائے نفی	نہ و نے	۱
ہرگز مبا +	برائے تاکید	ہرگز	۱
گر نشینی ور بخشیی جاے گشت +	برائے شرط	اگر ۔ گر ار ۔ ور	۱

نمبر شمار	حرف	معنی	مثال
۲	را	نشانِ مضاف الیہ	زید را غلام ۔ یعنی غلامِ زید ۔ زید مضاف الیہ ۔ را نشانِ مضاف الیہ +
۳	"	بمعنیٔ برائے	خدا را بہ بخشا ۔ یعنی برائے خدا ۔ و چرا یعنی برائے چہ +
۴	"	گاہے بمعنیٔ از	قضا را ۔ یعنی از قضا +
۱	با	برائے معیّت یعنی ہمراہی	آمدم با زید ۔ یعنی ہمراہِ زید +
۱	تا	برائے ابتدا	تا حکومتِ انگلشیہ در ہند قائم شدہ ۔ امن و اماں حاصل گشت +
۲	"	برائے انتہا	از صبح تا شام ۔ یعنی تا انتہائے شام +
۳	"	بمعنیٔ مادام یعنی جب تک	تا جہاں باشد تو باشی ۔ یعنی جب تک +
۴	"	بمعنیٔ سبب و چرا	بیا تا ترا خدمت کنم +

نمبرِ شمار	حرف	معنی	مثال
۱	دِر	برائے ظرفیّت	مال در کیسہ دارم و نظر در کتاب ۔ مال و نظر ہر دو مظروف اند ۔ و کیسہ و کتاب ہر دو ظرف +
۲	"	زائد برافعال	در افگند ۔ در سازد +
۳	"	زائد بعدِ اِسمیکہ بر وَے باے مُوحّدہ باشد	بہ دریا در ۔ یعنی بہ دریا +
۱	بر	بمعنیٔ بالا	بر بام رفتم ۔ و بر تو دعوے دارم +
۲	"	زائد بعد اِسمیکہ بر وَے باے مُوحّدہ باشد	بہ پسر بر ۔ یعنی بر پسر +
۱	را	نشانِ مفعول	زدم زید را ۔ زید مفعول ۔ را نشانِ مفعول +

مُبدل	مُبدل منہٗ	مثال		معنی	مثال		معنی
یائے	جیم در عبرانی و انگریزی	یُوسُف	جُوسُف	نامِ پیغمبر	یُونُس	جُونُس	نامِ پیغمبر

تنبیہ۔ جس مقام میں اُستادوں نے اِن حرفوں کو بدلا ہے۔ اُنھی مقاموں پر بدلنا دُرُست ہے۔ اِس قیاس پر ہر ایک جگہ بدلنا دُرُست نہیں +

حُرُوفِ مُرکّب

نمبرِ شُمار	حرف	معنی	مثال
۱	از	برائے ابتدائے زماں	از صُبح حاضرم۔ یعنی از ابتدائے صُبح +
۲	"	برائے ابتدائے مکاں	از خانہ تا بازار رفتم۔ یعنی ابتدائے رفتنم از خانہ اشت و انتہا تا بازار +
۳	"	بمعنیٔ بعض در حکمِ اسم	گرفتم از دراہم۔ یعنی گرفتم بعض دراہم۔ از بمعنیٔ بعض مضاف۔ دراہم مضاف اِلیہ۔ دونو مل کے مفعول ہیں گرفتم کے +
۴	"	زائد	از برائے خُدا۔ از بہرِ من۔ از پئے تو۔ یعنی برائے خُدا و بہرِ من و پئے تو +

مُبدل	مُبدل منہ	مثال		معنی	مثال		معنی
کاف فارسی	غینِ معجمہ	گلولہ	غلولہ	غُلّہ	۰	۰	۰
	جیمِ عربی	لگام	لجام	معروف	رگیلاں	رجیلاں	نام شہر
ن	لام	نیلوفر	لیلوفر	معروف	چندن	چندل	چوب معروف
و	بائے موحّدہ	نوشتہ	نبشتہ	معروف	۰	۰	۰
	بائے فارسی	وام	پام	زنگ	۰	۰	۰
	فا	یاوہ	یافہ	گُم شدہ و بیہودہ	۰	۰	۰
ہائے ہوز	ہمزۂ ملیّنہ در اضافت	خانہ	خانۂ من	معروف	خامہ	خامۂ تو	معروف
	بکافِ عجمی در تصغیر جمع و لحوقِ یائے	خامہ	خامگک	معروف	دیوانہ	دیوانگاں دیوانگی	״

مُبدل	مُبدل منہ	مثال		معنی	مثال		معنی
صاد مہملہ	سینِ مہملہ	قفص	قفس	پنجرا	.	.	.
غین معجمہ	کافِ فارسی	لغام	لگام	معروف	غلیواز	گلیواز	چیل
	کاف در ترکی	ایاغ	ایاق	پیالہ	.	.	.
ف	واو	فام	وام	رنگ	.	.	.
قاف	کافِ تازی	تریاق	تریاک	نام دوا	ترقیدن	ترکیدن	پھٹنا
	کافِ فارسی	خانقاہ	خانگاہ	عبادت خانہ	.	.	.
	غینِ معجمہ	قالیچہ	غالیچہ	نوعے از فرش معروف	قلندر	غلندر	درویش
کافِ تازی	خاے معجمہ	شاماک	شامخ	سینہ بندِ زناں و غلافِ معروف	شاماکچہ	شامانچہ	سینہ بند زناں

مُبدَل	مُبدَل مِنہ	مِثال		معنی	مِثال		معنی
خائے معجمہ	قاف در ترکی	چقماخ	چقماق	آتش زن	۰	۰	۰
دال مہملہ	تائے فوقانی	دُرّاج	تُرّاج	تیتر	کدخدا	کتخدا	صاحبِ خانہ
	ذالِ معجمہ	آدر	آذر	آتش	خِذمت	خِدمت	معروف
ذال معجمہ	دالِ مہملہ	اُستاذ	اُستاد	اخوند	نبیذ	نبید	شراب
زائے معجمہ	غینِ معجمہ	گُریز	گُریغ	اُفراز گُریختن	آمیز	آمیغ	افراز آمیختن
	سینِ مہملہ	ایاز	ایاس	نامِ غلامِ محمود	آہنکز	آہنکس	بجک فیلبانان
سینِ مہملہ	صادِ مہملہ	شست	شصت	ساٹھ	سد	صد	سَو
	شینِ معجمہ	فرِستہ	فرِشتہ	معروف	۰	۰	۰
شینِ معجمہ	سینِ مہملہ	شارک	سارک	مینا	۰	۰	۰
	جیمِ تازی	کاش	کاج	کاشکے و درختِ صنوبر	۰	۰	۰

مُبدل	مُبدل منہ	مثال		معنی	مثال		معنی
بائے موحدہ	فا	زبان	زفان	معروف	زبانہ	زفانہ	شعلہ
	واو	خواب	خواو	"	.	.	.
بائے فارسی	فا	سپید	سفید	معروف	پارسی	فارسی	معروف
	بائے موحدہ	پژوہ	بژوہ	نام شہر	.	.	.
تائے فوقانی	طائے مہملہ	ستبر	سطبر	پُرکار	تُوتیا	طُوطیا	سُرمہ
	ثائے مثلثہ	کیومرت	کیومرث	نام بادشاہ	.	.	.
جیم فارسی	زائے تازی	چُوچہ	چُوزہ	بچۂ مرغ	.	.	.
	زائے فارسی	کج	کژ	معروف	.	.	.
	شین معجمہ	کاج	کاش	درختِ صنوبر و بمعنیٔ کاشکے	کنگاج	کنگاش	مشورت
	کافِ فارسی	آخشیج	آخشیگ	عُنصر	.	.	.
	تائے فوقانی	تاراج	تارات	لُوٹ	.	.	.
جیم فارسی	شینِ معجمہ	لخچہ	لخشہ	شعلۂ آتش	.	.	.
	صادِ مہملہ	چین	صین	نام ملک	چندل	صندل	چوب معروف

آتے۔ اور وُہ یہ ہیں۔ ث۔ ح۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔
ع۔ ق +

لفظِ شصت اصل میں شست تھا۔ اور لفظِ صد۔ سد۔ سین کو صاد سے بدلا + اور چار حرف مخصوص فارسی کے ہیں۔ عربی میں نہیں آتے۔ وُہ یہ ہیں۔ پ۔ چ۔ ژ۔ گ۔ اگر عربی میں لاتے ہیں۔ تو پ کو ف سے۔ چ کو ص سے۔ گاف کو جیم تازی سے بدل کے لاتے ہیں۔ اور ژ بدل ہی نہیں ہوتی +

مُفرد حرف کا اور حرف سے بدل جانا

جس حرف کو بدلتے ہیں۔ اُس کو مُبدل کہتے ہیں۔ اور جس حرف سے بدلتے ہیں۔ اُس کو مُبدل مِنہُ کہتے ہیں۔ اِس جدول سے مع مثال دریافت کرو۔ جدول یہ ہے :۔

مُبدل	مُبدل مِنہُ	مثال		معنی	مثال		معنی
[illegible]	دالِ مُہملہ	بایں	بدیں	معروف	بآں	بداں	معروف
	یاے تحتانی	اَلدش	یکدش	دو رگہ کہ پدرش از قومے و مادرش از قومے باشد	ارمغاں	یرمغاں	تحفہ

نمبر	معنی	موقع	مثال
۲	برائے وحدت بمعنے یک	اسم کے آخر	جیسے بزرگے و عزیزے فرمود۔ یعنی یک بزرگ و یک عزیز فرمود +
۳	برائے تعظیم	"	جیسے فلاں مردے است ۔ یعنی مردِ بزرگ +
۴	برائے استمرار	ماضی کے آخر	جیسے کردے۔میکردے ۔ ہمیکردے۔ وہ کرتا تھا۔اسی طرح سے گفتے۔ وہ کہتا تھا +
۵	برائے تعریف یعنی معرفہ کردن	اسم کے آخر	یہ بھی یاے موصول ہے ۔ اس کے بعد کافِ صلہ اور جملہ صلے کا ہوتا ہے ۔جیسے بیت سعدی ۔ ع حسودے کہ یک جو خیانت ندید بکارش نیاید چو گندم طپید + حسود نکرہ تھا ۔یاے موصول اور صلے سے معرفہ ہو گیا۔اور جیسے مرادے کہ داشتم۔ حاصل شد۔ یعنی مرادِ معین +

فائدہ

آٹھ حرف مخصوص عربی کے ہیں ۔فارسی میں نہیں

نمبر	معنی	موقع	مثال
۲	برائے نسبت	اسما کے آخر	جیسے بادِ بہاری - یعنی باد منسوب بہ بہار - و اسپ عربی و جوزِ ہندی +
۳	برائے معنئ مصدر	اسم فاعل و اسم مفعول کے آخر	جیسے بخشندگی و افسردگی - یعنی بخشندہ شدن و افسردہ شدن - غریب نوازی و زر ریزی - یعنی نواختنِ غریب و ریختنِ زر +
۴	برائے لیاقت	مصدرِ فارسی کے آخر	جیسے کشتنی - یعنی قابلِ کشتن و نواختنی - یعنی قابلِ نواختن +
۵	برائے فاعلیت	اسم کے آخر	جیسے گشتی - بمعنی گشت کنندہ - کسبی - بمعنی کسب کنندہ - یائے فاعلیت کو یائے نسبت بھی کہیں - تو بجا ہے +

یائے مجہول

نمبر	معنی	موقع	مثال
۱	برائے تنکیر یعنی نکرہ کردن	اسم کے آخر	جیسے آخر کسے کے - بمعنئ کس غیر معین اور نکرہ غیر معین کو کہتے ہیں - چنانچہ اس کا بیان ہو چکا ہے +

الف و نون سے جمع کریں - یا یائے مصدری لگائیں - جب بھی کافِ فارسی سے بدل جائیگی - جیسے پیادگاں و روندگاں - اور آزردگی و افسردگی +

وہ ہائے مختفی کہ جزو کلمے کی نہ ہو - اُس کے کئی معنی ہیں :-

نمبر	معنی	موقع	مثال
۱	برائے نسبت	اسما کے آخر	دندانہ منسوب بہ دنداں - دشتہ منسوب بہ دشت - اسی طرح سے یک سالہ منسوب بہ یک سال - یک ماہہ منسوب بہ یک ماہ - اسی طرح سے یک روزہ و یک شبہ +
۲	بمعنے اشت	ماضی مطلق کے آخر	جیسے آمدہ یعنی آمدہ اشت - رفتہ یعنی رفتہ اشت +
۳	برائے اظہارِ فتحہ	کلمے کے آخر	جیسے جامہ - خامہ - بندہ - شگوفہ +
۴	زائد	//	ریچال - ریچالہ - بمعنے پنیر - آچار - آچارہ - غنجار - غنجارہ بمعنے گلگونہ +

یائے معروف

نمبر	معنی	موقع	مثال
۱	برائے خطابِ واحد حاضر	فعل کے آخر	جیسے کردی - کیا تو نے - آمدی - آیا تو +

مثال	موقع	معنی	نمبر
تفاوت بسیار +	٠	٠	٠
پسرو - یعنی پسر خرد +	کلمے کے آخر	برائے تصغیر	۴
زدم زید را و پدرش ایستادہ بود - یعنی زدم زید را در حالے کہ پدرش ایستادہ بود +	دو جملوں میں	بمعنے حال	۵
جیسے لیک - ولیک - لیکن ولیکن +	کلمے کے اوپر	زائد	۶

ہا

ہ دو قسم کی ہوتی ہے - ملفوظی اور مختفی +
ملفوظی وہ جو آخر کلمے کے ہو اور پڑھنے میں آئے - جیسے گرہ و زرہ میں - اور جمع میں برقرار رہتی ہے - جیسے گرہہا اور زرہہا - اور کافِ تصغیر کے ملنے سے مفتوح ہوتی ہے - جیسے گرہک و زرہک - اور اضافت میں مکسور ہوتی ہے - جیسے گرہِ من و زرہِ من +
مختفی وہ ہے - کہ پڑھنے میں نہ آئے - جیسے جامہ اور خامہ میں - جمع میں حذف ہوتی ہے - جیسے جاہا - خاہا - اور کافِ تصغیر جو آخر میں لائیں - تو وہ کافِ فارسی سے بدل جاتی ہے - جیسے جامگک و خامگک - اگر

واؤ

واوِ اصلی جو جزو کلمے کی ہے۔ دو قسم پر ہے۔ معدولہ اور ملفوظی۔ معدولہ وہ۔ کہ پڑھنے میں نہ آئے۔ جیسے اِن کلموں میں ہے۔ خورد۔ خوش۔ خویش۔ خواجہ۔ خود۔ اور ملفوظی وہ ہے۔ کہ پڑھنے میں آئے۔ وہ بھی دو قسم پر ہے۔ معروف و مجہول۔ معروف۔ جیسے نور اور ظہور میں۔ اور مجہول۔ جیسے زور اور شور میں +

واوِ ملفوظی کے کئی معنی ہیں:۔

نمبر	معنی	موقع	مثال
۱	برائے عطف	معطوف و معطوف علیہ کے درمیان	جیسے آمد زید و عمرو۔ آیا زید اور عمرو۔ واو عطف کی۔ زید معطوف علیہ اور عمرو معطوف۔ حال معطوف اور معطوف علیہ کا ایک ہوتا ہے +
۲	برائے لزوم	لازم و ملزوم کے درمیان	؎ اگر دعوتم رد کنی ور قبول من و دست و دامانِ آلِ رسول دست و دامان آپس میں لازم اور ملزوم ہیں +
۳	برائے استبعاد یعنی دوری	دو کلموں میں جو باہم بُعد رکھتے ہیں	؎ من و انکارِ شراب ایں چہ حکایت باشد۔ ظاہرا ایں قدرم عقل کفایت باشد۔ درمیانِ من و انکارِ شراب استبعاد است۔ یعنی دوری و

نمبر	معنی	موقع	مثال
			جیسے کسی سے پوچھو - این طعام نمے خوری ؟ یعنی مے خوری یا نمے خوری - یہ نون ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے - اگر نون کو علیحدہ رکھیں - تو چاہیئے - کہ ہائے مختفی آخر میں زیادہ کریں - جیسے نہ - اور کبھی ہائے مختفی یائے تحتانی سے بدل ہوتی ہے - اور مفتوح نون کا کسرے سے - جیسے نے - اور کبھی نے کو مکرر بھی لاتے ہیں - کہ اس سے کلام سابق کی نفی مراد ہوتی ہے - جیسے زید در خانہ است - نے نے بہ سفر رفتہ است ؛
۴	برائے نسبت	اسم کے آخر	جیسے ریمین منسوب بہ ریم - اور جوشن منسوب بہ جوش مترجم حلقہ یہ بھی کہتے ہیں - کہ یہ نون مخفف ال کا ہے - کہ واسطے نسبت کے ہے ؛
۵	زائد	کلمے کے آخر	جیسے پاداش - پاداشن - زیبا - زیبان - شو - شون - چو - چون ؛

نمبر	معنی	موقع	مثال
۳	برائے نہی	اوّل صیغۂ امر حاضر و اوّلِ صیغۂ مُضارع و دُعا	جیسے کُن پر میم آیا - مکُن ہُوا - یہ میم ہمیشہ مفتُوح ہوتا ہے - اور جیسے رساد - مرساد - باد - مباد - کُناد - مکُناد +
۴	برائے وصفیّت اعداد	آخرِ اعداد	جیسے یکم - دُوم - سوّم - یہ میم ساکن ہوتا ہے - اور ماقبل اِس کا مضموم +

ن

نمبر	معنی	موقع	مثال
۱	برائے نفی	ماضی و مُضارع و مُستقبل و حال کے اوپر	نکرد - نکُند - نخواہد کرد - نمے کُند - یہ نُون ہمیشہ مفتُوح ہوتا ہے +
۲	برائے نہی	بر امرِ غائب	باید کہ نکُند - باید کہ نکردہ شوَد - یہ نُون بھی ہمیشہ مفتُوح ہوتا ہے +
۳	برائے اِستفہام	اوّلِ کلمہ	اِستفہام اِقراری ؎ غُلامے شکستش سر و دست و پائے کہ یارے نگفتم کہ اِیں جا میائے؟ یعنی گُفتم + اِستفہام اِستخباری +

نمبر	معنی	موقع	مثال
۱۲	برائے تردید بمعنے یا	درمیانِ دو کلمہ	جیسے زید آمد کہ عمرو۔ یعنی زید آمد یا عمرو +
م			
۱	متکلم ضمیرِ متصل	آخرِ کلمہ	ترکیب میں کبھی فاعل ہوتا ہے۔ جیسے کردم۔ کیا میں نے۔ آمدم۔ آیا میں۔ اور کبھی مفعول ہوتا ہے۔ جیسے چہ فرمائیم؟ کیا فرماتا ہے تو مجھ کو۔ اور کبھی مضاف الیہ ہوتا ہے مابعد مضاف کے۔ جیسے غلامم۔ غلام میرا۔ یا قبل مضاف کے۔ جیسے سعدی شیرازی کا قول ؎ تولاے مردانِ رایں پاک بوم بر انگیختم خاطر از شام و رُوم بر انگیختم کے آخر کا میم مضاف الیہ ہے خاطر کا۔ یعنی خاطرم از شام و رُوم بر انگیخت +
۲	بمعنے خود	ایضاً	بہ لطفم بخواں یا براں از درم۔ ندارم بجز آستانت سرم۔ یعنی سرِ خود +

نمبر	معنی	موقع	مثال
۷	بمعنیٔ از	اِسم کے اوپر بجاے از	ترکِ اِحسانِ خواجہ اَولےٰ تر کاِحتمالِ جفاے ۔توابان یعنی از جفاے ۔توابان ۔یعنی دربانان +
۸	براے تصغیر و زائد نیز	آخرِ اِسم ماقبل مفتوح	ماقبل اِس کاف کا مفتوح ہوتا ہے۔ جیسے بط اور بطک اور طفل اور طفلک ۔مرد اور مردک ۔پسر اور پسرک۔زائد کی مثال زو و زوک +
۹	بمعنیٔ ہر کہ	بر سرِ کلمہ از کلماتِ جملہ	دِگر کشور آباد بیند بخواب کہ دارد دِلِ اہلِ کشور خراب یعنی ہر کہ دِلِ اہلِ کشور خراب دارد ۔ کشور آباد نہ بیند +
۱۰	براے تشبیہ بمعنیٔ چنانکہ	دو کلاموں میں	چناں مے خورد زنگیٔ خام را کہ زنگی خورد مغزِ بادام را ترجمہ۔ ایسا کھاتا ہے سِکندر کچے زنگی کو۔جیسے زنگی کھائے مغز بادام کو + دوسرے مصرع میں تشبیہ ہے پہلے مصرع کی +
۱۱	زائد	کلام میں	مولانا رُوم مے فرمایند ؎ گہ چنیں بنماید و گہ ضدِّ ایں جز کہ حیرانی نباشد کارِ دیں یعنی جز حیرانی نباشد کارِ دیں +

نمبر	معنی	موقع	مثال
	۵		میں آزُردہ اُور ناشاد کَون تھا ؟ مَیں نہ تھا نِشانہ ظُلم کا کَون تھا؟ اِس کلام سے اِقرار ہُوا۔ کہ شاعِر کہتا ہَے۔ تیری مجلِس میں آزُردہ اُور ناشاد اُور نِشانہ ظُلم کا مَیں تھا + دُوسرا اِستِفھامِ اِنکاری۔ کہ اُس سے اِنکار معلُوم ہو۔ جَیسے ع کہ مے گوید کہ بر عزمِ سفر بست ؟ ترجمہ۔ کَون کہتا ہَے۔ کہ سفر کے قصد پر کمر باندھی ؟ تیسرا اِستِفھامِ اِستِخباری۔ وُہ ایک بات کا پُوچھنا ہَے۔ نہ اِقرار ہَے۔ نہ اِنکار۔ جَیسے ؎ لالہ رُخا سمن برا سروِ روانِ کیستی؟ سنگ دِلا ستمگرا آفتِ جانِ کیستی؟
۶	بمعنیء بلکہ	دو جُملوں کے درمیان	اِس کاف کے باعِث پہلے جُملے سے دُوسرا جُملہ ترقّی رکھتا ہَے۔ جَیسے ؎ مکافاتِ دُشمن بمالش مکُن کہ بخشش بر آزُردہ باید زِ بُن اَے بلکہ بخشش +

مثال	موقع	معنی	نمبر
اَے بسا اسپ تیز رَو کہ بماند۔ کہ خر لنگ جاں بمنزل برد۔ یعنی اسپ بماند و خرِ لنگ جاں بمنزل برد ۔	دو جملوں کے درمیان	برائے عطف	۴
اگر جملۂ اِسمیّہ ہو۔ تو کاف اِستفہام کا خبر پڑتا ہے جیسے اِیں مرد کیست ؟ اِیں مراد مبتدا۔ کاف اِستفہام کا خبر۔ اور است علامت جملۂ اِسمیّہ کی۔ اگر جملۂ فعلیّہ ہو۔ تو فاعل ہوگا۔ جیسے کہ آمد ؟ یا مفعول ہوگا۔ جیسے کرا زدی ؟ کلمۂ زدی فعل با فاعل۔ کافِ اِستفہام مفعول اور لفظ را نشان مفعول کا ہوگا ۔ فائدہ۔ اِستفہام کیا ہے ؟ پُوچھنا ایک بات کا۔ اِستفہام تین طرح کا ہوتا ہے۔ ایک اِستفہام اقراری ہے۔ کہ جس سے اقرار دریافت ہو۔ جیسے ؎ دوش در بزم تو آزردہ و ناشاد کہ بود؟ من نہ بودم ہدفِ ناوکِ بیداد کہ بود؟ ترجمہ۔ کل رات تیری مجلس	ایک جزو جملے کا ہوتا ہے	اِستفہام کے لئے بمعنیٔ کدام	۵

نمبر	معنی	موقع	مثال
۲	بمعنئ حاصلِ مصدر	بعدِ صیغۂ امرِ حاضر معروف	جیسے کوشش و کشش بمعنئ کوشیدن و کشیدن۔ ماقبل شین مصدری کا ہمیشہ مکسور ہوتا ہے +
۳	زائد	آخرِ کلمہ	خوش آمد۔ یعنی خود آمد +
		ک	
۱	برائے علت و سبب	درمیان دو جملہ	بر درت آمدم کہ لطف کنی۔ یعنی بر درت آمدم بدیں سبب کہ لطف کنی +
۲	برائے بیان	مبین کے بعد	صد شکر کہ بود نامہ ام رنگِ قبول +
	"	جملۂ مقولہ کے پہلے	گفتم کہ گلے ز بچینم از باغ۔ یعنی گفتم اینکہ گلے ز بچینم از باغ +
	"	بعدِ موصول جملۂ صلہ پر	اے آنکہ جمالِ خویش پایندہ توئی۔ آں موصول و کافِ صلہ +
	"	موصول محذوف کے بعد	اے کہ شخصِ منت حقیر نمود +
۳	برائے مفاجات یعنی ناگاہ و یکایک	دو جملوں کے درمیان	بودیم بے خبر کہ سپاہِ عدو رسید۔ یعنی ناگاہ و یکایک +

نمبر	معنی	موقع	مثال
٦	بمعنئ ہرچہ	سرِ کلمہ و کلام	رچہ باشد مُیسّر بزودی فرشت۔ یعنی ہرچہ مُیسّر باشد +
ش			
١	ضمیرِ غائب	آخرِ کلمہ	کبھی مفعُول ہوتا ہے۔ جیسے دادمش اِنعام و اِنعامش دادم۔ ماقبل اِس کا مفتُوح ہوتا ہے۔ اگر کافِ بیانی ماقبل اِس کے ہو۔ تو مکسُور پڑھتے ہیں۔ جیسے رکش + اگر ہ والے کلمے کے بعد ہو۔ تو ہ کے بعد ہمزہ مفتُوح زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے خانہ اش۔ کاشانہ اش۔ کبھی مُضاف اِلَیہ ہوتا ہے۔ جیسے غلامش + اگر مُضاف وُہ کلمہ ہو۔ کہ جس کے آخر الِف یا واؤ ہو۔ تو بعد الِف کے یا واؤ کے یاے تحتانی مفتُوح زیادہ کرکے شین سے مِلاکر پڑھتے ہیں۔ جیسے خُویَش۔ بُویَش۔ صفایَش۔ اَور کبھی یاے تحتانی مفتُوح نہیں بھی لاتے ہیں۔ پڑھتے ہیں۔ خُویش۔ بُویش۔ صفاش۔ جفاش +

نمبر	معنی	موقع	مثال
•	•	•	جیسے آمدی تو۔ تو کجائی۔ زید توئی۔ غلام تو +
۳	معنئ خود	اسم کے آخر	از بارگہت مرانم اے شاہ۔ یعنی از بارگاہِ خود +
۴	زائد	"	جیسے بارلش۔ بارلشت +
		چ	
۱	برائے سبب	جملے کے پہلے	ایں طعام نخوردم چہ بے مزہ بود۔ یعنی میں نے نہ کھایا۔ اس سبب سے کہ بے مزہ تھا +
۲	برائے استفہام	اکثر جملے کے پہلے	چہ گفتی؟ کیا کہا تو نے؟ چیستی؟ کیا ہے تو؟ چہ حال است؟ کیا حال ہے؟
۳	برائے تعظیم	کلمے کے پہلے	بتیغے نگر تا چہ شاہی گرفت +
۴	برائے تحقیر	ایضاً	ما چہ باشیم و چہ باشد دلِ غم پرورِ ما۔ یعنی ما چہ حقیر باشیم و دلِ ما چہ حقیر باشد +
۵	معنئ چیز	حرف ہر کے ساتھ	ہر چہ از دوست میرسد نیکوست +

نمبر	معنی	موقع	مثال
۲۵	زائد	افعال کے پہلے	جیسے بگفت۔ بخرید۔ +

ت

نمبر	معنی	موقع	مثال
۱	برائے خطاب حاضر	کلمے کے آخر	کبھی مُضاف اِلَیہ ہوتی ہے۔ جیسے بارت بُرْدم اَور بُرْدمت بار۔ یعنی بُرْدم بارِ تو۔ کبھی مفعُول واقع ہوتی ہے۔ جیسے دادمت زر اَور زرت دادم۔ یعنی زر تُرا۔ اگر کلمے کے آخر ہ ہو۔ تو الف ت پر زیادہ کرو۔ جیسے خانہ ات۔ اگر الف یا واو ہو۔ یاے تحتانی زیادہ کرو۔ جیسے صفایت اَور بُویت۔ اَور کبھی یاے تحتانی نہیں زیادہ کرتے۔ کہتے ہیں ؎ بہوسم پات بینم رُوت اے جاں +
۲	اَیضاً	علیحدہ	واوِ معدُولہ۔ اِس کے آخر زیادہ کرکے تو پڑھتے ہیں۔ تو فاعل بھی اَور مُبتدا بھی اَور خبر بھی اَور مُضاف اِلَیہ بھی ہوتا ہے۔

مثال	موقع	معنی	نمبر
کرا پائے خاطر در آید بہ سنگ۔ یعنی زیرِ سنگ در آید +	اسما کے اوّل	بمعنیٔ تحت و پائیں	۲۱
بہ گردن رفتند سرکشِ وتُندخوئے + یعنی بر چرخ گردن یا گردن کے بل +	//	بمعنیٔ رُخ	۲۲
ور زر داری بہ زور محتاج نۂ۔ یعنی محتاجِ زور نۂ یعنی تُو زور کا محتاج نہیں +	//	بمعنیٔ اضافت	۲۳
من رُو بہ قبلہ دارم تو رُو بہ دَیر داری۔ یعنی طرفِ قبلہ و طرفِ دَیر +	//	بمعنیٔ طرف	۲۴
آں قطرہ ام کہ چرخ بہ دُور انگند مرا۔ یعنی دُور انگند مرا +	اِسم کے پہلے	زائد	۲۵
نخواہم ندانم بجز نامِ تو یعنی جُز نامِ تو +	حرف کے پہلے	//	

نمبر	معنی	موقع	مثال
۱۰	بمعنیٔ موافق	اسما کے اوّل	نفس در آتشِ دل بارہا گداخت مرا۔ کہ ایں چنیں بمرادِ دلِ تو ساخت مرا۔ یعنی موافقِ مرادِ دلِ تو +
۱۱	بمعنیٔ نزدیک	″	یا رب تو مرا بدوشت برساں۔ یعنی نزدیکِ دوشت +
۱۲	بمعنیٔ وسیلہ و طفیل	″	عصیانِ مرا دو نصف کن در عرصاتِ نصفے بہ حسن بہ بخش و نصفے بہ حسین۔ یعنی بوسیلہ و بطفیلِ حسن و حسین +
۱۳	بمعنیٔ قسم	″	بہ خدائے کریم عزّ و جلّ یعنی قسم مے خورم بہ خدائے کریم عزّ و جلّ +
۱۴	برائے ابتدا	″	بنامِ جہاندارِ جاں آفریں۔ یعنی ابتدا مے کنم بنامِ جہاندارِ جاں آفریں +

نمبر	معنی	موقع	مثال
۷	برائے درازئ آواز یعنی ندبہ	اسما کے آخر	دزدا - دریغا - وا غوثا - وا حسرتا +
۸	برائے پیوستگی	دو کلمۂ مکرّر کے درمیان	دوشا دوش - لبالب - یعنی دوش پیوستہ بہ دوش و لب پیوستہ بہ لب +
		ب	
۱	برائے اتّصال بمعنئ ساتھ	اسما کے اوّل	آشنائی بہ تو چہ دردِ سر اشت - یعنی آشنائی تیرے ساتھ +
۲	بمعنئ در	″	اُفتم بہ پاے تو کہ بہ بخشی خطاے من - یعنی در پاے تو +
۳	بمعنئ مع	″	بیا کہ دل بہ عجب لذّتے ہم آغوش اشت - یعنی با عجب لذّتے +

نمبر	معنی	موقع	مثال
۵	بمعنیٔ کثرت	صفت کے آخر	خوشا ۔ یعنی بسیار خوش ۔ بدا ۔ یعنی بسیار بد ٭
۶	زائد	ماضی مطلق کے آخر	گفتا ۔ یعنی گفت ۔ و رفتا ۔ یعنی رفت ٭
	ایضاً	صیغۂ دعا کے آخر	بادا ۔ یعنی باد ۔ شوادا ۔ یعنی شواد ٭
	ایضاً	اسماء کے آخر	شب و روز مخزونا طالبا ۔ پئے صیغۂ دنیوی در تنگ است ۔ یعنی طالب ٭
	ایضاً	اسما کے اوّل	اِسکندر بکسر ۔ اسمندر بفتح ۔ اُشتلم بضم ۔ یعنی سکندر ۔ سمندر و شتلم ۔ اس الف کو مابعد کی حرکت دیتے ہیں ٭
	ایضاً	بعض حروف کے اوّل	ابر ۔ ابا ۔ ابے ۔ بمعنی برہ و با و بے کہ بمعنیٔ نفی است ٭

جو اصل میں ہمزہ تھا۔ الف ہ سے بدل کر ہمزہ ہو گیا۔ اور ہمزہ کو عرف میں الف بھی کہتے ہیں۔ اور الف کئی معنی کے واسطے آتا ہے +

الف

نمبر	معنی	موقع	مثال
۱	برائے ندا	اسما کے آخر	خدایا! پادشاہا! بمعنی اے خدا! اے پادشاہ!
۲	برائے دعا	مضارع میں	کناد۔ رساد۔ بواد مخفف اس کا باد نفی ان کی میم کے ساتھ مکناد۔ مرساد۔ مباد +
۳	بمعنئے فاعل	صیغۂ امر حاضر معروف کے آخر	دانا۔ بینا۔ شکیبا۔ یعنی دانندہ۔ بینندہ۔ شکیبندہ +
۴	بمعنئے واو عطف	دو کلمۂ مرادف کے درمیان	تگاپو۔ یعنی تگ و پو۔ تگادو۔ یعنی تگ و دو۔ بمعنی دوڑ دھوپ +
	ایضاً	دو کلمۂ غیر مرادف کے درمیان	رستا خیز۔ یعنی رست و خیز۔ یعنی اٹھنا اور اٹھنا +

حُرُوف

حرف کی تعریف تُم پڑھ چُکے ہو۔کہ حرف کسی اَور کلمے کے مِلے بغیر معنی نہیں دیتا۔اب اُس کی قِسمیں اَور اِستعمال کا موقع اَور معنی بیان کئے جاتے ہیں +

حُرُوف کی باِعتبار ترکیب کے دو قِسمیں ہیں۔ ایک حُرُوفِ مُفردہ۔دُوسرے مُرکّبہ +

حُرُوفِ مُفردہ

فارسی میں بعض حُرُوفِ تہجّی اَیسے ہیں۔کہ وُہ اَور کلموں سے مِل کر اپنے معنی دیتے ہیں۔جَیسے بمدرسہ۔ مُدرسے میں۔رفتم۔میں گیا۔اِس قِسم کے حُرُوف یہ ہیں۔اِلف۔ب۔ت۔چ۔ش۔ک۔م۔ن۔و۔ہ۔اَور ی۔اِن کو حُرُوفِ مُفردہ کہتے ہیں۔اِن حُرُوف کے مشہُور معنی لِکھے جاتے ہیں +

اِلف

اِلف وُہ ہَے۔کہ ہمیشہ ساکِن ہو۔اَور اُس کے پڑھنے میں آواز کو پیچش نہ ہو۔اگر متحرِک ہو۔یا اُس کے پڑھنے میں آواز کو پیچش ہو۔تو وُہ ہمزہ ہَے۔

ہوگی - رفتہ اشت فعل - او فاعل - بہ جار - شاہجہاں آباد مُرکّب امتزاجی مجرور - جار مجرور مُتعلّق فعل - فعل اپنے فاعل اور متعلّق کے ساتھ مل کر جملۂ فعلیّہ ہُؤا +

حال اور ذُو الحال - تمیز اور مُمیّز میں سے ہر ایک ایک کلمے کا حکم رکھتا ہَے - جَیسے زید نالاں مے آمد - دہ من آرد خریدم - ان کی ترکیب اِس طرح کرینگے +

زید ذُو الحال - نالاں حال - ذُوالحال و حال مل کر فاعل مے آمد فعل کا - فعل فاعل کے ساتھ مل کر جُملۂ فعلیّہ ہُؤا +

دہ من عدد معدُود مل کر مُمیّز - آرد تمیز - مُمیّز تمیز کے ساتھ مل کر مفعُول ہُؤا خریدم فعل با فاعل کا - فعل فاعل اور مفعُول کے ساتھ مل کر جُملۂ فعلیّہ ہُؤا +

ایک سَو اِکتّیس ÷

۹۔ عطف و معطوف و معطوف علیہ

معطوف وُہ کلمہ یا کلام ہے۔ جو حرفِ عطف کے بعد واقع ہو۔ اور معطوف علیہ وُہ کلمہ یا کلام ہے۔ جو حرفِ عطف سے پہلے واقع ہو۔ کلمے کا عطف کلمے پر ہوتا ہے۔ اور کلام کا کلام پر۔ عطف کے معنی ہیں حرفِ عطف کے ذریعے سے معطوف کا معطوف علیہ کی طرف پھیرنا۔ یعنی معطوف کو معطوف علیہ کے حال کا شریک کرنا۔ جیسے زید و بکر آمد۔ اِس کی ترکیب اِس طرح کرینگے۔ آمد فعلِ لازم۔ زید معطوف علیہ۔ و حرفِ عطف کا۔ بکر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف سے مل کر فاعل ہُؤا آمد فعل کا۔ فعل ساتھ فاعل کے مل کر جملۂ فعلیہ ہُؤا۔ یہ عطف کلمے کا کلمے پر ہُؤا۔ اور جملۂ معطوفہ کے حال میں تم پڑھ چکے ہو۔ کہ کلام کا عطف کلام پر کس طرح ہوتا ہے؟

۱۰۔ مُرکّبِ اِمتزاجی

یہ بھی کم سے کم دو کلموں کے مِلنے سے بنتا ہے۔ اور اِس میں کوئی حرف محذوف نہیں ہوتا۔ دونو کلموں کے جُدا جُدا معنی نہیں لئے جاتے۔ بلکہ دونو مل کر ایک معنی دیتے ہیں۔ اور دونو ایک کلمے کا حکم رکھتے ہیں۔ جیسے اکبر آباد۔ شاہجہاں آباد۔ جیسے او بہ شاہجہاں آباد رفتہ است۔ ترکیب اِس کی یوں

ہفتاد و سہ تہتّر	ہفتاد و چہار چوہتّر	ہفتاد و پنج پچھتّر	ہفتاد و شش چھہتّر
ہفتاد و ہفت ستتّر	ہفتاد و ہشت اٹھتّر	ہفتاد و نُہ اُناسی	ہشتاد اسّی
ہشتاد و یک اِکیاسی	ہشتاد و دو بیاسی	ہشتاد و سہ ترَاسی	ہشتاد و چہار چوَراسی
ہشتاد و پنج پچاسی	ہشتاد و شش چھیاسی	ہشتاد و ہفت ستاسی	ہشتاد و ہشت اٹھاسی
ہشتاد و نُہ نواسی	نوَد نوّے	نوَد و یک اِکانوے	نوَد و دو بانوے
نوَد و سہ ترانوے	نوَد و چہار چوَرانوے	نوَد و پنج پچانوے	نوَد و شش چھیانوے
نوَد و ہفت ستانوے	نوَد و ہشت اٹھانوے	نوَد و نُہ ننانوے	صد سَو

ایک سَو کو یک صد۔ دو سَو کو دو صد۔ تین سَو کو سہ صد کہتے ہیں۔ اور دس سَو کا ہزار ہوتا ہے۔ اِسی طرح سے یک ہزار۔ دو ہزار۔ سہ ہزار۔ اور گنتی میں پہلے ہزار۔ پھر سینکڑے۔ پھر عدد جو جدول میں ہیں۔ لکھنے پڑھنے چاہئیں۔ جیسے یک ہزار یک صد و سی و یک۔ یعنی ایک ہزار

سی و سہ تینتیس	سی و چہار چونتیس	سی و پنج پینتیس	سی و شش چھتیس
سی و ہفت سینتیس	سی و ہشت اڑتیس	سی و نہ انتالیس	چہل چالیس
چہل و یک اکتالیس	چہل و دو بیالیس	چہل و سہ تینتالیس	چہل و چہار چوالیس
چہل و پنج پینتالیس	چہل و شش چھیالیس	چہل و ہفت سینتالیس	چہل و ہشت اڑتالیس
چہل و نہ انچاس	پنجاہ پچاس	پنجاہ و یک اکیاون	پنجاہ و دو باون
پنجاہ و سہ ترپن	پنجاہ و چہار چوّن	پنجاہ و پنج پچپن	پنجاہ و شش چھپن
پنجاہ و ہفت ستاون	پنجاہ و ہشت اٹھاون	پنجاہ و نہ انسٹھ	شصت ساٹھ
شصت و یک اکسٹھ	شصت و دو باسٹھ	شصت و سہ تریسٹھ	شصت و چہار چونسٹھ
شصت و پنج پینسٹھ	شصت و شش چھیاسٹھ	شصت و ہفت سڑسٹھ	شصت و ہشت اڑسٹھ
شصت و نہ انہتر	ہفتاد ستّر	ہفتاد و یک اکہتر	ہفتاد و دو بہتر

۹	از ده کرور تا نود کرور	عشرات کرور	۱۵	از ده نیل تا نود نیل	عشرات نیل
۱۰	از ارب تا نُه ارب	ارب	۱۶	از پدم تا نُه پدم	پدم
۱۱	از ده ارب تا نود ارب	عشرات ارب	۱۷	از ده پدم تا نود پدم	عشرات پدم
۱۲	از کھرب تا نُه کھرب	کھرب	۱۸	از سنکھ تا نُه سنکھ	سنکھ
۱۳	از ده کھرب تا نود کھرب	عشرات کھرب	۱۹	از ده سنکھ تا نود سنکھ	عشرات سنکھ
۱۴	از نیل تا نُه نیل	نیل	۰	۰	۰

یک ایک	دو دو	سه تین	چهار چار
پنج پانچ	شش چھ	هفت سات	هشت آٹھ
نُه نو	ده دس	یازده گیاره	دوازده باره
سیزده تیره	چهارده چوده	پانزده پندره	شانزده سوله
هفده ستره	هژده اٹھاره	نوزده اُنّیس	بیست بیس
بیست و یک اکیس	بیست و دو بائیس	بیست و سه تیئیس	بیست و چهار چوبیس
بیست و پنج پچیس	بیست و شش چھبیس	بیست و هفت ستائیس	بیست و هشت اٹھائیس
بیست و نُه اُنتیس	سی تیس	سی و یک اکتیس	سی و دو بتیس

ہزار روپیہ مے خواہم - ہزار روپیہ مفعول ہے مے خواہم فعل یا فاعل کا + حقیقت میں عدد صفت ہوتا ہے معدود کا - اکثر مقدم آتا ہے معدود پر - جیسے ہزار روپیہ - یعنی ایسے روپے کہ ہزار ہیں - اگر صفت اور موصوف کہیں - جب بھی ایک کلمے کا حکم رکھتے ہیں +

مبتدی کو سو تک گنتی ہندی اور فارسی کی یاد کرنی ضرور ہے - سو اس جدول میں مندرج ہے +

فائدہ - عدد کے لکھنے کے واسطے رقوم ہندی کی نو شکلیں مقرر ہیں - وہ یہ ہیں :-

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
ایک	دو	تین	چار	پانچ	چھ	سات	آٹھ	نو

اور ان رقموں کو لکھنے کے لئے مرتبے مقرر ہیں - جس مرتبے کی رقم ہو - اس مرتبے میں اس کو لکھنا چاہئے - اور جونسا مرتبہ خالی رقم سے ہو - وہاں نقطہ کہ اس کو مجازاً صفر کہتے ہیں - لکھنا چاہیئے - مرتبے اعداد کے بے نہایت ہیں - تھوڑے سے مبتدی کے واسطے لکھے جاتے ہیں - باقی کسی حساب کی کتاب میں دیکھنے چاہئیں +

۱	از یک تا نہ	احاد	۵	از دہ ہزار تا نود ہزار	عشرات الوف
۲	از دہ تا نود	عشرات	۶	از لک تا نہ لک	لکوک
۳	از دہ تا نہ صد	مآت	۷	از دہ لک تا نود لک	عشرات لکوک
۴	از ہزار تا نہ ہزار	الوف	۸	از کرور تا نہ کرور	کرور

آمد فعل - آں موصول - کاف صلے کا - اور دوشت من اشت جملہ صلہ ہے - موصول اور صلہ مل کر فاعل ہؤا آمد کا + اور وہ مثال جس میں موصول مفعول ہے - یہ ہے - یافتم آں را کہ مے جستم - یافتم فعل با فاعل - آں موصول - کاف صلے کا - مے جستم جملہ صلہ موصول کا - موصول صلے کے ساتھ مل کر مفعول ہؤا یافتم کا + اور وہ مثال جس میں موصول مضاف الیہ ہے - یہ ہے - آمد غلام آں کہ نامش زید است - آمد فعل - غلام مضاف - آں موصول - کاف صلے کا - نامش زید است جملۂ صلہ - پس موصول ساتھ صلے کے مل کر مضاف الیہ ہؤا غلام کا مضاف ساتھ مضاف الیہ کے مل کر فاعل ہؤا آمد کا + اور وہ مثال جس میں موصول خبر ہے - یہ ہے - یار آن است - کہ دیدی - یار مبتدا - آں موصول - کاف صلے کا - دیدی فعل با فاعل صلہ ہؤا موصول کا - موصول صلے کے ساتھ مل کر خبر ہوئی مبتدا کی - لفظِ است نشان جملۂ اسمیہ کا - مبتدا خبر کے ساتھ مل کر جملۂ اسمیہ ہؤا +

۸ - عدد و معدود

عدد گنتی کو کہتے ہیں - اور جس چیز کو گنتے ہیں - اس کو معدود کہتے ہیں - جیسے صد روپیہ - صد عدد ہے - اور روپیہ معدود ہے - عدد اور معدود مل کر حکم ایک کلمے کا رکھتے ہیں - جیسے

مِل کر جُملۂ فعلیّہ اَور بقولِ بعضے جُملۂ اِسمیّہ ہوکر صِلہ ہُوا مَوصُول کا۔ مَوصُول صِلے کے ساتھ مِل کر مُبتَدا ہُوا۔ دُوسرا مِصرع جُملہ ہوکر خبر پڑا۔ پس مُبتدا اَور خبر مِل کر جُملۂ اِسمیّہ ہُوا۔ دُوسری مِثال یہ ہے۔ ۵

کسے را کہ گردن کشی در سر اِست۔ تواضع ازو یافتن خوشتر اِست

اصل اِس کی یہ ہے۔ کسے کہ گردن کشی در سرِ اوشت۔ لفظِ سر مُضاف۔ ضمیرِ او مُضاف اِلیہ ہے۔ سو اُس کو حذف کیا۔ اَور مَوصُول کو سر کا مُضاف اِلیہ ٹھیرایا۔ مُضاف۔ جو مُضاف اِلیہ سے دُور پڑا۔ اِس واسطے لفظِ را نشان مُضاف اِلیہ کا مَوصُول کے آخر لگایا۔ کسے را ہو گیا۔ گردن کشی مُبتَدا۔ در جار۔ سر مُضاف اَور او مُضاف اِلیہ۔ مُضاف اَور مُضاف اِلیہ مِل کر مجرُور ہُوا۔ جار اَور مجرُور مُتعلّق ثابِت کے ہوکر خبر پڑی مُبتَدا کی۔ مُبتَدا خبر کے ساتھ مِل کر جُملۂ اِسمیّہ ہوکر صِلہ ہُوا مَوصُول کا۔ مَوصُول صِلے کے ساتھ مِل کر مُبتَدا ہُوا۔ دُوسرا مِصرع اُس کی خبر۔ مُبتَدا اَور خبر مِل کر جُملۂ اِسمیّہ ہُوا *

یہ بھی یاد رکھو۔ کہ مَوصُول صِلے کے ساتھ مِل کر ایک کلِمے کا حکم رکھتا ہے۔ مَوصُول کے مُبتَدا ہونے کی مِثالیں مذکُور ہوئیں۔ وہ مِثال جِس میں مَوصُول فاعِل ہے۔ یہ ہے۔ آمد آں کہ او دوستِ من اِست۔

لفظِ را نشان مفعول کا۔ ضمیرِ مفعول۔ یعنی لفظِ او کو حذف کیا۔ موصول کو اُس کے قائم مقام کیا۔ یعنی مفعول قرار دیا۔ اَور لفظِ را نشان مفعول کا اُس کے ساتھ لگایا۔ بائے موحدہ جار۔ مسند مضاف۔ عشق مضاف الیہ۔ مضاف اَور مضاف الیہ مل کر مجرور ہوئے جار کے۔ جار مجرور متعلق نشاند کے۔ نشاند فعل ساتھ فاعل اَور مفعول اَور متعلق کے مل کر جملۂ فعلیہ ہوکر صلہ ہُوا موصول کا۔ موصول ساتھ صلے کے مل کر مبتدا ہُوا۔ دُوسرا مصرع جملہ ہوکر خبر ہُوا۔ مبتدا اَور خبر مل کر جملۂ اسمیہ ہُوا ٭

مضاف الیہ و محذوف ضمیرِ صلہ کی مثال

کسے را کہ اقبال باشد غلام۔ بُود میلِ خاطر بطاعت مدام

اصل اِس کی یہ ہے۔ کسے کہ اقبال غلام او باشد۔ کسے موصول کاف صلے کا۔ باشد فعلِ ناقص چاہتا ہے اسم اَور خبر کو۔ اقبال اُس کا اسم۔ غلام مضاف۔ ضمیرِ او مضاف الیہ۔ اس ضمیرِ مضاف الیہ کو یعنی لفظِ او کو حذف کرکے موصول کو اُس کے قائم مقام کیا۔ یعنی مضاف الیہ غلام کا قرار دیا۔ جبکہ مضاف اَور مضاف الیہ میں فاصلہ واقع ہُوا۔ قاعدۂ فارسی کے موافق لفظِ را نشان مضاف الیہ کا آخر موصول کے لگایا۔ یہ مضاف اَور مضاف الیہ مل کر خبر ہوئی فعلِ ناقص کی۔ فعل ناقص اسم اَور خبر کے ساتھ

اور اِیکہ - ہرکہ - ہرچہ مخفف اے آنکہ و ہر آنکہ و ہر آنچہ کے ہیں +

یاد رکھو - کہ صلے میں ضمیر کبھی فاعل واقع ہوتی ہے - اور کبھی مفعول - کبھی مضاف الیہ - کبھی مبتدا - اِن سب میں ضمیر فاعل ہی کی محذوف نہیں ہوتی - اکثر اور ضمیروں کو حذف کرکے موصول کو اُس کے قائم مقام رکھتے ہیں - اگر ضمیر مفعول کے ساتھ لفظِ را نشان مفعول کا ہو - تو وُہ لفظِ را بھی موصول کے ساتھ لگا دیتے ہیں - ضمیرِ فاعل کی مثال پچھلی بیتوں میں گزری +

مبتدا و محذوف ضمیرِ صلہ کی مثال

آں کہ ستمگار است - گنہگار است - اصل اِس کی یہ ہے - کہ آں کہ او ستمگار است - گنہگار است - لفظِ او مبتدا ہے - جو حذف کیا گیا ہے - اور موصول کو قائم مقام رکھا - اور ستمگار خبر - یہ جُملۂ اِسمیہ صلہ ہُوا - اور موصول ساتھ صلے کے مل کر مبتدا ہُوا - اور گنہگار خبر - مبتدا اور خبر مل کر جُملۂ اِسمیہ ہُوا +

مفعول و محذوف ضمیرِ صلہ کی مثال

آں را کہ فلک بمسندِ عشق نشاند + خاکِ درِ دوست را بہ بالیں میخواند

اصل اِس کی یہ ہے - کہ آنکہ او را فلک بر مسندِ عشق نشاند - ترکیب اِس کی یہ ہے - آں موصول - کاف صلے کا - نشاند فعل - فلک فاعل - اور ضمیرِ او مفعول -

مُتعلّق فِعل کے ۔ پس فِعل فاعِل اَور مفعُولات اَور مُتعلّق کے ساتھ مِل کر جُملۂِ فِعلیّہ ہُوا ۔ اَور بعض دُوسرے مِصرع کے پہلے واوِ عاطفہ مان کر پہلے جُملے کو معطُوف علیہ اَور دُوسرے کو معطُوف بنا کر صِلہ مَوصُول کا بناتے ہیں ۔ اَور صِلہ مَوصُول مِل کر خبر مُبتدا محذُوف او کی سمجھتے ہیں ۔ اِس صُورت میں مُبتدا اَور خبر مِل کر جُملۂِ اِسمیّہ ہُوا ۔ باقی مَوصُولات کی مِثالیں اشعارِ ذیل سے دریافت کرو ۔ اَور مشق کے لِئے اُن کی ترکیب بھی کرو ❖

ابیات

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کُنند	آیا بُود کہ گوشۂِ چشمے بما کُنند
ہر آنکہ تُخمِ بدی کِشت و چشمِ نیکی داشت	دِماغِ بیہُدہ پُخت و خیالِ باطِل بِست
ہر کہ آمد عِمارتِ نَو ساخت	رفت و منزِل بدیگرے پرداخت
آنچہ او گُفت غیرِ آں کردن	نیست سُودے بجُز زیاں کردن
ہر آنچہ کہ مے بایدت پیش گیر	سرِ ما ندارِی سرِ خویش گیر
آنکس کہ مرا بگُشت و باز آید پیش	مانا کہ دِلش بسوخت بر کُشتۂِ خویش
کسے کآتِش ظُلم زد در جہاں	بر آورد از اہلِ عالم فغاں
کسانیکہ زیں راہ برگشتہ اند	برفتند و بِسیار سرگشتہ اند
غریبے کہ پُر فِتنہ باشد سرش	میازار و بیروں کُن از کِشورش

فائدہ ۔ کبھی مَوصُول کو حذف بھی کرتے ہیں ۔ چُنانچہ بعد حرفِ نِدا کے ۔ جیسے ۵ اَے درُونت برہنہ از تقوےٰ ۔ کز برُوں جامۂِ رِیا داری ❖ یعنی اَے آنکہ درُونت ❖

اُس کے بعد کاف صلے کا ہو۔ جیسے کسیکہ۔ کسانیکہ۔ شخصیکہ۔ امریکہ۔ چیزیکہ۔ اُس اِسم کو بھی موصول جانو۔ اَور جِس اِسمِ نکرہ کے اُوپر لفظِ آں ہو۔ اَور بعد اُس اِسم کے کاف صلے کا ہو۔ وُہ بھی موصول ہے۔ جیسے ع

آں کس کہ مرا بگذشت و باز آمد پیش

اَور صلے میں ایک ضمیر بھی ہوتی ہے۔ جو موصول کی طرف پھرتی ہے ٭

فائدہ۔ آں جو موصول ہے۔ اُس کے اَور یائے موصول کے معنی ایک ہیں۔ اَور آنانکہ جمع کے واسطے لاتے ہیں۔ مثالیں سب کی بیان کی جاتی ہیں۔ اَور ایک مثال کی ترکیب بھی لکھی جاتی ہے۔ ہ

آنکہ در آدم دمیدہ رُوح را
داد از طوفاں نجاتے نُوح را

ترکیب اِس کی یہ ہے۔ آں موصول۔ کاف صلے کا۔ دمیدہ فعل ماضی قریب۔ ضمیر اُس میں جو پھرتی ہے موصول کی طرف۔ فاعل ہے فعل کا۔ رُوح مفعول۔ لفظِ را علامت مفعول کی۔ در جار۔ آدم مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل ساتھ فاعل اَور مفعول اَور متعلق کے مِل کر جملۂ فعلیہ ہوکر صلہ ہُوا موصول کا۔ موصول صلے سے مِل کر فاعل ہُوا داد کا۔ نُوح مفعولِ اوّل۔ لفظِ را علامت مفعول کی۔ اَور نجاتے مفعولِ ثانی۔ از حرفِ جار۔ طوفاں مجرور۔ جار مجرور

اَور خبر اَور فاعِل اَور مفعُول ہوتے ہَیں۔ جَیسے زَید چُوں شیر اَست۔ یعنی زَید شیر کی مانِند ہَے۔ زَید مُبتَدا۔ چُوں بمعنۓ مانِند مُضاف۔ شیر مُضاف اِلَیہ۔ دونو مِل کر خبر ہُوئی۔ مُبتَدا اَور خبر مِل کر جُملۂ اِسمیہّ ہُوا +

مخفی نہ رہے۔ کہ جار اَور مجرُور جِن کے مُتعلِّق ہوتے ہَیں۔ اُن کے اَور جار اَور مجرُور کے معنی آپس میں مربُوط ہوتے ہَیں۔ اگر مربُوط نہ ہوں۔ تو جانو۔ کہ جار اَور مجرُور اُس کے مُتعلِّق نہیں۔ اِس صُورت میں اَور کوئی فِعل یا شِبہِ فِعل کا پَیدا کرکے اُس کے مُتعلِّق کرو۔ تاکہ وُہ معنی میں مربُوط ہو +

۷۔ مَوصُول و صِلہ

مَوصُول وُہ ناتمام اِسم ہَے۔ جِس کے بعد جب تک ایک جُملہ مذکُور نہ ہو۔ اِس قابِل نہیں۔ کہ مُبتَدا یا خبر یا فاعِل یا مفعُول یا مُضاف اِلَیہ ہوسکے۔ اِس جُملے کا نام صِلہ مَوصُول کا ہَے۔ اِس جُملے کے سِرے پر کاف مِثل کافِ بیانیہّ کے یا لفظِ چہ ہوتا ہَے۔ اُس کو کافِ صِلہ یا کافِ سرِ جُملہ کہتے ہَیں۔ اسماۓ مَوصُول یہ ہَیں۔ آنکہ۔ آنانکہ۔ ہر آنکہ۔ ہرکہ۔ یہ چاروں کلمے واسطے اشخاص کے ہَیں۔ آنچہ۔ ہرآنچہ۔ ہرچہ۔ یہ تینوں کلمے اشیا کے واسطے ہَیں۔ اَور یاۓ مجہُول جو کسی اِسمِ نکرہ کے آخر ہو۔ اَور

ترکیب اِس کی یہ ہے۔کہ زید مُبتدا۔ نویسندہ خبر۔ است نشان جُملۂ اِسمیہ کا۔ بائے مُوحّدہ جار۔ قلم مجرُور۔ جار اَور مجرُور مُتعلِق نویسندہ کے۔ جو شبہ فعل کا ہے۔ مُبتدا اَور خبر مِل کر جُملۂ اِسمیہ ہُوا +

یاد رکھو۔کہ جار اَور مجرُور مِل کر حُکم حرف کا رکھتے ہیں۔ یعنی وُہ مِل کر فاعِل اَور مفعُول اَور مُضاف اِلیہ اَور مُبتدا اَور خبر نہیں ہو سکتے +

جِس عبارت میں جار اَور مجرُور ہوں۔اَور فعل یا شبہ فعل کا نہ ہو۔وہاں فعل کو یا فعل کے شبہ کو پَیدا کرتے ہَیں۔جَیسے ع

بنامِ جہاں دارِ جاں آفرِیں

اِس میں جار اَور مجرُور ہَیں۔فعل اَور شبہ فعل کا نہیں۔یہاں سرِ مصرع اِبتدا مے کُنم مُقدّر کرتے ہَیں۔اَور جار اَور مجرُور کو اُس کے مُتعلِق کہتے ہَیں۔اَور جَیسے زید در خانہ است۔یہاں لفظِ مَوجُود جو عربی کا اِسمِ مفعُول ہَے۔پَیدا کرتے ہَیں۔اَصل اِس کی یُوں ہَے۔کہ زید در خانہ مَوجُود است۔ ترکیب اِس کی یہ ہَے۔کہ زید مُبتدا۔در جار۔خانہ مجرُور۔ است نشان جُملۂ اِسمیہ کا۔ جار اَور مجرُور مُتعلِق مَوجُود کے ہوکر خبر ہُوئی مُبتدا کی۔مُبتدا ساتھ خبر کے مِل کر جُملۂ اِسمیہ ہُوا +

فائدہ۔کبھی چو اَور چُوں بمعنی مِثل کے مُضاف ہوتے ہَیں۔اَور ترکیب میں مانند اِسم کی مُبتدا

(۲) بھر - (۳) پئے بمعنئ برائے - ان تینوں حرفوں پر لفظِ از بھی زائد آتا ہے - جیسے از برائے خدا اور از بھر من اور از پئے تو - (۴) جز - اس حرف پر کبھی یائے موحدہ بھی زائد ہوتی ہے - جیسے بجز تو - (۵) چو اور چوں . جو تشبیہ کے معنی میں ہو - (۶) بائے موحدہ - (۷) در اور اندر - (۸) بر - (۹) از - (۱۰) تا - (۱۱) با - (۱۲) را - وہ را جو برائے کے معنی میں آئے ❖

جار مجرور فعل سے یا فعل کے شبہ سے تعلق رکھتے ہیں - فعل کا شبہ مصدر اور اسم فاعل اور اسم مفعول اور صفتِ مشبہ ہیں - مثال جار مجرور کی یہ ہے - کہ آمدم برائے تو - ترکیب اس کی یہ ہے - کہ آمدم فعل با فاعل - اور برائے جار اور تو مجرور - جار اور مجرور متعلق فعل کے - فعل با فاعل ساتھ متعلق کے مل کر جملۂ فعلیہ ہوا - اسی طرح سے کار سے ندارم بتو اور رفتم در بازار اور نشستم بر تخت اور رفتم از بریلی تا دہلی اور خدا را بر من مسکیں بہ بخشا - ترکیب آخری فقرے کی یہ ہے - کہ بہ بخشا فعل با فاعل - را جار - لفظِ خدا مجرور - بر جار - من موصوف - مسکیں صفت - صفت اور موصوف مل کر مجرور ہوئے جار کے - جار اور مجرور متعلق ہوئے فعل کے - فعل با فاعل ساتھ مفعول اور ہر دو متعلق کے مل کر جملۂ فعلیہ ہوا - اور زید نویسندہ است بہ قلم -

اِشارت وُہ اِسم ہیں۔ جن کے ذریعے سے کسی کی طرف اِشارہ کیا جائے۔ اور مُشارٌ اِلَیہ وُہ ہے۔ جس کی طرف اِشارہ کریں۔ لفظِ آں دُور کے اِشارے کے واسطے ہے۔ جیسے آں کس۔ آں اِسمِ اِشارہ اور کس مُشارٌ اِلَیہ اور لفظِ ایں نزدیک کے اِشارے کے واسطے ہے۔ جیسے ایں مرد۔ ایں اِسمِ اِشارہ۔ مرد مُشارٌ اِلَیہ۔ اِسمِ اِشارہ اور مُشارٌ اِلَیہ مِل کر ایک کلمے کا حکم رکھتے ہیں۔ جیسے ایں دُزد را بزن۔ ترکیب اِس کی یہ ہے۔ کہ بزن فعل با فاعل۔ ایں اِسمِ اِشارہ۔ دُزد مُشارٌ اِلَیہ۔ اِسمِ اِشارہ ساتھ مُشارٌ اِلَیہ کے مِل کر مفعول ہوُا۔ اور لفظِ را علامت مفعول کی ہے۔ فعل با فاعل مفعول کے ساتھ مِل کر جُملۂ فعلیہ ہوُا +

۶۔ جار و مجرور

عربی میں جار وُہ حرف ہیں۔ جو جس اِسم پر آتے ہیں۔ اُس اِسم کو جرّ دیتے ہیں۔ جرّ کہتے ہیں زیر کو بیایِ تحتانی۔ اور جار کے معنی زیر دینے والا۔ اور جس اِسم کو زیر دیتے ہیں۔ اُس کو مجرور کہتے ہیں۔ اِن حرفوں کے فارسی ترجمے کو بھی جار کہتے ہیں۔ کیونکہ جار کہتے ہیں کھینچنے والے کو۔ یعنی یہ حرف وُہ ہیں۔ کہ فعل یا شبہ فعل کے معنی کو اِسم کی طرف کھینچ کر پہنچا دیتے ہیں۔ وُہ حرف فارسی میں یہ ہیں۔ (۱) برائے۔

اِس کی یہ ہے - آمدند فعل - مگر لفظِ اِستثنا - زید مُستثنٰی - اور ہمہ دوستاں مُستثنٰی مِنہُ - پس مُستثنٰی اور مُستثنٰی مِنہُ مِل کر فاعل ہوئے آمدند کے - پس فعل فاعل کے ساتھ مِل کر جُملۂ فعلیہ ہُوا - دُوسری مِثال کی ترکیب یہ ہے - زدم فعل با فاعل - مگر لفظِ اِستثنا - زید مُستثنٰی اور دُشمناں مُستثنٰی مِنہُ - پس مُستثنٰی اور مُستثنٰی مِنہُ مِل کر مفعُول ہُوا فعل کا - فعل با فاعل مفعُول کے ساتھ مِل کر جُملۂ فعلیہ ہُوا - اور جیسے قوم آمد جُز زید - یہاں قوم مُستثنٰی مِنہُ اور زید مُستثنٰی ہے - اور کبھی مُستثنٰی مِنہُ محذُوف بھی ہوتا ہے - جیسے نیامد بمن جُز زید - یعنی کسے نیامد بمن جُز زید - ترجمہ - کوئی میرے پاس سِوائے زید کے نہ آیا - لفظِ زید مُستثنٰی اور کسے مُستثنٰی مِنہُ محذُوف ہے - اور جیسے نہ زدم جُز زید - یعنی کسے را نہ زدم جُز زید - ترجمہ - مَیں نے کِسی کو سِوائے زید کے نہ مارا - کسے مُستثنٰی مِنہُ محذُوف ہے - اور زید مُستثنٰی +

مُستثنٰی دو قِسم پر ہوتا ہے - ایک مُتّصِل جِس میں مُستثنٰی و مُستثنٰی مِنہُ ایک جِنس کے ہوں - جیسے ہمہ مردُماں آمدند مگر زید - دُوسرے مُنقطع یا مُنفصِل جِس میں دونو ایک جِنس سے نہ ہوں - جیسے پادشاہ سیم و زر داد بجُز زمیں +

۵ - اسمائے اِشارت

تُم صرف کے بیان میں پڑھ چُکے ہو - کہ اسمائے

ہیں۔ کہ بدل اور مُبدل مِنہُ میں مقصود مُبدل مِنہُ نہیں۔ صرف بدل ہی ہوتا ہے۔ اور عطفِ بیان میں دونو مقصود ہوتے ہیں۔ جیسے اِمامِ من علی اسدُاللہ است۔ اسدُ اللہ عطفِ بیان ہے علی کا۔ اور علی کے لفظ سے جو مقصود ہے۔ وُہی اسدُ اللہ کے لفظ سے ہے۔ یعنی اِمام میرا وُہ علی ہے۔ کہ جِس کا خطاب اسدُ اللہ ہے ❊

۴۔ مُستثنٰے و مُستثنٰے مِنہُ

مُستثنٰے وُہ اِسم ہے۔ جو لفظِ اِستثنا کے بعد واقع ہو۔ فارسی میں اِستثنا کے لفظ مگر۔ بجز۔ ورا۔ اور عربی میں لفظِ اِلّا و ماسوا ہیں۔ جو فارسی میں بھی مُستعمل ہیں۔ اِستثنا کے معنی ایک چیز کا کئی چیزوں میں سے یا ایک شخص کا مجمع میں سے الگ کرنا ہیں۔ جو چیز یا جو شخص الگ کیا گیا ہو۔ اُسے مُستثنٰے کہتے ہیں۔ اور جِس چیز میں سے مُستثنٰے کو الگ کرتے ہیں۔ اُس کو مُستثنٰے مِنہُ کہتے ہیں۔ مُستثنٰے اور مُستثنٰے مِنہُ مِل کر حکم ایک کلمے کا رکھتے ہیں۔ جیسے ہمہ دوستاں آمدند مگر زید۔ ترجمہ سب دوست آئے مگر زید۔ یعنی زید نہیں آیا۔ اور جیسے ہمہ دُشمنان را زدم مگر زید را۔ زید پہلی مِثال میں سب دوستوں سے الگ ہو گیا۔ سب آئے۔ وُہ نہیں آیا۔ اور دُوسری مِثال میں سب دُشمنوں سے الگ ہو گیا۔ کیونکہ سب کو مارا۔ اُس کو نہیں مارا۔ ترکیب

خواہ واحد ہو۔ خواہ جمع۔ صفت ہمیشہ واحد ہی آئیگی۔
جیسے مردے خردمند اور مردانِ خردمند +
(۴) کبھی ایک موصوف کی کئی صفتیں بھی ہوتی ہیں۔ جیسے پادشاہِ دادگر و عادل گستر و غریب پرور +

۳۔ بدل و مُبدل منہٗ

مُبدل منہٗ وہ اِسم ہے۔ جس کے بعد ایک اِسم اُس کا بدل واقع ہو۔ اور معنی میں جو مقصود مُبدل منہٗ سے ہے۔ وُہی بدل سے ہوتا ہے۔ اور ترکیب میں بدل اور مُبدل منہٗ مِل کر حکم ایک کلمے کا رکھتے ہیں۔ جیسے زید برادرِ تو آمد اور زید برادرِ عمرو را دیدم۔ پہلی مثال میں زید مُبدل منہٗ۔ برادر تو بدل ہے۔ بدل اور مُبدل منہٗ مِل کر فاعل ہیں فعل آمد کے۔ اور دُوسری مثال میں زید مُبدل منہٗ اور برادرِ عمرو بدل۔ اور دونو مِل کر مفعول ہیں دیدم فعل با فاعل کے۔ شاہ عبّاس میں شاہ مُبدل منہٗ اور عبّاس بدل۔ اور مُبدل منہٗ کے آخر کسرہ نہ پڑھنا چاہیئے۔ شاہ عبّاس میں شاہ کی ہ کو مکسُور پڑھنا غلط ہے +

بدل مُبدل منہٗ میں اور صفت موصُوف میں یہی فرق ہے۔ کہ مُبدل منہٗ کا آخر مکسُور نہیں پڑھتے۔ اور موصُوف کا پڑھتے ہیں +

بعض فارسی نحوی بدل کو عطفِ بیان کہتے ہیں۔ اور بعض بدل میں اور عطفِ بیان میں یہ فرق کرتے

میں سے لفظِ او رکہ مُبتدا تھا۔ حذف کیا۔ اُس کے بعد کافِ بیانیہ اور لفظِ اَست بھی دُور کیا۔ زید مردے اَست نیک رہ گیا۔ اِس کی ترکیب یوں ہوگی۔ کہ زید مُبتدا۔ مرد مُبیّن اور نیک بیان اُس کا۔ مُبیّن اور بیان مل کر خبر ہُوئی۔ مُبتدا اور خبر مل کر جُملۂ اسمیہ ہُوا۔ اور لفظ اَست جُملۂ اِسمیہ کا نِشان ہے۔ آسانی کے لئے یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ موصوف اور صِفت کے درمیان مُضاف اِلَیہ اور حرفِ ربط فاصل آ سکتے ہیں۔ جیسے مِثالِ مذکورہ میں ذِکر ہُوا۔ دُوسری مِثال یہ ہے۔ چو حرفم بر آید دُرُشت از قلم +

فائدے

(۱) اگر صِفت اپنے موصوف سے زیادہ مشہُور ہو۔ تو موصُوف کو حذف بھی کر دیتے ہیں۔ جیسے ہ چو ہِندی زخم بر سرِ ژندہ پیل میں ہِندی سے تیغ ہِندی مُراد ہے +

(۲) بعض وقت کسرۂ موصُوف کی بجائے مُتقدّمین یائے تعظیم موصُوف کے آخر میں لگاتے تھے۔ جیسے اِمروز کتابے خُوب دیدم۔ مگر مُتاخّرین نے اِس قاعدے کو جائز نہیں رکھا +

(۳) فارسی میں صِفت اور موصُوف میں تذکیر و تانیث کا فرق نہیں ہوتا۔ لیکن عربی کی تقلید کرکے والدۂ ماجدہ اور مِلکۂ مُعظّمہ کہتے ہیں۔ یاد رہے۔ کہ موصُوف

مُرکّب وصفی اُلٹا ہُوا جس کا ذکر ہو چکا ہے - صفت ہے یار کی - اسی طرح یارِ خوش تقریر + (۳) صفت اُلٹا ہُوا جملۂ اسمیّہ بیانیہ ہو - وُہ اس طرح سے ہے - کہ جملۂ اسمیّہ بیانیہ میں سے کافِ بیانیہ سر جملہ اور ضمیر کہ پھرتی ہے موصوف کی طرف - یعنی لفظِ او اور لفظِ اَست کہ علامت جملۂ اسمیّہ کی ہے - یہ تینوں کلمے حذف کر کے مُبتدا اور خبر کو مقلوب کریں - یعنی اُلٹ دیں - خبر کو مُقدّم کریں - اور مُبتدا کو مُؤخّر - جیسے شہیدِ تبسّم دیتِ عشوہ خُوں بہا - تبسّم دیت جملۂ اسمیّہ بیانیہ اُلٹا ہُوا صفت ہے شہید کی - اسی طرح سے عشوہ خُوں بہا بھی - اصل اس کی یہ ہے - شہیدے کہ دیتِ او تبسّم اَست و خُوں بہایے او عشوہ اَست - جب کافِ بیانیہ سرِ جملہ اور ضمیر او اور لفظِ اَست حذف کر کے مُبتدا اور خبر کو اُلٹ دیا - شہیدِ تبسّم دیتِ عشوہ خُوں بہا ہو گیا +

یاد رکھو - کہ صفت اور موصوف کے بیچ میں اور کوئی کلمہ فاصل نہیں ہوتا - اس مثال میں کہ زید مردے اَست نیک - لفظِ نیک کو عطفِ بیاں یا بدل مرد کا کہنا چاہیئے - بدل اور عطفِ بیاں کا ذکر اگلی فصل میں آئیگا - یا مردے کو مُمیّز کہو - اور نیک لفظِ مُفرد اُس کا بیان - اور اُس کی اصل اس طرح پر ہے - کہ زید مردے اَست - کہ او نیک اَست - فارسی کے قاعدے کے مُوافق جملۂ بیانیہ

تو اُس وقت یہ موصُوف اَور صِفت اُس ذات کی صِفت ہونگے۔جس سے یہ موصُوف تعلّق رکھتا ہے۔ جَیسے رُوے خُوب۔رُو موصُوف اَور خُوب اُس کی صِفت ہَے۔ جب ہم نے صِفت کو موصُوف کے اُوپر مُقدّم کِیا۔اَور کہا خُوب رُو۔یہ لفظ خُوب رُو صِفت اُس کی ہُوا۔جس سے رُو تعلّق رکھتا ہَے۔یعنی خُوب رُو وُہ شخص ہَے۔جس کا رُو خُوب ہَے۔اَور جَیسے لعل لب (لامِ آخرِ لعل کا تلفّظ نہیں) اُس کو کہینگے۔جس کا لب لعل کی مانند ہَے۔اَور خُوش خُو وُہ شخص ہَے۔جس کی خُو خُوش ہَے۔اَور نیک نیّت وُہ شخص ہَے۔جس کی نیّت نیک ہَے۔سرو قد وُہ شخص ہَے۔ جس کا قد سرو جَیسا ہَے۔آہُو چشم وُہ ہَے۔جس کی چشم آہُو جَیسی ہَے +

صِفت کئی طرح سے آتی ہَے۔اوّل یہ کہ صِفت مُفرد ہو۔جَیسے مردِ دانا۔مرد موصُوف۔دانا صِفتِ مُفرد۔دُوسرے یہ کہ صِفت مُرکّب ہو +مُرکّب کی کئی نَوعیں ہَیں۔(۱) مُرکّب بہ ترکیب اِضافی ہو۔جَیسے مردِ دانائے زماں۔مرد موصُوف۔دانا مُضاف اَور زماں مُضاف اِلیہ۔دونو مِل کر صِفت ہُوئے موصُوف کی۔اَور جَیسے یارِ دل فریب۔یعنی یار فریبندۂ دل۔فریب بمعنی فریبندہ مُضاف۔دِل مُضاف اِلیہ۔دونو مِل کر صِفت ہُوئے موصُوف کی + (۲) صِفت مُرکّب وصفی اُلٹا ہُوا ہو۔جَیسے یارِ خُوش خُو۔یار موصُوف۔خُوش خُو

بنایا ہے۔ جیسے اِسم فاعل۔ اور اِسم مفعول۔ اور وُہ اِسم جس کے ہندی ترجمے میں لفظِ والا آسکے۔ جیسے نیک اور بد۔ ترجمہ اِس کا نیکی والا اور بدی والا۔ اور مردِ نویسندہ میں لفظِ مرد موصوف۔ نویسندہ اِس کی صفت ہے۔ اِسی طرح بختِ برگشتہ۔ اور مردِ نیک اور مردِ بد۔ اور کبھی اِسمِ ذات یا اِسمِ مشتق بھی صفت واقع ہوتا ہے۔ وہاں بیشتر معنی تشبیہ کے ہوتے ہیں۔ جیسے لب لعل۔ لب موصوف۔ لعل ایک جنس کا نام ہے۔ جواہر کی جنسوں میں سے۔ اِس کے معنی وُہ لب جو لعل کی مانند سُرخ اور شفّاف ہے۔ حقیقت میں لب موصوف اور مُشبّہ ہے اور لعل صفت اور مُشبہ بہ ہے ٭

موصوف صفت کے اُوپر اکثر مقدّم ہوتا ہے۔ جیسے مذکور ہُوا۔ اور کبھی صفت کو موصوف کے اُوپر لاتے ہیں۔ اِس حالت میں کسرہ موصوف کے آخر پڑھا نہیں جاتا۔ اِس ترکیب میں معنی کے واسطے یہ دیکھنا ضرور ہے۔ کہ موصوف کسی اور ذات سے تعلّق رکھتا ہے۔ یا نہیں۔ اگر تعلّق کسی اور ذات سے نہیں رکھتا۔ بہ ذاتِ خُود قائم ہے۔ تو اِس ترکیب کے اُلٹنے میں معنی نہیں بدلینگے۔ جیسے مردِ نیک اور نیک مرد میں مرد موصوف ہے بہ ذاتِ خُود قائم۔ اور نیک صفت ہے۔ معنی دونو کے ایک ہیں۔ اگر موصوف بہ ذاتِ خُود قائم نہیں۔ بلکہ تعلّق کسی اور ذات سے رکھتا ہے۔

۲۔ مرکّب وصفی

مُرکّب وصفی وُہ ہَے۔ جِس میں کم سے کم ایک اِسم موصُوف ہو۔ اَور دُوسرا اِسم اُس کی صِفت ہو۔ موصُوف وُہ ہَے۔ جِس کی بھلی یا بُری صِفت بیان کی جائے۔ اَور صِفت وُہ ہَے۔ جِس سے بھلائی یا بُرائی موصُوف کی دریافت ہو ✦

پوشِیدہ نہ رہے۔ کہ فارسی میں مُضاف اَور مُضاف اِلیہ اَور موصُوف اَور صِفت کے پڑھنے میں کچھ فرق نہیں ہَے۔ وہاں مُضاف کے آخر کسرہ پڑھتے ہیں۔ یہاں موصُوف کے آخر۔ جَیسے مردِ دانا۔ لفظِ مرد موصُوف۔ مرد کی دال کا کسرہ علامت موصُوف کی ہَے۔ اَور لفظِ دانا صِفت ہَے اِس موصُوف کی ✦

ترکیب وصفی کے پہچاننے کے واسطے لازِم ہے۔ کہ اگر موصُوف واحِد مُذکّر ہو۔ تو لفظِ کَیسا اَور اگر جمع مُذکّر ہو۔ تو لفظِ کَیسے بیاےِ مجھول۔ اَور اگر مؤنّث ہو۔ تو کَیسی بیاےِ معرُوف موصُوف کے ساتھ مِلاؤ۔ صِفت کا کلِمہ اُس کا جواب ہوگا۔ جَیسے مردِ دانا۔ جب کہوگے۔ کَیسا مرد؟ جواب اُس کا دانا ہوگا۔ تو دریافت ہُوا۔ کہ۔ یہ ترکیب وصفی ہَے۔ اَور لفظِ دانا صِفت ہَے۔ اگر جواب دُرُست نہ پڑے۔ تو جان لو۔ کہ یہ ترکیب اِضافی ہَے ✦

اکثر صِفت میں وُہ اِسم واقِع ہوتا ہَے۔ جِس کو لُغت بنانے والے نے صِفت کے معنی کے واسطے

میں لگاؤ ظرفیت کا ہے - تو اُس کو اضافتِ حقیقی کہتے ہیں +

لیکن بعض وقت مُضاف اور مُضاف الیہ میں کچھ لگاؤ حقیقت میں نہیں ہوتا - جیسے سرِ ہوش - پاےِ فکر - یعنی ہوش کا سر - فکر کا پاؤں - شاعر نے اپنے خیال میں ہوش اور فکر کو ایک شخص صاحبِ سر اور صاحبِ قدم قرار دیا ہے - اور سر کو ہوش کی طرف اور قدم کو فکر کی طرف مُضاف کیا ہے - حقیقت میں سر کو ہوش کے ساتھ اور قدم کو فکر کے ساتھ کچھ لگاؤ نہیں - ایسی اضافت کو مجازی کہتے ہیں - اور اسی کو استعارہ بھی کہتے ہیں +

اضافتِ استعارہ اور تشبیہی میں یہ فرق ہے - کہ اضافتِ تشبیہی میں اگر مُضافین کو اُلٹ کر حرفِ تشبیہ کو درمیان میں لائیں - تو مطلب دُرُست رہتا ہے - اور استعارے میں بگڑ جاتا ہے - جیسے زُلف ہمچو مار تو کہ سکتے ہیں - اور ہوش ہمچو سر نہیں کہ سکتے +

اضافتِ بادنےٰ مُلابست یا اضافتِ مُلابستی - یعنی تھوڑے سے تعلّق سے اضافت ہو جاتی ہے - جیسے ایرانِ ما - تُورانِ شُما - کالجِ ما - مدرسۂِ شُما +

فائدہ - بعض مصنّفوں نے آسانی کی غرض سے اضافت کو صرف چار ہی قِسموں میں مُنقسِم کیا ہے - وہ یہ ہیں - تملیکی - تخصیصی - تشبیہی اور مُلابستی +

نرگسِ چشم ۔ نرگس مُشبّہ بہٖ ہے اور مُضاف ۔ اور چشم مُشبّہ ہے اور مُضاف اِلَیہ ۔ اِسی طرح سے مارِ زُلف ۔ یعنی زُلف جو سانپ جیسی ہے ۔ اور اِسی طرح سے چاہِ غبغب اور سیبِ زنخ اور لعلِ لب +

اِضافتِ اِبنی وُہ ہے ۔ جِس میں بیٹے کے نام کو باپ کے نام کی طرف مُضاف کریں ۔ اور عربی میں اِبن اور بِن بیٹے کو کہتے ہیں ۔ جیسے عبّاسِ علی ۔ یعنی عبّاس اِبنِ علی ۔ اور بُوعلیِ سینا ۔ یعنی بُو علی اِبنِ سینا +

اِضافتِ ظرفی وُہ ہے ۔ جِس میں مظروف ظرف کی طرف یا ظرف مظروف کی طرف مُضاف ہو ۔ مظروف اُس کو کہتے ہیں ۔ جو ظرفِ مکاں یا ظرفِ زماں میں واقع ہو ۔ جیسے آبِ دریا ۔ آب مظروف مُضاف ۔ دریا ظرفِ مکاں مُضاف اِلَیہ ہے ۔ اِسی طرح ساکنِ شہر ۔ ساکن مظروف مُضاف ۔ شہر مُضاف اِلَیہ ظرفِ مکاں ۔ اور جیسے سردیِ زمستاں ۔ لفظِ سردی مظروف مُضاف ۔ زمستاں ظرفِ زماں مُضاف اِلَیہ ۔ اِسی طرح گرمیِ تابستاں +

اگر مُضاف اور مُضاف اِلَیہ میں کچھ لگاؤ حقیقت میں ہو ۔ جیسے اِضافتِ تملیکی میں لگاؤ مِلکیّت کا ۔ اور اِضافتِ تخصیصی میں لگاؤ خصُوصیّت کا ۔ اور اِضافتِ تَوضیحی میں لگاؤ توضیح کا ۔ اور اِضافتِ بیانی میں لگاؤ تبیین کا ۔ اور اِضافتِ تشبیہی میں لگاؤ تشبیہ کا ۔ اور اِضافتِ اِبنی میں لگاؤ اِبنیّت کا ۔ اور اِضافتِ ظرفی

اِضافتِ تخصیصی اور اِضافتِ توضیحی میں یہ فرق ہے۔ کہ اگر توضیحی میں مُضاف اور مُضاف اِلَیہ کو اُلٹ دیا جائے۔ تو اصلی معنی قائم رہ سکتے ہیں۔ جیسے شہرِ بریلی سے بریلی شہر۔ مگر اِضافتِ تخصیصی میں یہ بات نہیں ہوتی۔ جیسے غلامِ زید کو بدل کر زید غلام سے وُہ معنی حاصل نہیں ہوتے +

اِضافتِ تبیینی جس کو بیانی کہتے ہیں۔ یہ وُہ ہے۔ جس میں کوئی شے اپنے مادّے کی طرف مُضاف ہو۔ جیسے سیخِ آہن۔ معلُوم نہیں تھا۔ کہ سیخ کس چیز کی ہے۔ مُضاف اِلَیہ کے بیان کرنے سے معلُوم ہُوا۔ کہ آہن کی ہے۔ اِسی طرح سے انگشترئِ طِلا اور طشتِ نُقرہ اور تختِ چوب + اِضافتِ بیانی میں مُضاف اور مُضاف اِلَیہ ایک جنس کے ہوتے ہیں۔ جیسے سیخ اور آہن ایک جنس سے ہیں +

اِضافتِ تشبیہی۔ اِضافتِ تشبیہی کے معلُوم کرنے سے پہلے تشبیہ۔ مُشبّہ اور مُشبّہ بِہٖ کا سمجھنا ضروری ہے۔ ایک چیز کو دُوسری چیز سے کسی وصف میں شریک کرنے کو تشبیہ کہتے ہیں۔ جیسے یہ آنکھ نرگس جیسی ہے۔ جس چیز کو تشبیہ دیتے ہیں۔ اُس کو مُشبّہ اور جس چیز کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔ اُس کو مُشبّہ بِہٖ کہتے ہیں۔ جیسے نرگسِ چشم میں چشم مُشبّہ اور نرگس مُشبّہ بِہٖ ہے۔ اِضافتِ تشبیہی میں مُشبّہ بِہٖ کو مُشبّہ کی طرف مُضاف کرتے ہیں۔ جیسے

کلمے کے ساتھ لگی ہوئی ہو۔ تو کچھ مضائقہ نہیں۔
اُستادوں کے کلام میں بیشتر واقع ہے۔ جیسے
بر آنچشم خاطر از شام وردم +

اقسام اِضافت

اِضافت کی کئی قسمیں ہیں۔ اِضافت تخصیصی۔
تملیکی۔ توضیحی۔ تبیینی۔ تشبیہی۔ اِبنی۔ ظرفی۔ مجازی
اور مُلابستی۔ اب ہر ایک کا بیان سُنو۔ اور خوب
یاد رکھو +

اِضافتِ تخصیصی وُہ ہے۔ جس سے مُضاف
مُضاف اِلَیہ کے واسطے ہی خاص کیا جائے۔ جیسے سردارِ
لشکر۔ یعنی سردار خاص لشکر کا +

اِضافتِ تملیکی وُہ ہے۔ جس میں مملوک کو مالک
کی طرف مُضاف کریں۔ جیسے قصرِ شاہ۔ مالِ پادشاہ۔
اسپِ امیر۔ باغِ وزیر۔ لفظِ قصر مملوک ہے۔ اور
مُضاف ہے۔ اور شاہ مالک ہے۔ اور مُضاف اِلَیہ
ہے۔ اِسی طرح سے مالِ پادشاہ اور اسپِ امیر اور
باغِ وزیر +

اِضافتِ توضیحی وُہ ہے۔ کہ مُضاف کو مُضاف اِلَیہ
واضح کر دے۔ جیسے شہرِ بریلی۔ لفظِ شہر سے توضیح
حاصل نہ تھی۔ بریلی کے کہنے سے واضح ہوا۔ کہ اُس
شہر کا ذِکر ہے۔ جس کا نام بریلی ہے۔ اِسی طرح
سے دریائے گنگ اور کتابِ گُلستاں اور بادِ شمال
اور درختِ انار اور سنگِ مقناطیس +

بھی یہ کسرہ نہیں پڑھا جاتا ہے - وُہ یہ ہیں :-
(۱) جب مُضاف اِلَیہ مُضاف پر مُقدّم ہو - جیسے
جہاں شاہ - لفظِ شاہ مُضاف ہے مُؤخّر - اَور لفظِ
جہاں مُضاف اِلَیہ ہے مُقدّم - اَور معنی جہاں شاہ
اَور شاہِ جہاں کے ایک ہیں - ایسی ترکیب کو
اِضافتِ مقلوب کہتے ہیں - یعنی وُہ مُرکّب جس
میں مُضاف مُؤخّر ہو - اَور مُضاف اِلَیہ مُقدّم +
(۲) جب ضمیرِ مجرُور مُتّصِل مُضاف اِلَیہ ہو - جیسے
غُلامش اَور غُلامت اَور غُلامم - اِس مقام میں آخر
مُضاف کے فتحہ پڑھنا واجب ہے - جیسے غُلامم کا
میم تینوں جگہ مفتُوح ہے - اَور غُلام مُضاف ہے -
شین اَور تاے فوقانی اَور میم تینوں ضمیریں مجرُور
مُضاف اِلَیہ ہیں +
(۳) مُضاف اِلَیہ کے آخر لفظِ را علامت اِضافت
کی ہو - خواہ مُضاف اِلَیہ مُتّصِل مُضاف کے ہو -
خواہ فاصلے پر ہو - خواہ آگے ہو - خواہ پیچھے ہو -
جیسے غُلام زَید را - اَور زَید را غُلام - اَور زَید را
نیستم غُلام - اَور تو غُلام ہستی زَید را - اِن سب
مثالوں میں غُلام مُضاف اَور زَید مُضاف اِلَیہ ہے -
اَور لفظِ را علامت اِضافت کی ہے +
یاد رکھو - کہ ضمیرِ مجرُور مُتّصِل جو مُضاف اِلَیہ ہو -
ضرُور نہیں - کہ مُضاف سے لگی ہُوئی ہو - اگر
مُضاف سے آگے یا پیچھے یا فاصلے پر ہو - اَور کسی

مُضاف کہتے ہیں۔ اور جس اِسم کی طرف نِسبت
کرتے ہیں۔ اُس کو مُضاف اِلَیہ۔ فائدہ اِضافت کا یہ
ہے۔ کہ اگر مُضاف اِلَیہ معرفہ ہو۔ تو مُضاف بھی
معرفہ ہو جاتا ہے۔ جیسے غُلامِ زَید۔ زَید کا غُلام۔
غُلام کا لفظ نکرہ تھا۔ ہر ایک غُلام کو غُلام کہ سکتے
ہیں۔ جب اِس غُلام کے لفظ کو زَید کی طرف نِسبت
کیا۔ اور کہا۔ غُلامِ زَید۔ یعنی زَید کا غُلام۔ تو غُلام
خاص ہو گیا۔ کیونکہ زَید ہی کے غُلام کو غُلامِ زَید
کہینگے۔ اور کِسی کے غُلام کو نہ کہینگے۔ اور اگر
مُضاف اِلَیہ نکرہ ہو۔ تو مُضاف میں ایک قِسم کی
خُصُوصیّت پَیدا ہو جاتی ہے۔ جَیسے غُلامِ پاڈشاہ۔
یعنی پاڈشاہ کا غُلام ہے۔ وزِیر کا نہیں۔ اور غُلام
کے لفظ میں ایک خُصُوصیّت پَیدا ہو گئی +

فارسی کی ترکیب میں مُضاف کے آخر کسرہ علامت
اِضافت کی ہے۔ جَیسے غُلامِ زَید میں غُلام کے مِیم کا
کسرہ۔ اور حذف کرنا اِس کسرے کا دُرُست نہیں
ہے۔ مگر بعض الفاظ میں اُستادوں نے روا رکھّا
ہے۔ ازاں جُملہ لفظِ صاحب اور لفظِ سر ہیں۔ اِن
دونو لفظوں پر کسرہ نہ پڑھنا ہی فصیح ہے۔ جَیسے
صاحب دِل۔ سرخیل۔ اور ایسا ہی سَیلاب۔ بنام
ایزد۔ پدر زن۔ برادر زن۔ پسر عم وغیرہ پر اکثر
کسرۂ اِضافت نہیں لاتے۔ اور اِس کو فکِّ اِضافت
کہتے ہیں۔ اِن لفظوں کے سوا بعض اور مقام پر

ہوتی ہے۔ جیسے کوئی کہے۔ عالم گیر پسر کیست؟ اور تم کہو۔ پسر شاہ جہان است۔ یہاں عالم گیر مُبتدا محذوف ہے۔ یا کوئی کہے۔ کدام کس فاضل است؟ تم کہو۔ احمد۔ یہاں فاضل است خبر محذوف ہے۔ یا کوئی کہے۔ محمود حاضر است۔ تم کہو۔ آرے۔ بلے یا نے۔ اِس جگہ جُملہ محذوف ہوگا۔ یعنی محمود حاضر است یا محمود حاضر نیست۔ یہاں مُبتدا اور خبر دونو محذوف ہیں +

کلام ناقص یا غیر مُفید کا بیان

کلام ناقص وُہ مُرکّب ہے۔ جس سے پُوری بات سمجھ میں نہ آئے۔ اور سُننے والے کو اُس سے پُورا فائدہ حاصل نہ ہو۔ اور اُس کی کئی قِسمیں ہیں۔ جن کا حال ذیل میں لکھا جاتا ہے :-

مُرکّب ناقص عموماً دو اِسموں کے مِلنے سے بنتا ہے۔ مگر بعض وقت حرف اور اِسم کے مِلنے سے بھی مُرکّب ناقص یا غیر مُفید بن جاتا ہے۔ جیسے جار و مجرور کے مِلنے سے وغیرہ +

۱۔ مُرکّب اِضافی

مُرکّب اِضافی وُہ ہے۔ جس میں اِضافت پائی جائے۔ اِضافت کے معنی ہیں نسبت کرنا ایک اِسم کا دُوسرے اِسم کی طرف۔ نسبت لگاؤ کو کہتے ہیں۔ جس اِسم کو دُوسرے اِسم کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ اُس اِسم کو

اور اسی طرح بخدایے کریم کے پہلے قسم میخورم محذوف ہے ؛

۴۔ بعض دفعہ فعل بھی حذف کیا جاتا ہے۔ جیسے استفہام کے جواب میں۔ مثلاً کوئی کہے۔ کہ آمد؟ یعنی کون آیا۔ جواب میں کہیں زید۔ یعنی زید آمد۔ یہاں آمد محذوف ہے ؛

۵۔ مبتدا عموماً معرفہ ہوتا ہے۔ یا نکرۂ مخصصہ۔ اور خبر عموماً نکرہ۔ جیسے محمود بہادر است۔ غلام مرد حاضر است۔ مردِ احمق ناقابل است۔ مبتدا دوسری مثال میں اضافت کے ذریعے اور تیسری میں صفت کے باعث مخصوص ہوا۔ جس صورت میں دونو معرفہ یا دونو نکرہ ہوں۔ تو پہلے کو مبتدا اور دوسرے کو خبر کہتے ہیں۔ جیسے قیصرۂ ہند ملکۂ وکٹوریہ است۔ ارض زمین است۔ ہوا باد است۔ اس کو برعکس پڑھنا بھی جائز ہے ؛

۶۔ اگر جملے میں ایک اسم ذات ہو۔ اور دوسرا اسم صفت۔ تو اسم ذات مبتدا ہوگا۔ اور اسم صفت خبر۔ جیسے شب سیاہ است۔ دنیا فانی است ؛

۷۔ کبھی ایک مبتدا کی کئی خبریں ہوتی ہیں۔ جیسے زید عالم۔ فاضل۔ شاعر است۔ اور ایسا ہی متعدد مبتداؤں کی ایک خبر ہوتی ہے۔ جیسے ع
بخت و تخت و امر و نہے و رگیر و دار۔ ہمہ ہیچ است ؛

۸۔ جب قرینہ پایا جائے۔ تو مبتدا یا خبر محذوف

اَور مفعُول بہ عمُوماً دونو کے درمیان۔ اور کبھی مفعُول بہ فعل کے بعد بھی واقع ہوتا ہے۔ جیسے زید عمرو را زد۔ بکر طعام را خورد۔ اور ع بہ عہدِ تو مے بینم آرامِ خلق۔ اور جب فعل متعدّی بدو مفعول ہو۔ تو مفعول بہ پہلے لاتے ہیں۔ اور اُس کے بعد مفعولِ ثانی۔ جیسے زید بکر را کتاب داد۔ بکر مفعول بہ اور کتاب مفعولِ ثانی۔ اِس طرح سے اور مفعول بھی فعل سے پہلے آتے ہیں۔ جیسے صبحگاہ زید بکر را بالاے سقفِ دید۔ اور جیسے نشستِ امیر نشستم۔ اور زید را تازیانہ زدم +

۳۔ فعل کا فاعل بعض موقعوں پر حذف کیا جاتا ہے۔ وہ موقعے یہ ہیں:۔

(۱) صیغۂ جمع غائب میں۔ جب چند اشخاص نامعلوم یا قضا و قدر فاعل ہوں۔ جیسے آوردہ اند کہ سپاہ دشمن ہشیار بود۔ اور جیسے ؎ در کوے نیکنامی ما را گزر ندادند +

(۲) جب قرینہ پایا جائے۔ جیسے کوئی پُوچھے زید آمد؟ جواب میں کہیں آمد +

(۳) بابِ ابتدائیّہ و جملۂ ندائیّہ و جملۂ قسمیّہ کے پہلے تمام جملہ یعنی فعل مع فاعل محذوف ہوتا ہے۔ جیسے ع بنامِ جہاندارِ جاں آفریں کے اوّل آغاز مے کنم جملہ محذوف ہے۔ اور اے زید اصل میں ہے میخوانم زید را۔ یہاں میخوانم محذوف ہے۔

رکہ حرفِ بیان - در کشید رفعل - شاپور فاعل - دم مفعول - رفعل اپنے فاعل اور مفعول سے رل کر جملۂ رفعلیہ ہوکر بیان ہُوا مُبیّن کا - مُبیّن جملۂ بیانیہ سے رل کر جملۂ مُبیّنہ ہوکر مفعول ہُوا شنیدم کا - رفعل فاعل اور مفعول سے رل کر جملۂ رفعلیہ ہُوا +

اگر جملۂ بیانیہ مُبیّن کی ذات کا بیان ہے - تو اُس جملے سے مُبتدا کا حذف کرنا بہتر ہے - جیسے احمد رکہ دانا ست گجا ست - یعنی احمد رکہ او دانا ست گجا ست +

اگر جملۂ بیانیہ مُبیّن کی ذات کا بیان نہ ہو - بلکہ مُبیّن کے متعلق کا بیان ہو - تو اُس مقام میں مُبتدا کو حذف نہیں کرتے - بلکہ اُس جملے میں ایک ضمیر لاتے ہیں - جو مُبیّن کی طرف پھرتی ہے - جیسے رفیقِ من یک طالبِ علم است - رکہ کتابش خوبست +

جملوں کے متعلق چند قوائد

ا - وحدت اور جمع میں رفعل اپنے فاعل سے مطابقت رکھتا ہے - لیکن جب فاعل غیر ذی روح ہو - خواہ واحد ہو - خواہ جمع - رفعل واحد لانا ہی فصیح ہے - جیسے مردے آمد - مردماں آمدند - درختاں سرسبز بود - برگہا بے شمار اُفتاد - یہی حال مُبتدا اور حروفِ رابط یا افعالِ ناقصہ کا بھی ہے - جیسے ہمہ مردماں حاضر اند - اور ہمہ طلبہ موجود نبودند - برگہا بسیار است +

۲ - فارسی میں عموماً فاعل رفعل سے پہلے آتا ہے -

جملۂ فعلیہ ہو کر معلول ہُوا۔کہ حرفِ علت۔ سزا مفعول۔ یابی فعل با فاعل۔ فعل فاعل اور مفعول کے ساتھ مل کر جملۂ فعلیہ ہو کر علت ہُوا۔ علت معلول کے ساتھ مل کر جملۂ معللہ ہُوا +

فائدہ۔ حروفِ علت یہ ہیں۔ کہ۔ تا۔ چہ۔ زیراکہ۔ چراکہ۔ بنابریں وغیرہ +

۶۔ جملۂ دعائیہ وہ جملہ ہے۔ جس میں دعا کا حرف آئے۔ جیسے چشمِ بد دور۔ یعنی چشمِ بد دور باد۔ نظر بری دور ہوجیو۔ چشمِ بد اسم ہے باد کا۔ باد مخفف ہے بواد کا۔ اور بواد اصل میں بود مضارع کا صیغہ ہے افعالِ ناقصہ میں سے۔ الف دعا کا جب اس میں آیا۔ تو بواد ہو گیا۔ سو بواد یہاں سے محذوف ہے۔ دور اس کی خبر ہے۔ باد فعلِ مضارع اسم اور خبر کے ساتھ مل کر جملۂ فعلیہ ہُوا +

۷۔ جملۂ مبینہ وہ جملہ ہے۔ جس میں حرفِ بیان واقع ہو۔ جو جملہ حرفِ بیان کے بعد آئے۔ اس کو جملۂ بیانیہ کہتے ہیں۔ یہ حرفِ بیان عموماً کاف ہوتا ہے۔ جس کو کافِ سرِ جملہ بھی کہتے ہیں۔ اور جس اسم کا یہ جملہ بیان آتا ہے۔ اس کو مبین کہتے ہیں۔ جیسے ع شنیدم کہ شاپور دم در کشید۔ اس جملے میں ایں محذوف مبین ہے۔ شاہ پور دم در کشید جملۂ بیانیہ ہے۔ کاف حرفِ بیان ہے۔ ترکیب یوں ہوگی۔ شنیدم فعل با فاعل۔ ایں اسمِ مبہم محذوف مبین۔

معطوف مِل کر فاعِل ہُوئے فِعل کے۔ فِعل با فاعِل جُملۂ فِعلِیّہ ہُوا ✤

فائِدہ۔ حرُوفِ عطف یہ ہیں۔ و۔ پس۔ سِپس۔ نیز۔ ہم۔ دِیگر۔ دِگر۔ وغیرہ ✤

۴۔ جُملۂ قسمیّہ وُہ جُملہ ہے۔ جِس میں حرفِ قسم آئے۔ جیسے بخُدا غفلت نخواہم کرد۔ اصل میں یُوں تھا۔ قسم مے خورم بخُدا۔ بہ قسمیّہ جار۔ خُدا مجرُور۔ جار مجرُور مِل کر مُتعلّق ہُوئے میخورم فِعل با فاعِل محذُوف کے۔ قسم مفعُولِ محذُوف۔ پس فِعل اپنے فاعِل۔ اَور مفعُول اَور مُتعلّق کے ساتھ مِل کر جُملۂ فِعلِیّہ ہو کر قسم۔ غفلت مفعُول نخواہم کرد فِعل با فاعِل کا۔ فِعل اَور فاعِل اَور مفعُول مِل کر جُملۂ فِعلِیّہ ہو کر جواب قسم۔ قسم مع جواب قسم جُملۂ قسمیّہ ہُوا۔ یہ جُملہ بغیر دُوسرے جُملے کے تمام نہیں ہوتا۔ اِس دُوسرے جُملے کو جواب قسم کا کہتے ہیں۔ جیسے ع بنام ایزد عجب ارزاں خریدم ✤

فائدہ۔ حرُوفِ قسم یہ ہیں۔ ب۔ و ✤

۵۔ جُملۂ مُعلّلہ وُہ جُملہ ہے۔ جِس میں حرفِ عِلّت آئے۔ اِس جُملے میں بھی کم سے کم دو جُملے ہوتے ہیں۔ اَور جو جُملہ حرفِ عِلّت کے بعد واقع ہوتا ہے۔ اُس کو عِلّت کہتے ہیں۔ اَور جو پہلے واقع ہو۔ اُسے معلُول۔ جیسے بد مکُن کہ سزا یابی۔ مکُن فِعل با فاعِل بد مفعُول۔ فِعل فاعِل اَور مفعُول کے ساتھ مِل کر

مُنادے سے مل کر قائم مقام جُملۂ فعلیّہ کے ہُوا۔ کُن فعل یا فاعل۔ کرم اُس کا مفعُول۔ فعل یا فاعل مفعُول کے ساتھ مل کر جُملۂ فعلیّہ ہوکر جوابِ ندا ہُوا۔ ندا ساتھ جواب کے مل کے جُملۂ ندائیّہ ہُوا +

کبھی حرفِ ندا محذُوف ہوتا ہَے۔ جَیسے ع بیا جامی! رہا کُن شرمساری۔ یعنی بیا اَے جامی! رہا کُن شرمساری۔ اَور کبھی مُنادے بھی محذُوف ہوتا ہَے۔ جَیسے ع اَے بذاتِ تو مُزیّن مسندِ پیغمبری۔ یعنی اَے آنکہ بذاتِ تو مُزیّن اَست مسندِ پیغمبری۔ لفظِ آں مُنادے محذُوف ہَے +

فائدہ۔ ندا کے حرف یہ ہَیں۔ یا۔ الف۔ اَے۔ ایا +

۳۔ جُملۂ معطُوفہ وُہ جُملہ ہَے۔ جس میں حرفِ عطف پایا جائے۔ حرفِ عطف سے پہلا جُملہ معطُوف علیہ اَور اُس کے بعد کا جُملہ معطُوف کہلاتا ہَے۔ جَیسے احمد آمد و محمُود رفت۔ احمد فاعل۔ آمد فعل۔ فعل ساتھ فاعل کے مل کر جُملۂ فعلیّہ ہوکر معطُوف علیہ ہُوا۔ واو حرفِ عطف۔ محمُود فاعل۔ رفت فعل۔ فعل ساتھ فاعل کے مل کر جُملۂ فعلیّہ ہوکر معطُوف ہُوا۔ معطُوف علیہ مع معطُوف کے جُملۂ معطُوفہ ہُوا + اَور کبھی عطف کلمے کا کلمے پر بھی ہوتا ہَے۔ جَیسے زید و بکر آمد۔ آمد فعل۔ زید اُس کا فاعل معطُوف علیہ۔ واو حرفِ عطف۔ بکر معطُوف۔ معطُوف علیہ مع

کا مفعُول بہٖ ۔ فعل فاعل اور مفعُول کے ساتھ مل کر جزا ہُوئی شرط کی ۔ شرط ساتھ جزا کے مل کر جُملۂ شرطیّہ ہُوا ۔ اِسی طرح سے دُوسرے جُملے اگر تختی مُردی کی ترکیب ہوگی +

کبھی شرط کی جزا محذُوف ہوتی ہَے ۔ جَیسے غنیمت کے کلام میں ۔ بَیت ۔ مرا خُود عرصۂ اندیشہ تنگ است ۔ تُرا گر با قضا یارائے جنگ است + گر حرف شرط کا ۔ تُرا با قضا یارائے جنگ است جُملہ ہوکر شرط ہُوا ۔ اور جزا اُس کی بجنگ محذُوف ہے +

فائدہ ۔ جُملۂ شرطیّہ میں ایک حرف شرط کے حرفوں میں سے ہوتا ہَے ۔ شرط کے حرف یہ ہَیں ۔ اگر ۔ گر ۔ ار ۔ چُوں ۔ چو ۔ اور سوا اِن کے وقتیکہ ۔ رُوزیکہ ۔ ہنگامیکہ +

۲ ۔ جُملۂ ندائیّہ وُہ جُملہ ہَے ۔ جس میں ندا کا حرف آئے ۔ جَیسے اَے زَید ! مقصُود اِس سے یہ ہَے ۔ کہ مے خوانم زَید را ۔ یعنی مَیں زَید کو بُلاتا ہُوں ۔ اَے ندا کا حرف ۔ زَید مُنادےٰ ۔ ندا کا حرف مُنادے کے ساتھ مل کر قائم مقام جُملے کے ہَے ۔ کس واسطے کہ معنی فعل کے اُس میں پائے جاتے ہَیں ۔ اور یہ جُملہ بغیر دُوسرے جُملے کے تمام نہیں ہوتا ۔ اِس دُوسرے جُملے کو جواب ندا کہتے ہیں ۔ جَیسے اَے کریم ! کرم کُن ۔ اِس کی ترکیب اِس طرح کرینگے ۔ اَے حرف ندا ۔ کریم مُنادےٰ ۔ حرفِ ندا

میں واقع ہو۔ جیسے عِلم خزینہ ایست مُقفّل۔ عِلم مُبتدا۔ خزینہ ایست مُقفّل خبر۔ مُبتدا اور خبر مِل کر جُملۂ اِسمیۂ مُستانفہ ہُوا ✦

۲۔ جُملۂ مُعترِضہ وُہ جُملہ ہے۔ جو کِسی جُملے کے درمیان واقع ہو۔ جیسے یارِ من (چشمِ بد دُور) خُوب عالِم است۔ یار مُبتدا۔ خُوب عالِم است خبر۔ مُبتدا اور خبر مِل کر جُملۂ اِسمیّہ ہُوا۔ چشمِ بد دُور جُملۂ مُعترِضہ ہے۔ جو اِس جُملے کے بیچ میں واقع ہُوا ہے ✦

دُوم۔ حرُوف کے لحاظ سے جُملوں کے نام مُختلِف ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ حرُوفِ شرط۔ حرُوفِ ندا۔ حرُوفِ عطف۔ حرُوفِ قسم۔ حرُوفِ عِلّت۔ حرُوفِ دُعا۔ حرُوفِ بیان وغیرہ میں سے کِسی حرف کے آنے سے جُملۂ شرطیّہ۔ جُملۂ ندائیّہ۔ جُملۂ عاطفہ یا معطوفہ۔ جُملۂ قسمیّہ۔ جُملۂ مُعلّلہ۔ جُملۂ دُعائیّہ۔ جُملۂ مُبیّنہ وغیرہ کے نام سے مَوسُوم ہوتے ہیں ✦

اب چند مشہُور جُملوں کا حال بیان کِیا جاتا ہے:-

۱۔ جُملۂ شرطیّہ۔ جِس جُملے میں حرفِ شرط داخل ہو۔ اُس کو جُملۂ شرطیّہ کہتے ہیں۔ اور یہ جُملۂ شرطیّہ دو جُملوں سے مُرکّب ہوتا ہے۔ پہلے کو شرط۔ دُوسرے کو جزا کہتے ہیں۔ جیسے اگر عِلم خوانی۔ عِزّت یابی۔ و اگر خُفتی مُردی۔ ترکیب اِس کی یہ ہے۔ اگر حرفِ شرط کا۔ خوانی فِعل با فاعِل۔ عِلم مفعُول۔ فِعل فاعِل اور مفعُول سے مِل کر شرط ہُوا۔ یابی فِعل با فاعل عِزّت اُس

کی وضع پر میں بیٹھا۔ کبھی مفعُول مُطلق شُمار کے واسطے آتا ہے۔ جیسے نشستم یک نشست۔ یہاں نشست بمعنے نشستن ہے۔ یعنی میں ایک بیٹھک بیٹھا +

آسانی کے واسطے ذیل کے نقشے میں وُہ لفظ لکھے جاتے ہیں۔ جن کو فِعل کے اُردُو ترجمے کے ساتھ مِلانے سے مفعُول کی قِسم معلُوم ہو جائیگی +

الفاظ	قِسمِ مفعُول
کب	مفعُول فِیہ ظرفِ زماں
کہاں	مفعُول فِیہ ظرفِ مکاں
کِس کے ساتھ	مفعُول معہٗ
کِس واسطے	مفعُول لہٗ
کیسا	مفعُول مُطلق تاکید کے واسطے
کِس طرح	مفعُول مُطلق وضع کے واسطے
کے بار	مفعُول مُطلق عدد کے واسطے

جُملوں کے اقسام

واضح ہو۔ کہ کلامِ تام اصل میں جُملۂ فِعلیّہ و جُملۂ اِسمیّہ پر ہی مُنقسِم ہے۔ اَور اِنہیں دو جُملوں کے نام کبھی ترکیب اَور کبھی حرُوف کے لحاظ سے مُختلِف ہو جاتے ہیں +

اوّل۔ ترکیب کے لحاظ سے کلامِ تام جُملۂ مُستانِفہ اَور جُملۂ مُعترضہ کہلاتا ہے +

ا۔ جُملۂ مُستانِفہ وُہ جُملہ ہے۔ جو کلام کے اِبتدا

مفعُول فِیہ کہتے ہیں۔ اور اُسی کو ظرف بھی کہتے ہیں۔ مفعُول فِیہ کے اُوپر در۔ بر اور بائے مُوحّدہ بمعنیٰ در اور بر اکثر لاتے ہیں۔ جیسے در شب بر تخت خُفتم۔ اور بوقتِ شام بہ بازار رفتم۔ اِن فقرُوں میں تخت اور بازار ظرفِ مکاں ہیں۔ اور شب اور شام ظرفِ زماں۔ کبھی در۔ بر اور بائے مُوحّدہ نہیں لاتے۔ جیسے شب کُجا بُودی۔ یعنی در شب کُجا بُودی +

(۲) جِس بات کے واسطے وہ فِعل کِیا جائے۔ اُس کو مفعُول لہٗ کہتے ہیں۔ جیسے زدم زید را برائے ادب۔ اِس میں ادب مفعُول لہٗ ہے +

(۳) جِس اِسم پر با ہو۔ اور مفعُول بِہٖ کے بعد واقع ہو۔ اُس اِسم کو مفعُول معہٗ کہتے ہیں۔ جیسے زدم زید را با عمرو۔ یعنی میں نے عمرو کو بھی زید کے ساتھ مارا۔ عمرو مفعُول معہٗ ہے۔ اور مفعُول معہٗ شریک مفعُول بِہٖ کا ہوتا ہے +

(۴) مفعُول مُطلق عمُوماً اُس فِعل کا مصدر ہوتا ہے۔ جِس کا یہ مفعُول مُطلق ہے۔ اکثر مفعُول مُطلق فِعل کی تاکید کے واسطے آتا ہے۔ اور اُس کے آخر یائے معرُوف بھی زِیادہ کرتے ہیں۔ جیسے زدم زید را زدنی یعنی مارا میں نے زید کو جو مارنے کا حق تھا۔ کبھی مفعُول مُطلق وضع بیان کرنے کے واسطے آتا ہے۔ اُس وقت اُس کے آخر یائے معرُوف نہیں لاتے۔ جیسے نشستم نشستنِ امیر۔ یعنی میں امیر کی بیٹھک بیٹھا۔ یعنی امیر کے بیٹھنے

ہے ؟ تو جواب اُس کا ہوگا زید۔ جان لو۔ کہ زید مُبتدا ہے ✤

یاد رکھو۔ کہ حرف نہ مُبتدا ہوتا ہے۔ نہ خبر۔ اور فعل بھی مُبتدا نہیں ہوتا۔ مگر جُملہ ہوکر خبر ہوتا ہے۔ جیسے ع یکے روستائی سقط شُد خرش۔ اِس جُملے میں روستائی مُبتدا ہے۔ سقط شُد خرش خبر۔ اِس میں ش ضمیر ہے۔ جو مُبتدا کی طرف راجع ہے۔ جس وقت جُملہ خبر ہو۔ تو جُملے میں ضرور ہے۔ کہ ایک ضمیر مُبتدا کی طرف پھرے۔ جیسے سقط شُد خرش میں ش ✤

فائدہ۔ بعض مُتعدّی فعلوں کے دو یا دو سے زیادہ مفعول ہوتے ہیں۔ تو اُس صُورت میں فعل فاعل اور مفعُولات سے مل کر جُملۂ فعلیہ ہوتا ہے۔ بعض وقت مفعُول پُورا جُملہ ہوتا ہے۔ خواہ وُہ جُملۂ فعلیہ ہو۔ خواہ جُملۂ اِسمیہ۔ جیسے دیدم کہ زید کتاب خریدہ اشت ✤

مفعُولوں کی قسمیں

تُم نے مفعُول بہٖ اور مفعُولِ ثانی کا حال پڑھ لیا ہے۔ عربی زبان کی قواعد میں اِن مفعُولوں کے سِوا اور مفعُول بھی ہوتے ہیں۔ فارسی نحویوں نے بھی اُن مفعُولوں کو فارسی قواعد میں داخل کر لیا ہے۔ وُہ یہ ہیں۔ مفعُول فیہ۔ مفعُول معہٗ۔ مفعُول لہٗ۔ اور مفعُول مُطلق ✤

(۱) جس وقت یا مکان میں فعل واقع ہو۔ اُسے

۲ ۔ جُملۂِ اِسْمیہّ وُہ ہَے ۔ جِس مِیں کم سے کم دو اِسْم مِل کر پُوری بات ہو ۔ اَور سُننے والے کو پُورا فائِدہ حاصِل ہو ۔ اَور بات کی اِبْتِدا اُس اِسْم سے ہو ۔ جِس کے حال سے دُوسرا اِسْم خبر دے ۔ اِبْتِدا والے اِسْم کو مُبْتَدا یا مُسْنَد اِلَیہ کہتے ہَیں ۔ دُوسرے اِسْم کو خبر یا مُسْنَد ۔ مُبْتَدا خبر کے ساتھ مِل کر جُملۂِ اِسْمیہّ ہوتا ہَے ۔ اَور جُملۂِ اِسْمیہّ مِیں ایک حرْفِ رَبْط کبھی مذْکُور ہوتا ہَے ۔ اَور کبھی مخفی ہوتا ہَے ۔ جَیسے زَید نیک اَست و عمرو بد ۔ زَید نیک ہَے ۔ اَور عمرو بد ہَے ۔ زَید مُبْتَدا اَور نیک خبر ہَے ۔ کیونکہ زَید کے حال سے خبر دیتا ہَے ۔ کہ وُہ نیک ہَے ۔ اَور اَست رَبْط کا حرْف ہَے ۔ مُبْتَدا خبر کے ساتھ مِل کر جُملۂِ اِسْمیہّ ہُوا ۔ اَور اِسی طرح عمرو مُبْتَدا ہَے ۔ اَور بد خبر ۔ اَور اَست حرْف رَبْط کا اِس قرِینے سے کہ پہلے جُملے مِیں ہَے ۔ اِس جُملے مِیں سے محذُوف ہُوا ۔ لیکِن معنی مِیں محفُوظ ہَے ۔ یہ مُبْتَدا بھی خبر کے ساتھ مِل کر جُملۂِ اِسْمیہّ ہُوا ۔

تُم جان چُکے ہو ۔ کہ خبر معلُوم کرنے کے لِئے کیا ہَے یا کَیسا ہَے مِلائیں ۔ تو جو لفظ اُس کا جواب ہو سکے ۔ اُس کو خبر سمجھیں ۔ اَور خبر کے ساتھ کَون ہَے مِلائیں ۔ تو جو لفظ اُس کا جواب ہو سکے ۔ اُس کو مُبْتَدا جانو ۔ جَیسے زَید نیک اَست مِیں جب کہو گے ۔ زَید کیا ہَے ؟ جواب یہ ہوگا ۔ کہ نیک ۔ معلُوم ہُوا ۔ کہ لفظِ نیک خبر ہَے ۔ اَور جب کہو گے ۔ کہ کَون نیک

جُملۂ فِعلیہ میں فِعل ماضی یا مُضارِع یا حال یا مُستقبل ہو۔تو اُس کو جُملۂ فِعلیہ خبریہ کہتے ہیں ۔ اگر جُملے میں فِعلِ امر یا فِعلِ نہی ہو۔تو اُس کو جُملۂ فِعلیہ اِنشائیہ کہتے ہیں۔جیسے بیا و میا۔دونو فِعل با فاعِل جُملۂ فِعلیہ اِنشائیہ ہیں۔اَور جیسے زید را بزن ۔ زید کو مار۔بزن فِعل با فاعِل۔زید اُس کا مفعُول۔فِعل با فاعِل مفعُول کے ساتھ مِل کر جُملۂ فِعلیہ اِنشائیہ ہُوا ✦

افعالِ ناقصہ اپنے اِسم اَور خبر کے ساتھ مِل کر اَور گُفتن کے مُشتقّات اپنے فاعِل اَور مفعُول اَور مقُولے کے ساتھ مِل کر جُملۂ فِعلیہ ہوتے ہیں ۔ جیسے زید دانا بُود۔زید دانا تھا۔بُود افعالِ ناقصہ میں سے ہَے۔اِسم اَور خبر کو چاہتا ہَے۔زید اُس کا اِسم اَور دانا اُس کی خبر ہے۔بُود اپنے اِسم اَور خبر کے ساتھ مِل کر جُملۂ فِعلیہ ہُوا۔بعضے اِس کو جُملۂ اِسمیہ کہتے ہیں۔ اَور گُفتمش بنشیں۔گُفتم فِعل با فاعِل۔ش مفعُول بِہٖ۔ بنشیں فِعل با فاعِل۔فِعل با فاعِل جُملۂ فِعلیہ اِنشائیہ ہوکر مقُولہ ہُوا گُفتم کا۔گُفتم فِعل با فاعِل ساتھ مفعُول اَور مقُولے کے مِل کر جُملۂ فِعلیہ ہُوا ✦ جو جُملہ مقُولہ ہوتا ہَے۔کبھی اُس پر کاف بھی لاتے ہیں۔جیسے گُفتم کہ کتاب بیار ۔اِس کاف کو کافِ سرِ جُملہ یا کافِ بیانیہ کہتے ہیں۔یہ جُملہ بیان ہوتا ہے اِیں محذُوف کا ۔ یعنی گُفتم اِیں کہ کتاب بیار ✦

اُس کو مُسند کہتے ہیں ۔ اِسم مُسند اَور مُسند اِلیہ دونو اَور فِعل صِرف مُسند اَور حرف نہ مُسند اِلیہ اَور نہ مُسند ہوتا ہے ٭ مُرکّب تام کو مُرکّب مُفید یا جُملہ بھی کہتے ہیں ٭

کلام ناقِص وُہ مُرکّب ہے ۔ جِس سے سُننے والے کو پُورا فائدہ حاصِل نہ ہو ۔ بلکہ اِنتظار باقی رہے ۔ جَیسے غُلامِ زَید ۔ مردِ نیک ۔ اَیسے کلام کو مُرکّب غیر مُفید بھی کہتے ہیں ٭

کلام تام کا بیان

کلام تام یا جُملے کی دو قِسمیں ہیں ۔ جُملۂ فِعلیّہ اَور جُملۂ اِسمیّہ ٭

ا ۔ جُملۂ فِعلیّہ وُہ مُرکّب ہے ۔ جِس میں فِعل اَور اِسم سے مِل کر بات پُوری ہو ۔ فِعل مُسند ہوتا ہے ۔ اَور فاعِل مُسند اِلیہ ۔ اگر اُس میں فِعل لازِم ہے ۔ تو وُہ فِعل صِرف فاعِل کے ساتھ مِل کر جُملۂ فِعلیّہ ہو جائیگا ۔ جَیسے زَید رفت ۔ رفت فِعل ۔ زَید اُس کا فاعِل ہے ۔ فِعل فاعِل کے ساتھ مِل کر جُملۂ فِعلیّہ ہُوا ۔ اگر جُملے میں مُتعدّی فِعل ہے ۔ تو وُہ فِعل فاعِل اَور مفعُول کے ساتھ مِل کر جُملۂ فِعلیّہ ہوگا ۔ جَیسے زَید عمرو را زدت زَید نے عمرو کو مارا ۔ زد فِعل ۔ زَید اُس کا فاعِل ۔ عمرو اُس کا مفعُول ۔ را علامت مفعُول کی ۔ فِعل مُتعدّی فاعِل اَور مفعُول کے ساتھ مِل کر جُملۂ فِعلیّہ ہُوا ۔ اگر

نحو وہ علم ہے۔ جس سے کلام کے اجزا کو جوڑنا اور کھولنا اور اُن کا آپس کا لگاؤ معلوم ہوتا ہے۔ اور اُس سے فائدہ یہ ہے۔ کہ اُس علم کا جاننے والا ایسی غلطی سے بچا رہتا ہے۔ جس سے کلام سمجھ میں نہ آئے۔ یا مطلب ٹھیک نہ سمجھا جائے۔ اور اِس میں کلمہ اور کلام دونو سے بحث ہوتی ہے +

کلام یا مُرکّب کا بیان

کلام وہ مُرکّب ہے۔ جو کم سے کم دو کلموں سے بنا ہو۔ اور زیادہ کی حد نہیں۔ کلام یا مُرکّب کی دو قسمیں ہیں۔ ایک کلامِ تام۔ دُوسرا کلامِ ناقص + کلامِ تام وہ مُرکّب ہے۔ جس سے سُننے والے کو پُورا فائدہ حاصل ہو۔ یعنی اُسے معلوم ہو جائے۔ کہ کہنے والا کچھ خبر دیتا ہے۔ یا کچھ چاہتا ہے۔ اور اُس میں مُسند اِلیہ۔ مُسند اور اِسناد کا ہونا ضروری ہے۔ جیسے زید آمد۔ زید مُسند اِلیہ اور آمد مُسند ہے۔ اور جو لگاؤ ان میں ہے۔ اُسے اِسناد کہتے ہیں۔ واضح ہو۔ کہ جس کی طرف اِسناد کی جائے۔ اُس کو مُسند اِلیہ کہتے ہیں۔ اور جس کی اِسناد کی جائے۔

پُوری بات ہَے مفعُول رہا ہے خواہم کا +
پوشیدہ نہ رہے - کہ تُرا بہ بینم مصدر کے معنی
میں ہَے - یعنی مے خواہم دیدن تو +

افعالِ ناقصہ

افعالِ ناقصہ وُہ فعل ہَیں - جن کا فاعل اَور مفعُول
نہیں ہوتا - بلکہ وُہ اِسم اَور خبر کو چاہتے ہَیں - فاعل
کے پہچاننے کے قاعدے سے اُن کا اِسم - اَور مفعُول
کے پہچاننے کے قاعدے سے اُن کی خبر عبارت میں
معلُوم کرتے ہَیں - اَور اُن فعلوں کے مصدر یہ ہَیں -
بُودن اَور شُدن - اَور مُرادِف اِن کے گشتن اَور گردیدن -
اَور ہشت اَور نیشت کو بھی افعالِ ناقصہ سے گنتے
ہَیں - جیسے زَید دانا بُود - زَید دانا شُد - زَید
دانا گشت - زَید دانا گردید - زَید دانا ہشت -
زَید دانا نیشت - زَید اِن کا اِسم اَور دانا اِن کی
خبر ہَے - اَور کبھی اشت بھی ہشت کے معنی میں
آتا ہَے - اِسم اَور خبر کو چاہتا ہَے - اَور اَور فعلوں
کی طرح ہشت اَور نیشت کے بھی چھ چھ صیغے ہَیں -
ہشت - ہشتند - ہشتی - ہشتید - ہشتم - ہشتیم + نیشت
نیشتند - نیشتی - نیشتید - نیشتم - نیشتیم - فقط یہی گردان
اِستِعمال میں آتی ہَے +

کبھی نہیں لاتے - اگر مفعول بہ ‌را نشان ہو - تو اکثر لاتے ہیں - مثال اُس کی آگے گزری +

بعضے فعلوں کے دو مفعول ہوتے ہیں - ان فعلوں کے مصدر یہ ہیں - دانستن - یافتن - انگاشتن - نگریستن - دادن - بخشیدن وغیرہ - جیسے زید را دانا دانستم - دانستم فعل با فاعل - زید مفعول بہ - دانا مفعول ثانی - اسی طرح زید را دانا انگاشتم - اور کبھی اُن کا مفعول ثانی مذکور نہیں ہوتا - جیسے او را بخشیدم - بخشیدم فعل با فاعل - او مفعول بہ - را مفعول کا نشان +

گفتن کے مشتقات کے بھی دو مفعول ہوتے ہیں - پہلا مفعول مفعول بہ کہلاتا ہے - اور دوسرے کو مقولہ کہتے ہیں - مقولہ اکثر جملہ ہوتا ہے - یعنی پوری بات - جیسے گفتمش در خانہ بنشین - کبھی اُس کا مفعول بہ محذوف بھی ہوتا ہے - جیسے ع فلک گفت احسنت مہ گفت زہ + فلک فاعل پہلے گفت کا اور مہ فاعل ہے دوسرے گفت کا - احسنت مقولہ ہے پہلے گفت کا - زہ مقولہ ہے دوسرے گفت کا - اور جس کو فلک و مہ نے کہا - وہ محذوف ہے - اور کبھی مقولہ اسم مفرد بھی ہوتا ہے - جیسے ثنا گفتم - ثنا اسم مفرد ہے مقولہ گفتم کا - اور کبھی مفعول بہ جملہ ہوتا ہے - یعنی پوری بات - جیسے مے خواہم ترا بہ بینم - مے خواہم فعل با فاعل - ترا بہ بینم

زَید - پس زَید مفعُولِ مالم یُسَمّ فاعِلہٗ ہے گذشتہ شُد فعلِ مجہُول کا ◆

یاد رکھو - کہ فاعل اِسم ہوتا ہے - فعل اَور حرف نہیں ہوتا - بلکہ جو اِسم کہ اُس کے اُوپر حرف لگا ہو - وُہ اِسم بھی فاعل نہیں ہوتا - اَور کبھی فاعل مُرکّب بھی ہوتا ہے - جیسے پدرِ زَید رفت - رفت کا فاعل پدرِ زَید ہے - جو مُرکّب ہے - اِسی طرح سے غُلامِ پدرِ زَید رفت ◆

اگر فعلِ مُتعدّی کا مفعُول معلُوم کرنا ہو - تو اُس فعل کے اُردُو ترجمے کے ساتھ کیا یا کِس دونو لفظوں میں سے جو لفظ مُحاورۂ اُردُو کے مُوافِق موزُوں ہو - اُس لفظ کو مِلاؤ - جو کلِمہ اُس کا جواب ہو سکے - وُہی کلِمہ مفعُول اُس فعل کا ہے - جیسے زَید طعام خُورد - زَید نے طعام کھایا - جب کہو گے زَید نے کیا کھایا ؟ تو جواب اُس کا طعام ہوگا - پس طعام مفعُول ہے خُورد کا - اَور زَید فاعل ہے - اَور زَید بکر را زد - زَید نے بکر کو مارا - جب کہو گے - کِس کو زَید نے مارا ؟ تو جواب یہی ہوگا - کہ بکر کو - پس بکر مفعُول ہے زد کا - اَور لفظِ را نِشان مفعُول کا ہے - اَور زَید فاعل ہے زد کا - اِس مفعُول کو عربی میں مفعُولِ بہٖ کہتے ہیں - کیونکہ فعل اِس پر واقع ہوتا ہے - جیسے اِس مِثال میں مار بکر پر واقع ہُوئی - اَور لفظِ را نِشان مفعُول کا کبھی لاتے ہیں -

ہے؟ یہی کہوگے۔ کہ زید۔ پس زید فاعل ہے رفت کا۔ اسی طرح سے زید زد۔ زید نے مارا۔ جب ہم نے کہا۔ کہ کس نے مارا؟ یہی جواب دوگے۔ کہ زید نے۔ پس زید فاعل ہے زد کا +

یاد رہے۔ کہ فاعل کا ہونا ضرور ہے۔ جہاں کہیں فاعل لفظ میں ظاہر نہ ہو۔ ضمیر واحد غائب کی جو فعل کے صیغۂ واحد غائب میں پوشیدہ ہے۔ اور وہ لفظِ او ہے۔ جس کا ترجمہ وہ یا اُس نے ہے۔ وہی ضمیر فاعل صیغۂ واحد غائب میں ہوگی۔ اور صیغۂ جمع غائب میں ضمیر جمع غائب کی لفظِ ند ہے۔ جس کا ترجمہ وہ یا اُنھوں نے ہے۔ اسی ضمیر کو صیغۂ جمع غائب کا فاعل کہینگے۔ جیسے رفت۔ وہ گیا۔ لفظِ او فاعل ہے رفت کا۔ اور رفتند۔ وہ گئے۔ لفظِ آنہا فاعل ہے رفتند کا +

یاد رکھو۔ کہ ضمیر جس کی طرف پھرتی ہے۔ اُس کو اُس ضمیر کا مرجع کہتے ہیں۔ جیسے زید آمد و نشست۔ یعنی زید آیا اور بیٹھا۔ نشست میں ضمیر ہے جو پھرتی ہے زید کی طرف۔ زید مرجع ہے اُس ضمیر کا۔ جس طرح فعلِ معروف کا فاعل پہچاننا تم نے معلوم کیا۔ اُسی طرح فعلِ مجہول کا مفعولِ مالم یسم فاعلہٗ بھی کون کے لفظ کے ساتھ معلوم کرو۔ جیسے زید کشتہ شد۔ یعنی زید مارا گیا۔ جب کہوگے۔ کون مارا گیا؟ تو جواب یہی ہوگا۔ کہ

بعض مصدر ایسے ہیں۔ کہ لازم اور متعدی دونو طرح استعمال کئے جاتے ہیں۔ جیسے تافتن۔ آموختن۔ آمیختن۔ آویختن۔ افروختن۔ افزودن۔ افشردن۔ انگیختن۔ پختن۔ پوشیدن پیوستن۔ دوختن۔ راندن۔ ریختن۔ سوختن۔ شکستن۔ گشادن۔ گداختن۔ گسستن +

فعل کے فاعل اور مفعول کی پہچان

واحد حاضر۔ جمع حاضر اور واحد متکلم اور جمع متکلم کا صیغہ فعل با فاعل ہے۔ کیونکہ اُن کا فاعل اُن کے ساتھ ہے۔ حاضر کے دونو صیغوں کا فاعل مخاطب ہے۔ جیسے کردی۔ تُو نے کیا۔ کردید۔ تم نے کیا۔ لفظِ تُو اور تُم فاعل ہیں۔ اور متکلم کے دونو صیغوں کا فاعل بات کرنے والا ہے۔ جیسے کردم۔ مَیں نے کیا۔ کردیم۔ ہم نے کیا۔ لفظ مَیں اور ہم فاعل ہیں + اِن چاروں صیغوں کا تو فاعل معلوم ہو گیا۔ اب غائب کے دونو صیغوں کا فاعل معلوم کرنا چاہیئے۔ اِن دونو صیغوں میں سے جس کا فاعل معلوم کرنا چاہو۔ اُس صیغے کے ترجمے کے ساتھ لفظِ کون یا کس نے اِن دونو لفظوں میں سے جونسا لفظ محاورۂ اُردو میں ٹھیک ہوتا ہو۔ ملاؤ۔ جو لفظ عبارت میں اُس کا جواب ہوسکے۔ اُس لفظ کو فاعل اِس فعل کا جانو۔ جیسے زید رفت۔ زید گیا۔ جب ہم نے کہا۔ کون گیا

فعلِ لازم کو متعدّی اور متعدّی کو متعدّیُ المتعدّی بنانے کا قاعدہ

اگر مصدرِ لازم کو متعدّی بنایا چاہو۔ تو مصدرِ لازم کے امرِ حاضر معروف کے آخر فتحہ دے کر الف اور نونِ غنّہ یا الف اور نون اور یاے معروف زیادہ کرکے دن علامت مصدر کی لگا دو۔ مصدرِ متعدّی ہو جائیگا۔ اور اس کے سب فعل متعدّی ہونگے۔ جیسے ترسیدن مصدرِ لازم تھا۔ اور اس کا امرِ حاضر معروف ترس۔ اس کے آخر الف اور نونِ غنّہ اور لفظِ دن زیادہ کیا۔ ترساندن ہوگیا۔ اور جب الف اور نون کے بعد یاے معروف بھی بڑھائی گئی۔ تو ترسانیدن ہوگیا۔ پس ترساندن اور ترسانیدن دونو مصدر متعدّی ہیں۔ جس قدر فعل اس سے بنائے جائینگے۔ وہ متعدّی ہونگے ✦

اسی طرح فعلِ متعدّی کو متعدّیُ المتعدّی بنالیتے ہیں۔ جیسے خوردن سے خورانیدن اور نوشیدن سے نوشانیدن ✦

بعض فعلِ لازم یا متعدّی ایسے ہوتے ہیں۔ کہ اُن کا متعدّی اور متعدّیُ المتعدّی نہیں بن سکتا۔ ایسے مصدروں کو فعلِ لازم محدود یا فعلِ متعدّی محدود کہتے ہیں۔ جیسے رفتن۔ دیدن وغیرہ ✦

۱- اَمرِ واحد حاضر کے آخری حرف کو مکسور کرکے ش ساکن زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے پرورش۔ آفرینش +

۲- کبھی امرِ واحد حاضر کا صیغہ ہی حاصلِ مصدر کے معنی دیتا ہے۔ جیسے سوز اور گداز +

۳- کبھی ماضی مطلق کا صیغۂ واحد غائب حاصلِ مصدر کے معنوں میں آتا ہے۔ جیسے گفتِ عالم بگوشِ جاں بشنو +

۴- کبھی ایک ہی مصدر کے ماضی اور امرِ واحد حاضر کے مِلانے سے۔ جیسے گفتگو۔ جستجو +

۵- کبھی ماضی مطلق کے صیغۂ واحد غائب کے بعد لفظِ ار زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے گفتار۔ رفتار +

۶- کبھی امر واحد حاضر کے بعد ہ زیادہ کر دیتے ہیں۔ جیسے خندہ۔ گریہ +

اِسمِ حالیہ وہ اِسمِ مشتق ہے۔ جو فاعل یا مفعول کی حالت ظاہر کرے۔ جیسے زید خنداں مے آمد۔ اِس میں خنداں اِسمِ حالیہ ہے۔ اِس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے۔ کہ اَمرِ واحد حاضر کے آخری حرف کو فتحہ دے کر ان زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے خند سے خنداں۔ رَو سے رواں۔ پرور سے پروراں۔ پالتا ہُوا +

بعض وقت اِسمِ ظرف اور اِسمِ آلہ بھی مشتق آتے ہیں۔ جیسے مردم خیز۔ قط زن +

فارسی میں عربی زبان کا اِسمِ فاعِل بھی اِستِعمال کرتے ہیں۔ اُس کا وزن فاعِل کا ہوتا ہے۔ جیسے حاکم۔ عادِل۔ کامِل وغیرہ +

اِسمِ مفعُول وُہ اِسمِ مُشتق ہے۔ جو اُس ذات پر دلالت کرے۔ جس پر فِعل واقع ہو۔ جیسے کردہ۔ آمیختہ۔ اِس کی دو قِسمیں ہیں۔ (۱) اِسمِ مفعُولِ قیاسی۔ (۲) اِسمِ مفعُولِ سماعی +

اِسمِ مفعُولِ قیاسی ماضی مُطلق کے آخر حرف کو فتحہ دے کر ہ لگاتے ہیں۔ جیسے کرد۔ رفت۔ دید سے کردہ۔ رفتہ۔ دِیدہ۔ اِس کے دو صیغے ہوتے ہیں۔ ایک واحد۔ دُوسرا جمع۔ جمع کا صیغہ بنانے کے لِئے واحد کی آخر کی ہ کو گاف سے بدل کر ال علامت جمع کی زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے دیدہ سے دیدگاں۔ رفتہ سے رفتگاں +

اِسمِ مفعُولِ سماعی اِس طرح بناتے ہیں :-

۱۔ اِسم اور امر کے مِلنے سے۔ جیسے مصلحت آمیز +

۲۔ اِسم اور ماضی مُطلق کے مِلنے سے۔ جیسے دشت پخت +

عربی کا اِسمِ مفعُول بھی فارسی میں مُستعمل ہے۔ اور وُہ اکثر مفعُول کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے مقتُول۔ مجروح +

حاصِلِ مصدر وُہ اِسمِ مُشتق ہے۔ جو فِعل کا اثر یا اُس کی کیفیّت ظاہر کرے۔ جیسے سوزش۔ آمیزش وغیرہ۔ یہ کئی طرح سے بنتا ہے +

کرے۔ جس سے فعل صادر ہو۔ یا جس میں قائم ہو۔ جیسے روندہ۔ میرندہ۔ اِس کے بنانے کا طریق یہ ہے۔ کہ امرِ واحد حاضر کے آخر حرف کو مکسور کر کے لفظِ ندہ آخر میں لگاتے ہیں۔ اور امرِ واحد حاضر پر اگر ب ہو۔ تو گرا دیتے ہیں۔ جیسے بپرور سے پرورندہ۔ بکن سے کنندہ۔ اگر امر کے آخر میں الف یا واو ہو۔ تو کبھی ندہ لگانے سے پہلے ایک ی زیادہ کی جاتی ہے۔ جیسے گو سے گویندہ۔ فرما سے فرمایندہ +

جو اِسمِ فاعل لفظِ ندہ کے لگانے سے بنتا ہے۔ اُس کو اِسمِ فاعلِ قیاسی کہتے ہیں۔ اِسمِ فاعل اور طرح سے بھی بناتے ہیں۔ اُس کو اِسمِ فاعلِ سماعی کہتے ہیں۔ اُس کے بنانے کا طریق یہ ہے:۔

۱۔ ایک اِسم اور امر مل کر۔ جیسے کارکن۔ دستگیر +

۲۔ امرِ حاضر کے بعد الف لگانے سے۔ جیسے دانا بینا +

۳۔ اِسم کے بعد گار۔ گر۔ مند۔ ور۔ گین۔ ناک۔ بان۔ چی علامتوں میں سے کسی ایک کے لگانے سے۔ جیسے خدمتگار۔ آہنگر۔ خردمند۔ تاجور۔ اندوہگین۔ دردناک۔ فیلبان۔ توپچی +

اِسمِ فاعل کے دو صیغے ہوتے ہیں۔ ایک واحد۔ دوسرا جمع۔ اِسمِ فاعل کی جمع بنانے کے لئے واحد کی ہ کو گاف سے بدل کر ال علامت جمع کی زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے روندہ سے روندگان +

نامِ گردان	واحد	جمع	واحد مُتکلّم	مُتکلّم مع الغیر
نہی غائب معرُوف اِستمراری	باید کہ نہ پروَرده باشد	باید کہ نہ پروَرده باشند	باید کہ نہ پروَرده باشم	باید کہ نہ پروَرده باشیم
ترجمہ	چاہیئے کہ وُہ نہ پالتا رہے	چاہیئے کہ وُہ نہ پالتے رہیں	چاہیئے کہ مَیں نہ پالتا رہُوں	چاہیئے کہ ہم نہ پالتے رہیں
نہی غائب مجہُول اِستمراری	باید کہ نہ پروَرده شُده باشد	باید کہ نہ پروَرده شُده باشند	باید کہ نہ پروَرده شُده باشم	باید کہ نہ پروَرده شُده باشیم
ترجمہ	چاہیئے کہ وُہ نہ پالا جاتا رہے	چاہیئے کہ وُہ نہ پالے جاتے رہیں	چاہیئے کہ مَیں نہ پالا جاتا رہُوں	چاہیئے کہ ہم نہ پالے جاتے رہیں

اسمائے مُشتق

تم اِن کی تعریف پڑھ چکے ہو۔ یہ وُہ کلمے ہیں۔ جو اِسم مصدر سے بنتے ہیں۔ اَور اُس کے معنی اَور مادّہ اُن میں مَوجود ہوتا ہے۔ مگر زمانے کا تعلّق یا لگاؤ بالکل نہیں ہوتا۔ اِن کی قسمیں یہ ہیں۔ (۱) اِسمِ فاعِل۔ (۲) اِسمِ مفعُول۔ (۳) اِسمِ حاصِل مصدر۔ (۴) اِسمِ حالیہ۔ بعض وقت اِسمِ ظرف اَور اِسمِ آلہ بھی اسمائے مُشتق ہوتے ہیں۔

اِسمِ فاعل وُہ اِسم مُشتق ہے۔ جو اُس ذات پر دلالت

نام گردان	واحد	جمع	واحد متکلم	متکلم مع الغیر
فعلِ امرِ غائب معروفِ استمراری	باید کہ پرورده باشد	باید کہ پرورده باشند	باید کہ پرورده باشم	باید کہ پرورده باشیم
ترجمہ	چاہئے کہ وہ پالتا رہے	چاہئے کہ وہ پالتے رہیں	چاہئے کہ میں پالتا رہوں	چاہئے کہ ہم پالتے رہیں
فعلِ امرِ غائب مجہولِ استمراری	باید کہ پرورده شده باشد	باید کہ پرورده شده باشند	باید کہ پرورده شده باشم	باید کہ پرورده شده باشیم
ترجمہ	چاہئے کہ وہ پالا جاتا رہے	چاہئے کہ وہ پالے جاتے رہیں	چاہئے کہ میں پالا جاتا رہوں	چاہئے کہ ہم پالے جاتے رہیں
نہی حاضر معروفِ استمراری	پرورده مباش	پرورده مباشید	•	•
ترجمہ	تو نہ پالتا رہ	تم نہ پالتے رہو	•	•
نہی حاضر مجہولِ استمراری	پرورده شده مباش	پرورده شده مباشید	•	•
ترجمہ	تو نہ پالا جاتا رہ	تم نہ پالے جاتے رہو	•	•

امرِ اِستمراری ماضی شکیّہ سے بنتا ہے۔ جس طرح فعلِ امر مضارع سے بنایا ہے۔ اِس امر کو بھی اُسی طرح ماضی شکیّہ سے بناؤ۔ جیسے پروَرده باشی ماضی شکیّہ حاضر کا صیغہ تھا۔ امرِ حاضر اِستمراری پروَرده باش۔ جس کے معنی ہیں پالتا رہ۔ بنا +

نہی اِستمراری کے بنانے کے واسطے امرِ اِستمراری کے باش کے اُوپر میمِ مفتوح نہی کا لگاؤ۔ جیسے پروَرده مباش۔ اِس کا ترجمہ تُو نہ پالتا رہ۔ کبھی امرِ اِستمراری کے اُوپر لفظِ مے بھی آتا ہے۔ جیسے مے پروَرده باش +

نامِ گردان	واحد	جمع	واحد متکلّم	متکلّم مع الغیر
فعلِ امرِ حاضر معروفِ اِستمراری	پروَرده باش مے پروَرده باش	پروَرده باشید مے پروَرده باشید	•	•
ترجمہ	تُو پالتا رہ	تُم پالتے رہو	•	•
فعلِ امرِ حاضر مجہولِ اِستمراری	پروَرده شُده باش	پروَرده شُده باشید	•	•
ترجمہ	تُو پالا جاتا رہ	تُم پالے جاتے رہو	•	•

فعلِ نہی حاضر معروف	مپروَر	مپروَرید	.	.
ترجمہ	تُو نہ پال	تُم نہ پالو	.	.
فعلِ نہی حاضر مجہول	پروَرده مشو	پروَرده مشوید	.	.
ترجمہ	تُو نہ پالا جا	تُم نہ پالے جاؤ	.	.
فعلِ نہی غائب معروف	باید کہ نپروَرد	باید کہ نپروَرند	باید کہ نپروَرم	باید کہ نپروَریم
ترجمہ	چاہیئے کہ وُہ نہ پالے	چاہیئے کہ وُہ نہ پالیں	چاہیئے کہ مَیں نہ پالُوں	چاہیئے کہ ہم نہ پالیں
فعلِ نہی غائب مجہول	باید کہ نہ پروَرده شوَد	باید کہ نہ پروَرده شوَند	باید کہ نہ پروَرده شوَم	باید کہ نہ پروَرده شویم
ترجمہ	چاہیئے کہ وُہ نہ پالا جائے	چاہیئے کہ وُہ نہ پالے جائیں	چاہیئے کہ مَیں نہ پالا جاؤُں	چاہیئے کہ ہم نہ پالے جائیں

نامِ گردان	واحد	جمع	واحد متکلم	متکلم مع الغیر
فعلِ امرِ حاضرِ معروف	پرور - بپرور	پرورید - بپرورید	۔	۔
ترجمہ	تُو پال	تُم پالو	۔	۔
فعلِ امرِ حاضرِ مجہول	پرورده شو	پرورده شوید	۔	۔
ترجمہ	تُو پالا جا	تُم پالے جاؤ	۔	۔
فعلِ امرِ غائب معروف	باید کہ بپرورد	باید کہ بپرورند	باید کہ بپرورم	باید کہ بپروریم
ترجمہ	چاہیئے کہ وُہ پالے	چاہیئے کہ وُہ پالیں	چاہیئے کہ مَیں پالوں	چاہیئے کہ ہم پالیں
فعلِ امرِ غائب مجہول	باید کہ پرورده شود	باید کہ پرورده شوند	باید کہ پرورده شوم	باید کہ پرورده شویم
ترجمہ	چاہیئے کہ وُہ پالا جائے	چاہیئے کہ وُہ پالے جائیں	چاہیئے کہ مَیں پالا جاؤں	چاہیئے کہ ہم پالے جائیں

اثباتِ فعلِ حالِ معروف	مے پرورد ہمے پرورد	مے پرورند ہمے پرورند	مے پروری ہمے پروری	مے پرورید ہمے پرورید	مے پرورم ہمے پرورم	مے پروریم ہمے پروریم
ترجمہ	وہ پالتا ہے	وہ پالتے ہیں	تو پالتا ہے	تم پالتے ہو	میں پالتا ہوں	ہم پالتے ہیں
نفیِ فعلِ حالِ معروف	نمے پرورد	نمے پرورند	نمے پروری	نمے پرورید	نمے پرورم	نمے پروریم
ترجمہ	وہ نہیں پالتا ہے	وہ نہیں پالتے ہیں	تو نہیں پالتا ہے	تم نہیں پالتے ہو	میں نہیں پالتا ہوں	ہم نہیں پالتے ہیں
اثباتِ فعلِ حالِ مجہول	پرورده مے شود	پرورده مے شوند	پرورده مے شوی	پرورده مے شوید	پرورده مے شوم	پرورده مے شویم
ترجمہ	وہ پالا جاتا ہے	وہ پالے جاتے ہیں	تو پالا جاتا ہے	تم پالے جاتے ہو	میں پالا جاتا ہوں	ہم پالے جاتے ہیں
نفیِ فعلِ حالِ مجہول	پرورده نمے شود	پرورده نمے شوند	پرورده نمے شوی	پرورده نمے شوید	پرورده نمے شوم	پرورده نمے شویم
ترجمہ	وہ نہیں پالا جاتا ہے	وہ نہیں پالے جاتے ہیں	تو نہیں پالا جاتا ہے	تم نہیں پالے جاتے ہو	میں نہیں پالا جاتا ہوں	ہم نہیں پالے جاتے ہیں

جدولِ گردانہائے فعلِ مضارع و فعلِ حال و امر و نہی

نامِ گردان	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	متکلم مع الغیر
اِثباتِ فعلِ مضارع معروف	پرورد	پرورند	پروری	پرورید	پرورم	پروریم
	بپرورد	بپرورند	بپروری	بپرورید	بپرورم	بپروریم
ترجمہ	وُہ پالے	وُہ پالیں	تُو پالے	تُم پالو	مَیں پالوں	ہم پالیں
نفیِ فعلِ مضارع معروف	نہ پرورد	نہ پرورند	نہ پروری	نہ پرورید	نہ پرورم	نہ پروریم
ترجمہ	وُہ نہ پالے	وُہ نہ پالیں	تُو نہ پالے	تُم نہ پالو	مَیں نہ پالوں	ہم نہ پالیں
اِثباتِ فعلِ مضارع مجہول	پرورده شوَد	پرورده شوَند	پرورده شوی	پرورده شوید	پرورده شوَم	پرورده شویم
ترجمہ	وُہ پالا جائے	وُہ پالے جائیں	تُو پالا جائے	تُم پالے جاؤ	مَیں پالا جاؤں	ہم پالے جائیں
نفیِ فعلِ مضارع مجہول	نہ پرورده شوَد پرورده نشوَد	نہ پرورده شوَند	نہ پرورده شوی	نہ پرورده شوید	نہ پرورده شوَم	نہ پرورده شویم
ترجمہ	وُہ نہ پالا جائے	وُہ نہ پالے جائیں	تُو نہ پالا جائے	تُم نہ پالے جاؤ	مَیں نہ پالا جاؤں	ہم نہ پالے جائیں

یا پژوژده مے شوُد +

اَمرِ حاضِر مُضارِع حاضِر سے بنتا ہے۔جب مُضارِع حاضِر سے آخِر کا حرف اَور اُس کے ماقبل کی حرکت دُور کروگے۔تو اَمرِ حاضِر بن جائیگا۔جیسے پروری۔بپروری اَور پژوژده شوی سے پرور۔بپرور اَور پژوژده شو +

اِسی طرح سے زئی اَور بزئی سے زن بزن +

فِعلِ اَمر کے صِرف دو صیغے واحِد حاضِر اَور جمع حاضِر کے اکثر اِستعمال میں آتے ہیں۔بعض اَوقات غائب پر بھی حکم کیا جاتا ہے۔اُس وقت مُضارِع واحِد غائب کے صیغے پر لفظِ ب زیادہ کیا جاتا ہے۔جیسے بروَد اَور بروَند۔کبھی کبھی باید کہ۔لازم کہ۔مُناسِب کہ مُضارِع مُثبت کے صیغوں پر لگا کر فِعلِ اَمر بنا لیا کرتے ہیں۔جیسے باید کہ روَد اَور لازم کہ داند +

فِعلِ نہی۔اِس فِعل کے بھی عموماً دو صیغے واحِد حاضِر اَور جمع حاضِر کے مُستعمل ہیں۔یہ اَمر سے بنتا ہے معرُوف معرُوف سے اَور مجہُول مجہُول سے اِس طرح کے فِعلِ اَمر واحِد حاضِر پر میم مفتوح نہی کا لگا دیتے ہیں۔جیسے مپرور اَور مپرورید اَور پژوژده مشو اَور پژوژده مشوید نہی واحِد غائب اَور جمع غائب بعینہٖ فِعلِ مُضارِع معرُوف اَور مجہُول نفی کے صیغے ہوتے ہیں۔بعض وقت فِعلِ مُضارِع منفی پر باید کہ۔لازم کہ اَور مُناسِب کہ لگا کر نہی بنا لیا کرتے ہیں +

مصدر	معنیٔ مصدر	مضارع	مصدر	معنیٔ مصدر	مضارع
قطره زدن	جلدی کرنا	قطره زند	سپوختن	زور سے داخل کرنا اور نکالنا	سپوزد
اِشپردن	پامال کرنا	اِشپرد	مانستن	مانند ہونا	ماند
افسائیدن	منتر پڑھنا	افساید	موئیدن	نوحہ کرنا	موید
آوباردن آوباریدن	بغیر چبانے کے نگل جانا	آوبارد	یازیدن	بڑھنا قصد کرنا	یازد

مُضارِعِ مجہول بنانے کا آسان قاعدہ یہ ہے۔ کہ جس مصدر سے مُضارِع مجہول بنانا ہو۔ اُس کے ماضی مُطلق کے بعد ہاے لگا کر شُدن مصدر کے مُضارِع کا وُہی صِیغہ جو بنانا مطلُوب ہے۔ لگا دو۔ جیسے پژوژدن مصدر سے مُضارِعِ مجہول کے صِیغے یہ ہونگے۔ پژوژده شود۔ پژوژده شوند۔ پژوژده شوی۔ پژوژده شوید۔ پژوژده شوم۔ پژوژده شویم۔ گردانیں آگے لکھی جائینگی ✦

فائدہ۔ جس طرح باےِ مُوحّدہ زائد ماضی پر آتی ہے۔ اُسی طرح اور اُنہی حرکتوں سے مُضارِع پر بھی آتی ہے۔ جیسے بپژورد۔ بچیند۔ بگوید ✦

فعلِ حال بنانا چاہو۔ تو فعلِ مُضارِع کے اُوپر لفظِ مے یا ہمے زیادہ کرو۔ جیسے مے پژورد فعلِ حالِ معرُوف ہے۔ اور اگر فعلِ حال مجہول بنانا چاہو۔ تو مُضارِعِ مجہول کے پہلے لفظ مے یا ہمے لگا دو۔ جیسے مے پژوژده شود

مصدر	معنیٔ مصدر	مضارع
آتش پختن	تدبیر کرنا	آتش پزد
در افتادن	بحث کرنا	در افتد
در بر آوردن	بند کرنا	در بر آورد
بازی خوردن	فریب کھانا	بازی خورد
بار افگندن	فروکش ہونا	بار افگند
بجاں آمدن	عاجز ہونا	بجاں آید
بر سر آمدن	غالب ہونا	بر سر آید
بار بستن اور بنہ بستن	سفر کرنا	بار بندد اور بنہ بندد
پوست کندن	عیب بیان کرنا	پوست کند
پہلو نہادن	لیٹنا	پہلو نہد
تن زدن	چپ ہونا	تن زند
حرف زدن	بولنا	حرف زند
خط کشیدن	محو کرنا رکھنا	خط کشد

مصدر	معنیٔ مصدر	مضارع
در خوردن	ملنا	در خورد
در گرفتن	اثر کرنا موافق آنا	در گیرد
دست شستن	نا امید ہونا	دست شوید
دست دادن	میسّر ہونا	دست دہد
دست یافتن	غالب ہونا	دست یابد
رخت افگندن	اترنا ٹھیرنا	رخت افگند
رو ساختن	شرمندہ ہونا	رو سازد
رو فگندن	عاجزی کرنا	رو فگند
زباں دادن	وعدہ دینا	زباں دہد
سر کردن	شروع کرنا	سر کند
طرف گرفتن	حمایت کرنا	طرف گیرد
طرح انداختن	بنیاد ڈالنا	طرح اندازد
علم شدن	ظاہر ہونا	علم شود

مصدر	معنئ مصدر	مضارع
خلیسیدن	بھیگنا	خلیسد
رخیدن	ٹیڑھا ہونا	رخید
در آرئیدن	آواز کرنا	در آید
درفشیدن	چمکنا	درفشد
دلیدن	دلنا	دلد
رزیدن	رنگ کرنا	رزد
ریدن	ہگنا	رید یا ریند
ریشتن	ہگنا	ریسد
زیبیدن	زیب دینا	زیبد
سُرفیدن	کھانسنا	سُرفد
سُنبیدن	سوراخ کرنا	سُنبد
شاشیدن	پیشاب کرنا	شاشد
شکوخیدن	پھسلنا گھوڑے کا گر پڑنا	شکوخد

مصدر	معنئ مصدر	مضارع
شکوہیدن	بزرگی جتانا	شکوہد
شکیبیدن	صبر کرنا	شکیبد
غُرّیدن	شور کرنا	غُرّد
فازیدن	جمائی لینا	فازد
فلخیدن فلخودن	کپاس اوٹنا	فلخد
کاریدن	بونا	کارد
گنجیدن	سمانا	گنجد
ہشتن ہلیدن	چھوڑنا	ہلد
ہازیدن	دیکھنا رونا	ہازد
یارستن	طاقت رکھنا	یارد
آستین افشاندن	رد کرنا آفریں کرنا	آستین افشاند

	یائے تحتانی	آراشتن	آراید
س	ن	شکستن	شکند
	ن و د مہملہ	بستن ۔ پیوستن	بندد ۔ پیوندد
	ز معجمہ	برخاستن	برخیزد
	ل	گسستن	گسلد
خ	ز معجمہ	افروختن ۔ سوختن	افروزد ۔ سوزد
	س مہملہ	شناختن	شناسد
	ش معجمہ	فروختن	فروشد
ن	مسلّم بقید تحریک	راندن	راند
و	ا و ی	فرمودن	فرماید
	مسلّم بقید تحریک	بودن	بود
	ا و ش معجمہ	بودن	باشد
ی	مسلّم بقید تحریک	رسیدن	رسد
	محذوف	کشیدن	کشد

ہیں۔ جیسے خموشیدن سے خموشد۔ حرفوں کے بدلنے کا اور ایک حرف زائد کرنے کا اور مسلّم رکھنے کا اور حذف کرنے کا کوئی قاعدہ کلّیہ نہیں۔ اِسی سبب سے مضارع بنانا مبتدی کو دشوار ہے۔ اور سِوا اِس کے بعض مصدروں کا مضارع آتا ہی نہیں۔ جیسے آغشتن +

اِن حرفوں کے بدل جانے اور اور تغیّرات کی مثالیں اِس جدول سے دریافت کرو۔ جدول یہ ہے :-

وہ حرف جو علامتِ مصدر کے اوّل ہوتا ہے +	وہ حرف یا حروف جن کے ساتھ مصدر کی علامت دُور کرنے کے بعد لفظ کا آخری حرف بدلتا ہے +	مصدر	صیغۂ مضارع
ش معجمہ	ر مہملہ و د مہملہ	گشتن	گردد
	ی و س مہملہ	نوِشتن	نویسد
	ل	ہشتن	ہلد
	مسلّم بعدِ تحریک	کُشتن	کُشد

	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	متکلم مع الغیر
حرفِ علامت	د دالِ مُہملہ ساکن	ند نُونِ ساکن و دالِ مُہملہ مَوقُوف	ی یاۓ تحتانی معرُوف	ید یاۓ مجہُول و دالِ مَوقُوف	م میم ساکن	یم یاۓ مجہُول و میم مَوقُوف
حرکتِ ماقبل حرفِ علامت	فتحہ	فتحہ	کسرہ	کسرہ	فتحہ	کسرہ
مثال پروردن	پرورد	پرورند	پروری	پروید	پرورم	پرویم

جب مصدر کی علامت دُور کرتے ہیں۔ تو جو لفظ باقی رہتا ہے۔ اُس کا آخری حرف اِن گیارہ حرفوں میں سے ایک ہوتا ہے۔ جو اِس فقرے شترقم ازسخُن وَے میں جمع ہیں۔ اور وہ حرف مضارِع واحد غائب بناتے وقت کبھی ایک حرف سے بدلتا ہے۔ جیسے آمدن سے آید دادن سے دِہد۔ اور کبھی دو حرفوں سے۔ جیسے خُفتن سے خُسپد۔ نِوشتن سے نِویسد۔ اور کبھی اُس کے بعد ایک اور حرف زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے چیدن سے چینِد۔ اور کبھی اُس کے آخری حرف کو حرکت دے کر مستقیم رکھتے ہیں۔ جیسے کندن سے کند۔ اور کبھی حذف کرتے

فعلِ مُضارِع وُہ فِعل ہے۔ جو زمانۂ حال اَور مُستقبل دونو کو ظاہِر کرتا ہے۔ تم نے مِفتاحُ الصّرف میں پڑھا ہے۔ کہ یہ فِعل مصدر سے بنایا جاتا ہے۔ یعنی مصدر کی علامت دُور کرکے جو لفظ باقی رہتا ہے۔ اُس کے آخری حرف کو کبھی ایک حرف سے کبھی دو حرفوں سے بدل کر اَور کبھی اِس لفظ کے آخر میں دالِ ساکن لگا کر اَور کبھی اُس کے آخری حرف کو حذف کرکے مُضارِع بناتے ہیں۔ بعض شخص اِس فِعل کو ماضی مُطلق سے بناتے ہیں۔ اصل میں بات ایک ہی ہے۔ کیونکہ مُضارِع بنانے کے وقت وُہ ماضی کے آخر کا حرف بھی دُور کر دیتے ہیں۔ مصدر سے مُضارِع بنانے کے کئی قاعدے ہیں۔ سب سے آسان قاعدہ یہ ہے۔ کہ مصدر کی علامت دُور کرکے جو لفظ باقی رہے۔ اُس کے بعد مُضارِع کا جو صیغہ بنانا ہو۔ اُس کی علامت لگا دو۔ جیسے کندن سے کند۔ جس علامت کے سرے پر یائے تحتانی ہو۔ اُس کے ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں۔ اَور جس علامت کے سرے پر یائے تحتانی نہ ہو۔ اُس کا ماقبل مفتوح کرتے ہیں۔ علامت کے حرُوف اَور فتحہ اَور کسرے کا مقام اِس جدول سے دریافت کرو:—

واحد حاضر	جمع حاضر	واحد مُتکلّم	مُتکلّم مع الغیر
۰	۰	نہ پروردمے	۰
۰	۰	مَیں نہ پالتا	۰
۰	۰	پروردہ شُدمے	۰
۰	۰	مَیں پالا جاتا	۰
۰	۰	نہ پروردہ شُدمے	۰
		پروردہ نہ شُدمے	۰
۰	۰	مَیں نہ پالا جاتا	۰
خواہی پرورد	خواہید پرورد	خواہم پرورد	خواہیم پرورد
تُو پالیگا	تُم پالوگے	مَیں پالوُنگا	ہم پالینگے
نخواہی پرورد	نخواہید پرورد	نخواہم پرورد	نخواہیم پرورد
تُو نہ پالیگا	تُم نہ پالوگے	مَیں نہ پالوُنگا	ہم نہ پالینگے
پروردہ خواہی شُد	پروردہ خواہید شُد	پروردہ خواہم شُد	پروردہ خواہیم شُد
تُو پالا جائیگا	تُم پالے جاؤگے	مَیں پالا جاؤنگا	ہم پالے جائینگے
نہ پروردہ خواہی شُد	نہ پروردہ خواہید شُد	نہ پروردہ خواہم شُد	نہ پروردہ خواہیم شُد
تُو نہیں پالا جائیگا	تُم نہیں پالے جاؤگے	مَیں نہیں پالا جاؤنگا	ہم نہیں پالے جائینگے

نام گردان	واحد غائب	جمع غائب
نفی فعل ماضی تمنّی معروف	نہ پروردے	نہ پروردندے
ترجمہ	وہ نہ پالتا	وہ نہ پالتے
اثبات فعل ماضی تمنّی مجہول	پرورده شدے	پرورده شدندے
ترجمہ	وہ پالا جاتا	وہ پالے جاتے
نفی فعل ماضی تمنّی مجہول	نہ پرورده شدے	نہ پرورده شدندے
	پرورده نہ شدے	پرورده نہ شدندے
ترجمہ	وہ نہ پالا جاتا	وہ نہ پالے جاتے
اثبات فعل مستقبل معروف	خواہد پرورد	خواہند پرورد
ترجمہ	وہ پالیگا	وہ پالینگے
نفی فعل مستقبل معروف	نخواہد پرورد	نخواہند پرورد
ترجمہ	وہ نہ پالیگا	وہ نہ پالینگے
اثبات فعل مستقبل مجہول	پرورده خواہد شد	پرورده خواہند شد
ترجمہ	وہ پالا جائیگا	وہ پالے جائینگے
نفی فعل مستقبل مجہول	نہ پرورده خواہد شد	نہ پرورده خواہند شد
ترجمہ	وہ نہیں پالا جائیگا	وہ نہیں پالے جائینگے

واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	متکلم مع الغیر
پرورده می شدی	پرورده می شدید	پرورده می شدم	پرورده می شدیم
می پرورده شدی	می پرورده شدید	می پرورده شدم	می پرورده شدیم
تو پالا جاتا تھا	تم پالے جاتے تھے	میں پالا جاتا تھا	ہم پالے جاتے تھے
نہ پرورده می شدی	نہ پرورده می شدید	نہ پرورده می شدم	نہ پرورده می شدیم
نمی پرورده شدی	نمی پرورده شدید	نمی پرورده شدم	نمی پرورده شدیم
تو نہیں پالا جاتا تھا	تم نہیں پالے جاتے تھے	میں نہیں پالا جاتا تھا	ہم نہیں پالے جاتے تھے
پرورده باشی	پرورده باشید	پرورده باشم	پرورده باشیم
تو نے پالا ہوگا	تم نے پالا ہوگا	میں نے پالا ہوگا	ہم نے پالا ہوگا
نہ پرورده باشی	نہ پرورده باشید	نہ پرورده باشم	نہ پرورده باشیم
تو نے نہ پالا ہوگا	تم نے نہ پالا ہوگا	میں نے نہ پالا ہوگا	ہم نے نہ پالا ہوگا
پرورده شده باشی	پرورده شده باشید	پرورده شده باشم	پرورده شده باشیم
تو پالا گیا ہوگا	تم پالے گئے ہوگے	میں پالا گیا ہونگا	ہم پالے گئے ہونگے
نہ پرورده شده باشی	نہ پرورده شده باشید	نہ پرورده شده باشم	نہ پرورده شده باشیم
تو نہ پالا گیا ہوگا	تم نہ پالے گئے ہوگے	میں نہ پالا گیا ہونگا	ہم نہ پالے گئے ہونگے
•	•	پرورده می	•
•	•	میں پالتا	•

نام گردان	واحد غائب	جمع غائب
اِثبات فعلِ ماضی اِستمراری مجہول	پروردہ مے شُد مے پروردہ شُد	پروردہ مے شُدند مے پروردہ شُدند
ترجمہ	وُہ پالا جاتا تھا	وُہ پالے جاتے تھے
نفی فعلِ ماضی اِستمراری مجہول	نہ پروردہ مے شُد نمے پروردہ شُد	نہ پروردہ مے شُدند نمے پروردہ شُدند
ترجمہ	وُہ نہیں پالا جاتا تھا	وُہ نہیں پالے جاتے تھے
اِثبات فعلِ ماضی شکیّہ معرُوف	پروردہ باشد	پروردہ باشند
ترجمہ	اُس نے پالا ہوگا	اُنہوں نے پالا ہوگا
نفی فعلِ ماضی شکیّہ معرُوف	نہ پروردہ باشد	نہ پروردہ باشند
ترجمہ	اُس نے نہ پالا ہوگا	اُنہوں نے نہ پالا ہوگا
اِثبات فعلِ ماضی شکیّہ مجہول	پروردہ شُدہ باشد	پروردہ شُدہ باشند
ترجمہ	وُہ پالا گیا ہوگا	وُہ پالے گئے ہونگے
نفی فعلِ ماضی شکیّہ مجہول	نہ پروردہ شُدہ باشد	نہ پروردہ شُدہ باشند
ترجمہ	وُہ نہ پالا گیا ہوگا	وُہ نہ پالے گئے ہونگے
اِثبات فعلِ ماضی تمنّی معرُوف	پروردے	پروردندے
ترجمہ	وُہ پالتا	وُہ پالتے

واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	متکلم مع الغیر
نہ پروَرده شُدستی	نہ پروَرده شُدستید	نہ پروَرده شُدستم	نہ پروَرده شُدستیم
نہ پروَرده شُدۂ	نہ پروَرده شُده اید	نہ پروَرده شُده ام	نہ پروَرده شُده ایم
تُو نہیں پالا گیا ہے	تم نہیں پالے گئے ہو	مَیں نہیں پالا گیا ہُوں	ہم نہیں پالے گئے ہیں
پروَرده بُودی	پروَرده بُودید	پروَرده بُودم	پروَرده بُودیم
تُو نے پالا تھا	تم نے پالا تھا	مَیں نے پالا تھا	ہم نے پالا تھا
نہ پروَرده بُودی	نہ پروَرده بُودید	نہ پروَرده بُودم	نہ پروَرده بُودیم
تُو نے نہیں پالا تھا	تم نے نہیں پالا تھا	میں نے نہیں پالا تھا	ہم نے نہیں پالا تھا
پروَرده شُده بُودی	پروَرده شُده بُودید	پروَرده شُده بُودم	پروَرده شُده بُودیم
تُو پالا گیا تھا	تم پالے گئے تھے	مَیں پالا گیا تھا	ہم پالے گئے تھے
نہ پروَرده شُده بُودی	نہ پروَرده شُده بُودید	نہ پروَرده شُده بُودم	نہ پروَرده شُده بُودیم
تُو نہیں پالا گیا تھا	تم نہیں پالے گئے تھے	مَیں نہیں پالا گیا تھا	ہم نہیں پالے گئے تھے
مے پروَردی	مے پروَردید	مے پروَردم	مے پروَردیم
ہمے پروَردی	ہمے پروَردید	ہمے پروَردم	ہمے پروَردیم
تُو پالتا تھا	تم پالتے تھے	مَیں پالتا تھا	ہم پالتے تھے
نمے پروَردی	نمے پروَردید	نمے پروَردم	نمے پروَردیم
تُو نہیں پالتا تھا	تم نہیں پالتے تھے	مَیں نہیں پالتا تھا	ہم نہیں پالتے تھے

نام گردان	واحد غائب	جمع غائب
نفی فعل ماضی قریب مجہول	نہ پروردہ شُدہ است	نہ پروردہ شُدہ اند
	نہ پروردہ شُدہ	نہ پروردہ شُدہ اند
ترجمہ	وُہ نہیں پالا گیا ہے	وُہ نہیں پالے گئے ہیں
اثبات فعل ماضی بعید معروف	پروردہ بُود	پروردہ بُودند
ترجمہ	اُس نے پالا تھا	اُنہوں نے پالا تھا
نفی فعل ماضی بعید معروف	نہ پروردہ بُود	نہ پروردہ بُودند
ترجمہ	اُس نے نہیں پالا تھا	اُنہوں نے نہیں پالا تھا
اثبات فعل ماضی بعید مجہول	پروردہ شُدہ بُود	پروردہ شُدہ بُودند
ترجمہ	وُہ پالا گیا تھا	وُہ پالے گئے تھے
نفی فعل ماضی بعید مجہول	نہ پروردہ شُدہ بُود	نہ پروردہ شُدہ بُودند
ترجمہ	وُہ نہیں پالا گیا تھا	وُہ نہیں پالے گئے تھے
اثبات فعل ماضی استمراری معروف	مے پرورد	مے پروردند
	ہمے پرورد	ہمے پروردند
ترجمہ	وُہ پالتا تھا	وُہ پالتے تھے
نفی فعل ماضی استمراری معروف	نمے پرورد	نمے پروردند
ترجمہ	وُہ نہیں پالتا تھا	وُہ نہیں پالتے تھے

واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	متکلم مع الغیر
پروردی	پروردید	پروردم	پروردیم
تو نے پالا	تم نے پالا	میں نے پالا	ہم نے پالا
نہ پروردی	نہ پروردید	نہ پروردم	نہ پروردیم
تو نے نہ پالا	تم نے نہ پالا	میں نے نہ پالا	ہم نے نہ پالا
پرورده شدی	پرورده شدید	پرورده شدم	پرورده شدیم
تو پالا گیا	تم پالے گئے	میں پالا گیا	ہم پالے گئے
نہ پرورده شدی	نہ پرورده شدید	نہ پرورده شدم	نہ پرورده شدیم
تو نہ پالا گیا	تم نہ پالے گئے	میں نہ پالا گیا	ہم نہ پالے گئے
پروردشتی	پروردشتید	پروردشتم	پروردشتیم
پروردهٔ	پرورده اید	پرورده ام	پرورده ایم
تو نے پالا ہے	تم نے پالا ہے	میں نے پالا ہے	ہم نے پالا ہے
نہ پروردشتی	نہ پروردشتید	نہ پروردشتم	نہ پروردشتیم
نہ پروردهٔ	نہ پرورده اید	نہ پرورده ام	نہ پرورده ایم
تو نے نہیں پالا ہے	تم نے نہیں پالا ہے	میں نے نہیں پالا ہے	ہم نے نہیں پالا ہے
پرورده شدشتی	پرورده شدشتید	پرورده شدشتم	پرورده شدشتیم
پرورده شدهٔ	پرورده شده اید	پرورده شده ام	پرورده شده ایم
تو پالا گیا ہے	تم پالے گئے ہو	میں پالا گیا ہوں	ہم پالے گئے ہیں

نام گردان	واحد غائب	جمع غائب
اِثبات فعل ماضی مطلق معروف	پرورد	پروردند
ترجمہ	اُس نے پالا	اُنھوں نے پالا
نفی فعل ماضی مطلق معروف	نہ پرورد	نہ پروردند
ترجمہ	اُس نے نہ پالا	اُنھوں نے نہ پالا
اِثبات فعل ماضی مطلق مجہول	پرورده شُد	پرورده شُدند
ترجمہ	وُہ پالا گیا	وُہ پالے گئے
نفی فعل ماضی مطلق مجہول	نہ پرورده شُد	نہ پرورده شُدند
ترجمہ	وُہ نہ پالا گیا	وُہ نہ پالے گئے
اِثبات فعل ماضی قریب معروف	پروردست	پروردستند
	پرورده	پرورده اند
ترجمہ	اُس نے پالا ہے	اُنھوں نے پالا ہے
نفی فعل ماضی قریب معروف	نہ پروردست	نہ پروردستند
	نہ پرورده	نہ پرورده اند
ترجمہ	اُس نے نہیں پالا ہے	اُنھوں نے نہیں پالا ہے
اِثبات فعل ماضی قریب مجہول	پرورده شُدست	پرورده شُدستند
	پرورده شُده	پرورده شُده اند
ترجمہ	وُہ پالا گیا ہے	وُہ پالے گئے ہیں

نظم

فارسی مصدر سے فارسی فعلوں کے بنانے کے قاعدے

فارسی مصدر کا جانو یہ نشاں
آخر اُس کے تن ہے یا دن میری جاں
فارسی مصدر سے پہلے تُو بنا
ماضیٔ مُطلق میں دیتا ہُوں بتا
آخرِ مصدر سے نُوں کو تُو اُٹھا
نُون کے ماقبل کی حرکت مِٹا
ماضیٔ مُطلق کا پایا جب یہ ڈھب
پھر اُسی سے تُو بنا افعال سب
آخر اُس کے س ت لا اَے حبیب
یا فقط ہ تا کہ ہو ماضی قریب
بُود لا آخر کو پڑھ ماضی بعید
شکّیہ ہوتی ہے باشد سے پدید
ماضی اِستمراری اب لے تُو بنا
مے کو اُس پر یا ہمے اُس پر تُو لا
یاے مجہول اُس کے آخر تُو لگا
صیغۂ ماضی تمنّی کو بنا
خواہد اُس پر لا کے مُستقبل بنا
اُس کو ثابت رکھ تو خواہد کو پھرا

ہیں - تو اگر اِس صیغے کے آخر ہائے مختفی ہو۔ تو الف زیادہ کرتے ہیں۔ جیسے پژوژدہ - پژوژدہ اند - پژوژدۂ - پژوژدہ اید - پژوژدہ اَم - پژوژدہ ایم - ورنہ نہیں +

یاد رہے - کہ فارسی کا رسمِ خط یہ ہے - کہ اگر کلمے کے آخر ہائے مختفی ہو - اَور ی علامت واحد حاضر کی اُس کے ساتھ لگائیں - تو حرفِ ی نہیں لکھتے - ایک ہمزہ ہائے مختفی پر لکھ کر ای پڑھتے ہیں۔ جیسے پژوژدۂ - اگر ماضی کے پہلے الف ہو - تو ب زائد یا نُونِ نفی اُس پر لانے کے وقت وُہ الف ی سے بدل جاتا ہے - جیسے افگند - افگندہ اشت سے - بیفگند - بیفگندہ اشت - اگر یہ الف ممدُودہ ہو - تو ایک الف کو ی سے بدل لیتے ہیں - اَور دُوسرا قائم رہتا ہے - جیسے آموخت سے بیاموخت +

فعلِ مُستقبل بھی ماضی مُطلق سے بنتا ہے - جب لفظِ خواہد ماضی مُطلق کے اُوپر لاؤگے - فعلِ مستقبل بن جائیگا - جیسے پژوژد سے خواہد پژوژد +

فائدہ مُستقبل میں صیغہ ماضی مُطلق کا مُسلّم رہتا ہے - اَور علامتوں کے کلمے خواہد کی دال دُور کرکے آخر میں لگاتے ہیں - جیسے خواہد پژوژد - خواہند پژوژد - خواہی پژوژد - خواہید پژوژد - خواہم پژوژد - خواہیم پژوژد +

مُبتدی کے یاد کرنے کے واسطے یہ قاعدے نظم میں لکھے جاتے ہیں +

پالا اور گیا ✦

اِس ماضی کی گردان نہیں ۔ سِوا اِس کے اَور ماضیوں کی چار چار گردانیں ہیں ۔ پہلی گردان اِثبات معرُوف کی ۔ دُوسری نفی معرُوف کی ۔ تیسری اِثبات مجہُول کی ۔ چوتھی نفی مجہُول کی ✦

ہر ایک گردان میں سِوا ماضی تمنّی کے چھ چھ صیغے ہوتے ہیں ✦ پہلا صیغہ واحد غائب کا ۔ علامت واحد غائب کی لفظ میں ظاہر نہیں ۔ مگر اِس صیغے میں او پوشیدہ ہے ۔ جس کے معنی وُہ یا اُس نے ہیں ۔ جیسے رفت ۔ وُہ گیا ۔ پروَرد ۔ اُس نے پالا ✦ دُوسرا صیغہ جمع غائب کا ہے ۔ علامت اُس کی ند ہے ۔ جیسے پروَردند ۔ اُنھوں نے پالا ✦ تیسرا صیغہ واحد حاضر کا ۔ علامت اُس کی یِ معرُوف ہے ۔ جیسے پروَردی ۔ تُو نے پالا ✦ چوتھا صیغہ جمع حاضر کا ۔ علامت اُس کی ید بیاے مجہُول ہے ۔ جیسے پروَردید ۔ تُم نے پالا ✦ پانچواں صیغہ واحد متکلّم کا ۔ علامت اُس کی م ہے ۔ جیسے پروَردم ۔ مَیں نے پالا ✦ چھٹا صیغہ جمع متکلّم کا ۔ علامت اُس کی یم بیاے مجہُول ہے ۔ جیسے پروَردیم ۔ ہم نے پالا ✦ تُم نے ہر ایک قِسم کی ماضی کا صیغۂ واحد غائب بنانا سمجھ لیا ہے ۔ باقی صیغے بنانے کے لِئے ہر صیغے کی علامتیں سِواے ماضی شکّیّہ اور تمنّی کے ہر واحد غائب کے آخر میں لگا دو ✦

جب یہ علامتوں کے کلمے کسی صیغے سے مُتّصِل ہوتے

اُور مے پژوژدہ شُد یا ہے پژوژدہ شُد +

فائدہ - لفظِ مے اُور ہمے مجھُول میں سرِ کلمہ بھی لانا دُرُست ہے - اُور شُد کے اُوپر بھی - جیسے مے پژوژدہ شُد کو پژوژدہ مے شُد بھی کہتے ہیں - کبھی ماضی اِستمراری کے آخر یاے مجھُول بھی زیادہ کرتے ہیں - اُور کہتے ہیں - مے پژوژدے +

ماضیِ شکیّہ ماضی مُطلق کے آخر فتحہ دے کر ہاے مختفی اُور لفظِ باشد زیادہ کرنے سے بناتے ہیں - جیسے پژوژدہ باشد - پژوژدہ شُدہ باشد +

ماضیِ تمنّی ماضی مُطلق کے آخر یاے مجھُول زیادہ کرنے سے بنایا جاتا ہے - جیسے پژوژدے - پژوژدہ شُدے +

فائدہ - تمنّی کے معنی آرزُو کے ہیں - اگر یہ ماضی اگر کے لفظ کے بعد واقع ہو - تو معنی آرزُو کے حاصل ہوتے ہیں - جیسے زَید اگر پژوژدے - چہ شُدے - زَید اگر پالتا - تو کیا ہوتا - جب اگر کے بعد واقع نہ ہو - تو ماضی اِستمراری کے معنی پائے جائینگے - یہ بات مُحاورے میں ظاہر ہے - اِس ماضی کے صِرف تین صیغے ہوتے ہیں +

ماضیِ معطُوفہ بنانے کے لِئے ماضی مُطلق کے آخر فتحہ دے کر اُور ہاے مختفی لگا کر اُس کے بعد ایک اُور ماضی مُطلق معرُوف کا صیغۂ واحد غائب بیان کرتے ہیں - گویا یہ ہاے مختفی واوِ عطف کے معنی میں ہے - جیسے پژوژدہ رفت - ترجمہ اِس کا پال کر گیا - یعنی

فائدہ - فارسی میں ماضی کے اوپر بائے موحدہ بھی زیادہ کرتے ہیں - معنی میں اِس بے کو کچھ دخل نہیں - فصیح اہلِ زباں اِس بے کو ہمیشہ مکسور پڑھتے ہیں - جیسے گُفت سے بِگُفت - ریخت سے بِریخت - رفت سے بِرفت - مگر جب ماضی کا پہلا حرف مضموم ہو - تو بعض اُسے مضموم پڑھتے ہیں - اور باقی صورتوں میں مکسور - چنانچہ اوپر کی مثالوں میں بِگفت کو بُگُفت کہینگے - اِس ب زائدہ کو اور فعلوں کے پہلے پڑھنے کا بھی یہی قاعدہ ہے +

اِسی طرح سے ماضی مجہول کا صیغۂ واحد غائب مصدرِ مجہول سے بنا لیا گیا ہے - جیسے پروردہ شُدن سے پروردہ شُد - اور نپروردہ شُدن سے نپروردہ شُد +

ماضی قریب اِس طرح بناتے ہیں - کہ ماضی مُطلق کے آخر فتحہ دے کر ہائے مختفی اور لفظِ اَست زیادہ کرتے ہیں - جیسے پرورد سے پروردہ اَست + کبھی ماضی مُطلق واحد غائب کے آخر فتحہ دے کر لفظِ اَست یا فقط ہ لگاتے ہیں - جیسے پرورد اَست اور پروردہ +

ماضی بعید اگر بنانا چاہو - تو ماضی مُطلق کے آخر فتحہ دے کر ہائے مختفی اور لفظِ بُود زیادہ کرو - جیسے پروردہ بُود - اُس نے پالا تھا - پروردہ شُدہ بُود - وُہ پالا گیا تھا +

ماضی اِستمراری ماضی مُطلق کے اوّل لفظِ مے یا ہمے لگانے سے بنتا ہے - جیسے مے پرورد یا ہمے پرورد

منفی یا نفی کہتے ہیں۔جیسے زید عمرو را نہ کشت۔و زید کشتہ نہ شد۔یعنی زید نے عمرو کو مارا نہیں۔اور زید مارا نہ گیا۔اور جس فعل پر نون جس کے معنی نہیں کے ہیں۔نہ ہو۔اُس فعل کو مثبت یا اثبات کہتے ہیں +

پس اس تقریر سے ثابت ہوا۔کہ ہر ایک فعل چار طرح پر ہے +اثبات معروف۔جیسے پرورد۔اُس نے پالا + نفی معروف نہ پرورد۔اُس نے نہ پالا +اثبات مجہول پرورده شد۔وہ پالا گیا + نفی مجہول۔نہ پرورده شد۔ وہ نہ پالا گیا۔اسی طرح سے مصدر بھی چار طرح پر ہے۔ جیسے پروردن۔پالنا۔نہ پروردن۔نہ پالنا۔پرورده شدن۔ پالا جانا۔نہ پرورده شدن۔نہ پالا جانا۔جیسا مصدر ہوگا۔ ویسا ہی فعل اُس سے بنیگا +

تم پہلے پڑھ چکے ہو۔کہ فعل چھ ہیں۔(۱) ماضی۔ (۲) مضارع۔(۳) حال۔(۴) مستقبل۔(۵) امر۔(۶) نہی + ماضی کئی قسم پر ہے۔(۱) ماضی مطلق۔(۲) ماضی قریب۔ (۳) ماضی بعید۔(۴) ماضی استمراری۔(۵) ماضی شکیہ۔ (۶) ماضی تمنی۔(۷) ماضی معطوفہ۔اب ہر ایک ماضی کا صیغۂ واحد غائب بنانا بیان کیا جاتا ہے + ماضی مطلق مصدر سے بنایا جاتا ہے۔جب مصدر کے آخر سے نون اور اُس کے ماقبل کی حرکت دور کریں۔تو ماضی مطلق کا صیغۂ واحد غائب بن جائیگا۔جیسے پروردن سے پرورد اور نہ پروردن سے نہ پرورد اور پرورده شدن سے پرورده شد اور نہ پرورده شدن سے نہ پرورده شد +

اُن کے ماضی مُطلق کے ترجمے میں لفظِ نے نہیں آیا + مگر یاد رکھو - کہ آوردن - بُردن اور رُبودن یہ تینوں مصدر اور اِن کے افعال مُتعدّی ہیں - اگرچہ اِن کے ماضی مُطلق کے اُردُو ترجمے میں لفظِ نے نہیں آتا - جیسے زَید آورد - جس کے معنی ہیں زَید لایا +

جس فِعل کا فاعِل مذکُور ہو - اُس فِعل کو معرُوف یا معلُوم کہتے ہیں - جیسے زَید کُشت عمرو را - یعنی زَید نے عمرِو کو مار ڈالا - کُشت کو فِعلِ معرُوف کہتے ہیں - کیونکہ زَید فاعِل اُس کا مذکُور ہے +

جس فِعل کا فاعِل مذکُور نہ ہو - اُس کو مجہُول کہتے ہیں - جیسے زَید کُشتہ شُد - یعنی زَید مار ڈالا گیا - کیونکہ زَید کا مار ڈالنے والا مذکُور نہیں - اور زَید کو مفعُول مالم یُسمّ فاعِلہٗ اُس فِعل کا کہتے ہیں یعنی ایسا مفعُول کہ جس کے فاعِل کا نام اور نِشان مذکُور نہیں + اور یاد رہے - کہ فِعلِ لازِم مجہُول نہیں ہوتا +

فِعلِ مجہُول کا مصدر - مجہُول فِعلِ معرُوف کے مصدرِ معرُوف سے اِس طرح بناتے ہیں - کہ مصدر کے ماضی مُطلق کے صیغۂ واحِد غائب کے بعد ہ زیادہ کرکے لفظِ شُدن لگاتے ہیں - جیسے کُشتن سے کُشتہ شُدن اور پروردن سے پروردہ شُدن وغیرہ +

اگر فِعلِ معرُوف یا فِعلِ مجہُول کے اُوپر نُونِ مفتُوح جس کے معنی نہیں کے ہیں - لائیں - تو اُس فِعل کو

پس ہر فعل کا فاعل ضرور ہوتا ہے۔ جیسے زید رفت۔ زید گیا۔ رفت فعل۔ زید اُس کا فاعل +

اگر فعل اور فاعل مل کر بات پوری ہو۔ اور فعل فاعل سے نکل کر اور کسی پر نہ پہنچے۔ تو اُس فعل کو لازم کہتے ہیں۔ جیسے زید نشست۔ یعنی زید بیٹھا۔ نشست فعل۔ زید اُس کا فاعل۔ بیٹھنے کا فعل زید پر تمام ہُوا۔ پس نشستن فعل لازم ہے +

اگر فعل اور فاعل مل کر بات پوری نہ ہو۔ اور فعل فاعل سے تجاوز کرکے اور کسی پر واقع ہو۔ تو اُس فعل کو مُتعدّی کہتے ہیں۔ جیسے زید بکر را زد۔ یعنی زید نے بکر کو مارا۔ زد۔ فعل مُتعدّی۔ زید اُس کا فاعل اور بکر مفعول ہے۔ مارنے کا فعل زید سے نکل کر بکر پر واقع ہُوا +

بعض وقت فعل مُتعدّی اور لازم میں تمیز اِس طرح کرتے ہیں۔ کہ جس مصدر کے ماضی مُطلق کے اُردو ترجمے میں لفظ نے آوے۔ اُس مصدر کو اور اُس کے افعال کو مُتعدّی جانو۔ جیسے زید زد۔ زید نے مارا۔ عمرو پرورد۔ عمرو نے پالا۔ پس زدن اور پروردن اور اُن کے افعال مُتعدّی ہیں۔ کیونکہ اُن کے ماضی مُطلق کے ترجمے میں لفظ نے آیا۔ اور جس مصدر کے ماضی مُطلق کے اُردو ترجمے میں لفظ نے نہ آئے۔ اُس مصدر کو اور اُس کے افعال کو لازم سمجھو۔ جیسے زید رفت۔ زید گیا۔ عمرو خُفت۔ عمرو سویا۔ پس رفتن اور خُفتن لازم ہیں۔ کیونکہ

نہیں سمجھے جاتے ۔اَور نہ اُن کے اُردُو ترجمے کے آخر لفظِ نا آتا ہے۔ جَیسے گردن ۔تہمتن وغیرہ +

مصدر سے دو طرح کے کلمے بنتے ہیں۔(۱) وہ جن میں زمانہ پایا جاتا ہے ۔جَیسے گرِیخت۔کردہ اشت۔خواہد دید۔ مے روَد وغیرہ ۔ان کو فِعل کہتے ہیں ۔(۲) وہ کلمے جن میں زمانہ نہیں پایا جاتا ۔مگر مصدر کے معنی اَور مادہ اُن میں موجود ہوتے ہیں ۔اُن کو اِسمِ مشتق کہتے ہیں ۔جَیسے روندہ ۔گُشتہ ۔رفتار +

فائدہ ۔کبھی عربی لفظ سے بھی فارسی کا مصدر بنا لیتے ہیں ۔جَیسے طلبیدن مانگنا ۔بُلانا ۔فہمیدن سمجھنا ۔ اَور رقصیدن ناچنا ۔طلب اَور فہم اَور رقص تینوں عربی لفظوں سے بنا لئے ہیں ۔اِسی طرح کبھی ہندی لفظ سے بھی فارسی مصدر بنا لیتے ہیں ۔ جَیسے چلنے سے چلیدن بنا لیا ہے +

فائدہ ۔کبھی مصدر دو کلموں سے مُرکب ہوتا ہے جَیسے گوش کردن ۔نقش کردن ۔سیر کردن ۔نگاہ داشتن ۔ اُمید داشتن وغیرہ +

فِعل

فِعل کے معنی کیا ہیں ؟ کسی کام کا کرنا ۔اَور جو کام ہے ۔اُس کا کرنے والا بھی ضرور ہوتا ہے ۔اُس کام کے کرنے والے کو فاعل اُس فِعل کا کہتے ہیں ۔

جن اعداد سے افراد کی گنتی معلوم ہوتی ہے۔ اُن کو اِسمِ عدد کہتے ہیں۔ اُن سے فقط یہ ظاہر ہوتا ہے۔ کہ کتنی چیزیں ہیں۔ جیسے ششش خربوزہ۔ ہشت و پنج سال۔ ششش اور ہشت و پنج اِسمِ عدد ہیں۔ خربوزہ اور سال اِسمِ معدود +

جن اعداد سے چیزوں کے شمار کے علاوہ اُن کا درجہ بھی معلوم ہوتا ہے۔ اُن کو صفتِ عددی یا اعدادِ صفتی کہتے ہیں۔ جیسے جماعتِ دہم۔ حکایتِ سیزدہم۔ دہم۔ سیزدہم صفتِ عددی ہیں۔ جماعت اور حکایت اِسمِ معدود ہیں +

اِسمِ عدد اور صفتِ عددی بھی اِسم صفت سمجھے جاتے ہیں +

۴۔ اِسمِ مصدر وُہ اِسمِ نکرہ ہے۔ جو کسی کام یا حالت کا نام ہو۔ اور اُس میں معنی اُس کام کے کرنے یا حالت کے ہونے کے پائے جائیں۔ یا جس اِسمِ نکرہ میں کسی کام کے کرنے یا ہونے یا سہنے کا ذکر بغیر تعلق زمانے کے سمجھا جائے۔ اُس کو اِسمِ مصدر کہتے ہیں۔ اور اُردو ترجمے میں اُس کے آخر لفظِ نا ہو۔ مثلاً گریختن۔ بھاگنا۔ پروردن۔ پالنا۔ کردہ شدن۔ کیا جانا وغیرہ۔ فارسی میں اُس کے آخر دن یا تن ہوتا ہے۔ لیکن چند اِسم فارسی میں ایسے بھی ہیں۔ کہ اُن کے آخر دن یا تن ہے۔ مگر وُہ اِسمِ مصدر نہیں ہیں۔ کیونکہ اُن میں کسی کام کے کرنے یا حالت کے ہونے کے معنی

بعض کے لحاظ سے پائی جائے ۔ مثلاً خوبتر ۔ کمتر وغیرہ ✦
دو چیزوں یا شخصوں میں مقابلہ کرنے کے وقت یہ
صفت استعمال کی جاتی ہے ✦
(۳) تفضیلِ کل ۔ جس کے معنوں میں کمی یا بیشی
کل کے لحاظ سے پائی جائے ۔ جیسے کمترین ۔ بہترین ۔
جب دو سے زیادہ شخصوں یا چیزوں میں مقابلہ کرکے
کسی ایک کو سب پر ترجیح دینا چاہتے ہیں ۔ تو اس
وقت یہ درجہ صفت کا استعمال کرتے ہیں ✦
فارسی میں تفضیلِ بعض اور تفضیلِ کل کے
بنانے کے قاعدے یہ ہیں :۔
تفضیلِ نفسی یا صفتِ محض کے بعد لفظِ تر لگانے سے
تفضیلِ بعض بنتی ہے ۔ جیسے بہاری از گنگا بشن
نیک تر است ۔ برادرم از احمد کمتر روپیہ دارد ۔ ایں اسپ
نسبت باو چابک تر است ۔ اِن فقروں میں نیک تر ۔ کمتر
اور چابک تر تفضیلِ بعض ہیں ۔ جس شخص یا چیز سے
مقابلہ ہوتا ہے ۔ اس کے پہلے لفظِ از اور نسبت یہ
لگاتے ہیں ۔ جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے ✦
(۲) تفضیلِ نفسی کے بعد لفظِ ترین کے لگانے سے
تفضیلِ کل بنتی ہے ۔ جیسے بہترینِ اعمال سخاوت
است ✦
کبھی وصفی معنوں کی زیادتی ظاہر کرنے کے لئے صفت
کے پہلے لفظِ بسیار ۔ بخیلے ۔ خوب ۔ از حد ۔ بغایت
وغیرہ لاتے ہیں ۔ جیسے اسپم خیلے چابک است ✦

(۳) اِسْم کے آخر چہ لگانے سے تصغیر بناتے ہیں۔ اور عموماً یہ لفظ بے جان اِسْم کے بعد لگاتے ہیں۔ جیسے صندوقچہ ۔ اور کبھی چہ کے پہلے ی بھی زیادہ کرتے ہیں ۔ جیسے باغیچہ اور دریچہ +

(۴) کبھی یزہ اور و اور کہ کے لگانے سے تصغیر بناتے ہیں۔ جیسے مشکیزہ ۔ پسرو ۔ مردکہ +

اِسْمِ صَوت ۔ جس اِسْمِ ذات سے جاندار یا بے جان چیزوں کی آوازوں کی نقلیں ظاہر ہوتی ہیں ۔ اس کو اِسْمِ صَوت کہتے ہیں ۔ جیسے کوکو فاختہ یا قمری کی آواز ۔ قلقل صراحی کی آواز +

اِسْمِ آلہ وہ اِسْمِ ذات ہے ۔ جو اوزار کے معنی ظاہر کرے ۔ جیسے بادکش ۔ جاروب ۔ کلید وغیرہ ۔ یہ اِسْم کبھی مشتق کبھی غیر مشتق آتا ہے ۔ اِس کا حال اسمائے مشتق میں لکھا جائیگا +

۲ ۔ اِسْمِ صِفت وہ اِسْمِ نکرہ ہے ۔ جس میں بھلائی یا بُرائی یا کوئی اور وصف پایا جائے ۔ جیسے نیک ۔ بد ۔ سبز ۔ سُرخ وغیرہ ۔ جس اِسْم میں صفتی معنی بطور ثبوت اور قیام کے پائے جائیں ۔ اُس کو اہلِ عرب صفتِ مشبّہ کہتے ہیں ۔ جیسے ۔ جمیل اور حسین +

صفت تین طرح پر آتی ہے ۔ (۱) تفضیلِ نفسی یا صِفتِ محض ۔ جس کے معنی بغیر کمی یا زیادتی کے سمجھے جائیں ۔ جیسے کم ۔ بد ۔ خوش ۔ گرم وغیرہ +

(۲) تفضیلِ بعض ۔ جس کے معنوں میں کمی یا زیادتی

آرام گاہ - آرام کرنے کی جگہ +

(۲) ظرفِ زماں جو وقت ظاہر کرے - جیسے سحرگاہ صُبح کا وقت +

فارسی میں عموماً اِسم ظرفِ مکاں اِسم کے بعد مُندرجۂ ذیل الفاظ لگانے سے بنتا ہے :-

گاہ - جیسے رزم گاہ - خواب گاہ	سرائے - جیسے بُستاں سرائے - ماتم سرائے
خانہ " فیل خانہ - شُتُرخانہ	زار " گُلزار - لالہ زار
دان " قلمدان - پاندان	بار " روذبار - جوئبار
کدہ " آتش کدہ - مَے کدہ	ستاں " گُلِستاں یعنی پھولوں کی جگہ

کبھی اِسم کے بعد لفظِ گاہ لگا کر ظرفِ زماں بھی بنا لیتے ہیں - جیسے سحرگاہ +

اِسمِ ظرف کبھی مُشتق بھی آتا ہے - جیسے دوشہ - دُود دُوہنے کا برتن +

اِسمِ تصغیر وُہ اِسم ذات ہے - جس میں معنی چُھٹائی کے پائے جائیں - جیسے دُخترک - مشکیزہ - یعنی چھوٹی لڑکی اور چھوٹی مشک - یہ اِسم اکثر محبّت و شفقت یا حقارت کے موقع پر بولے جاتے ہیں +

(۱) جس اِسم کے آخر میں ہائے مُختفی نہ ہو - اُس کے آخر ک زیادہ کرتے ہیں - جیسے مرد سے مردک - طفل سے طِفلک - درخت سے درختک +

(۲) جس اِسم کے آخر میں ہائے مُختفی ہو - تو تصغیر بنانے کے وقت وُہ ہاگ سے بدل جاتی ہے - جیسے نامہ سے نامگک +

کے سوا باقی سب اِسم مُشتق ہیں۔ جو مصدر سے بنتے ہیں۔ اور اُن کا حال فعل کی فصل کے بعد بیان کیا جائیگا +

ا۔ اِسمِ ذات۔ جو چیز اپنی ذات میں ایسی خصُوصیّت رکھے۔ کہ اور چیزوں میں الگ پہچانی جائے۔ مگر کوئی وصف اُس سے نہ سمجھا جائے۔ اُس کے نام کو اِسمِ ذات کہتے ہیں۔ جیسے کتاب۔ صندُوق۔ باغ۔ سنگ۔ سگ۔ پرِند وغیرہ +

کبھی اِسمِ ذات جگہ یا وقت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے آرام گاہ۔ خواب گاہ۔ صُبح۔ شام وغیرہ۔ ان کو اِسمِ ظرف کہتے ہیں +

کبھی اِسمِ ذات سے کسی شئے کا چھوٹا ہونا سمجھا جاتا ہے۔ جیسے مردک۔ دُخترک۔ مشکیزہ۔ ان کو اِسمِ تصغیر کہتے ہیں +

کبھی اِسمِ ذات میں آواز کے معنی پائے جاتے ہیں۔ جیسے گُوکُو فاختہ کی آواز۔ قُلقُل صُراحی کی آواز۔ اِن کو اِسمِ صوت کہتے ہیں +

کبھی اِسمِ ذات سے اوزار کے معنی لئے جاتے ہیں جیسے قلم تراش۔ کوبہ۔ اُسترہ۔ اِن کو اِسمِ آلہ کہتے ہیں +

اِسمِ ظرف وُہ اِسمِ ذات ہے۔ جس کے معنی وقت یا جگہ کے ہوں۔ جیسے صُبح۔ شام۔ گُلزار۔ سحرگاہ وغیرہ۔ اِس کی دو قسمیں ہیں:۔

(۱) ظرفِ مکاں جس کے معنی جگہ کے ہیں۔ جیسے

ایسے نام رکھ لیتے ہیں۔ جیسے اَبُو الفضل۔ اَبُو الفیض +
اِسمِ معرفہ کی مُتذکّرۂ بالا قسموں کے سوا اَور قسمیں بھی ہیں۔ جن سے خاص شخص یا شَے تعبیر ہوتی ہے۔ وُہ یہ ہیں :-

(۱) معہُودِ ذِہنی وُہ اِسم ہے۔ جو صرف مُتکلّم اَور مُخاطب کے ذِہن میں مُقرّر ہو۔ جیسے لفظِ دوشت اَور دُشمن وغیرہ سے کوئی خاص شخص مُراد رکھّا جائے۔ جو مُتکلّم اَور مُخاطب کے ذِہن میں ہو +

(۲) معہُودِ خارِجی وُہ اِسم ہے۔ جس کو مُتکلّم اَور مُخاطب کے سوا اَور لوگ بھی جانتے ہوں۔ جیسے غُلام مِصر۔ خلیلُ اللہ۔ جن سے مُراد حضرت یُوسُف اَور حضرت اِبراہیم علیہما السّلام ہیں +

(۳) جب کوئی اِسمِ نکِرہ کسی اَور اِسم سے لگاؤ رکھنے کے باعث خاص معنی ظاہر کرے۔ جیسے غُلام زَید۔ غُلام اِسمِ نکِرہ تھا۔ مگر جب اُس کو زَید کے ساتھ تعلّق دِیا۔ تو ایک خاص غُلام سے مُراد ہوگئی +

اِسمِ نکِرہ کی قسمیں

اِسمِ نکِرہ وُہ اِسم ہے۔ جس سے خاص شَے ظاہر نہیں ہوتی۔ جیسے درخت۔ میز۔ خشت وغیرہ +
اِسمِ نکِرہ کی مشہُور قسمیں یہ ہیں۔ اِسمِ ذات۔ اِسمِ صفت۔ اِسمِ مصدر۔ اِسمِ فاعِل۔ اِسمِ مفعُول اِسمِ حالیّہ۔ اِسمِ حاصِل مصدر۔ پہلے تین اِسموں

اشخاص کے نام کئی طرح ظاہر ہوتے ہیں:۔

(۱) اصلی نام سے جو بزرگوں نے ولادت کے بعد رکھ دیا ہے۔ جیسے محمود۔ تلسی رام +

(۲) ایسے نام سے جو بادشاہ اور امیر کسی خدمت پر خوش ہوکر نوکروں کو عنایت کیا کرتے ہیں۔ ان کو خطاب کہتے ہیں۔ جیسے صفدر جنگ۔ آصف جاہ۔ ستارۂ ہند۔ سردار بہادر۔ خان بہادر اور شمس العلما وغیرہ۔ خطاب کو لقب[1] بھی کہتے ہیں +

(۳) ایسے نام سے جو شاعر لوگ اپنے واسطے اپنی نظم میں رکھ لیا کرتے ہیں۔ اس کو تخلص کہتے ہیں۔ جیسے سعدی تخلص ہے شیخ مصلح الدین شیرازی کا +

(۴) ایسے نام سے جو اصلی نام کے سوا کسی وصف کے سبب مشہور ہو گئے ہوں۔ اُن کو لقب کہتے ہیں۔ جیسے روئیں تن لقب اسفندیار کا +

(۵) ایسے نام سے جو اصلی نام سے مختصر ہوکر ایک چھوٹا سا نام عام لوگوں میں مشہور ہو جائے۔ اس کو عرف کہتے ہیں۔ جیسے کالے خاں سے کلن +

(۶) بعض موقع پر عرب کے لوگ باپ یا ماں کا پتا بھی شامل کر لیتے ہیں۔ اس کو کنیت کہتے ہیں۔ جیسے ابو القاسم۔ ام عمرو۔ کبھی وصف کے لحاظ سے

[1] مگر ان میں اتنا فرق ہے۔ کہ خطاب سے صرف تعریف ظاہر ہوتی ہے۔ لقب سے خواہ تعریف ہو۔ خواہ مذمت۔ اور یہ خود ہی مشہور ہو جاتا ہے +

ہو۔ اِسی طرح آنجا اور آنان +
ہمیں اور ہماں (ہم ایں۔ ہم آں) اشارۂ تاکیدی کے واسطے بولے جاتے ہیں +
فائدہ۔ رُوز۔ شب اور سال کے ساتھ لفظ ایں کو اِم کے ساتھ بدل کر لکھتے ہیں۔ جیسے اِمشب۔ اِمسال۔ جب ایں اور آں کے پہلے ب لگاتے ہیں۔ تو الف کو دال سے بدلتے ہیں۔ جیسے بدیں۔ بداں +
۳۔ اِسم مَوصُول وُہ ناتمام اِسم ہے۔ جس کے آگے ایک اور جُملہ اُس کا بیان واقع ہو۔ وُہ جُملہ صِلہ کہلاتا ہے۔ صلہ اور موصول کے درمیان عمُوماً ایک کاف لایا کرتے ہیں۔ مثلاً شخصے کہ مرا انار دادہ بُود۔ اِمروز در خانہ آمدہ است۔ یہاں شخصے اِسم موصول اور مرا انار دادہ بُود جُملہ صِلہ ہے۔ مَوصُول اور صِلے کے مِلنے سے ایک خاص شخص سے مُراد ہے۔ ہرکہ ہر آنکہ۔ آنکہ۔ آنانکہ۔ آنکس کہ ذوی العُقُول کے واسطے اور ہرچہ۔ ہر آنچہ۔ آنچہ غیر ذوی العُقُول کے واسطے مُقرّر ہیں +
۴۔ اِسم عَلَم وُہ اِسم ہے۔ جو کسی خاص شَے کا نام ہو۔ جیسے احمد۔ روشن لعل۔ انارکلی۔ امرتسر وغیرہ +
واضح ہو۔ کہ اِسم معرفہ میں اِسم ضمیر۔ اِسم اِشارہ اور اِسم مَوصُول بھی شامل ہیں۔ مگر اِسم عَلَم کسی خاص شَے کا نام ہوتا ہے +

رفتہ ام وغیرہ + لفظِ خود اور خویشتن بھی کبھی کبھی ضمیر واحد غائب - واحد حاضر اور واحد متکلم کی جگہ مستعمل ہوتے ہیں - اور تاکید کا فائدہ دیتے ہیں - جیسے خود ایں کار کردہ تو دہی - کبھی لفظِ بندہ بھی ضمیرِ واحد متکلم کی جگہ استعمال کرتے ہیں - جیسے بندہ مے روم +

مرجع عموماً ضمیر سے پہلے لایا کرتے ہیں - اور بعض اوقات مضمون میں شبہ دور کرنے کے لئے یا جس وقت مرجع ضمیر سے دور واقع ہوا ہو - تو اس صورت میں مرجع کو مکرر لاتے ہیں - کبھی ضمیر مرجع سے پہلے آ جاتی ہے - اس وقت اس کو اضمار قبل الذکر کہا کرتے ہیں - جیسے دگر نماند متاعیش در دُکاں نرگس -

اس میں ضمیرِ شین کا مرجع نرگس ہے +

۲ - اسمِ اشارہ وہ اسم ہے - جس سے کسی چیز - شخص یا مقام کی طرف اشارہ کیا جائے - مثلاً ایں مرد - آں اسپ - آں دِہ وغیرہ - جس کی طرف اشارہ کریں - اُسے مشارٌ الیہ کہتے ہیں - قریب کی طرف اشارہ کرنے کے واسطے لفظِ ایں اور بعید شئے کے واسطے لفظِ آں بولتے ہیں - کبھی حاضر شئے کے واسطے لفظِ ایں اور غائب کے واسطے لفظِ آں استعمال کرتے ہیں - جیسے ایں از ما شست - آں کہ در خانہ دیدۂ از زید است +

اسمِ اشارہ کی جمع بھی اسم کی جمع کی طرح بناتے ہیں - جیسے اینہا - یہ اس وقت استعمال کرتے ہیں - جب مشارٌ الیہ بے جان ہو - ایناں جب وہ جاندار

۲۔ ضمائرِ مُتّصِل کا نقشہ

اقسامِ ضمیر	واحد: غائب	واحد: مُخاطب	واحد: مُتکلّم	جمع: غائب	جمع: مُخاطب	جمع: مُتکلّم	مثالیں					
فاعلی	۰	ی	م	ند	ید	یم	آمد	آمدی	آمدم	آمدند	آمدید	آمدیم
مفعولی	ش	ت	م	شان	تان	مان	دادمش	دادمت	دادندم	دادند شان	دادند تان	دادند مان
اِضافی	ش	ت	م	شان	تان	مان	غُلامش	غُلامت	غُلامم	غُلام شان	غلام تان	غُلام مان

نقشۂ نمبر ۲ سے معلُوم ہوگا۔ کہ ضمیرِ مُتّصِل واحد غائب کے لئے کوئی لفظ فارسی میں ظاہر نہیں ہے۔ جیسے کرد اور آمد وغیرہ جن میں ضمیرِ او پوشیدہ ہے۔ اِس ضمیر کو ضمیرِ مُستَتِر کہتے ہیں *

مُتذکرۂ بالا نقشوں سے ظاہر ہے۔ کہ فارسی زبان میں مُنفصِل ضمیریں چھ ہیں۔ اور مُتّصِل دس *

